دیوبندیہ
کے
مجسمی

تحقیق

محمد سلمان شیخ

بسم الله الرحمن الرحیم

فہرست

- اہل حدیث کو مجسمی کہنا بدعتیوں کی پرانی عادت ہے 007
- دیوبندیہ کے مجسمی 014
- سارے فوت شدہ دیوبندی اکابر مجسمی تھے 020
- اللہ کے سارے اعضاء ماننے والے دیوبندی مجسمی مولوی 026
- مجسمی، ابن تیمیہ رحمہ اللہ یا دیوبندی مولوی؟ 035
- بعض دیوبندی مجسمی مولوی 040
- امام ابو حنیفہ اور ان کا بیٹا موجودہ بدعتیوں کے نزدیک مجسمی ہیں 048
- پینتیس سال دارالعلوم دیوبند میں دیوبندی بنانے والا مجسمی مفتی 053
- دیوبندیہ کا مجسمی حکیم الامت 055
- کیا یہ اللہ کو مجسم ثابت کرنا ہے؟ (پارٹ 1) 057
- کیا یہ اللہ کو مجسم ثابت کرنا ہے؟ (پارٹ 2) 061
- اللہ کی صفات کے بارے رافضی اور دیوبندی عقائد (پارٹ 1) 064
- اللہ کی صفات کے بارے رافضی اور دیوبندی عقائد (پارٹ 2) 068
- اللہ کی صفات کے بارے رافضی اور دیوبندی عقائد (پارٹ 3) 072
- اللہ کی صفات کے بارے رافضی اور دیوبندی عقائد (پارٹ 4) 076
- دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 1) 081

▣ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 2) 084
▣ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 3) 089
▣ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 4) 096
▣ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 5) 102
▣ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 6) 106
▣ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 7) 109
▣ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب (پارٹ 8) 111
▣ اللہ بذاتہ عرش پر ہے، اہل سنت و اہل حدیث کا اجماعی مذہب 115
▣ منکرین صفاتِ باری تعالیٰ پر علماء اہل سنت کا زبردست رد 122
▣ اللہ بذاتہ عرش پر ہے، اہل سنت کا مذہب 124
▣ صفات باری تعالیٰ کے ظاہری معنی ہی سلف صالحین کا مذہب ہے 127
▣ صفات کا ظاہری معنی، ابن تیمیہ کا یا تمام سلف صالحین کا مذہب 128
▣ اللہ کی دو آنکھیں ہیں، اہل سنت و اہل حدیث کا مذہب 134
▣ اللہ پاک کے لیے حد کا اثبات 137
▣ اہل حدیث پر بدعتیوں کا طعن اور سلف کے عقائد کا جواب 145
▣ جب وہ مکان ہے اور وہاں اللہ نہیں ہو سکتا، تو دیکھا کیسے؟ 150
▣ سلف صالحین کا عقیدہ اور اہل حدیث کا عقیدہ ایک ہے 155
▣ صفات باری تعالیٰ کا ظاہری معنی سلف صالحین کا مذہب 160
▣ صفات کا ظاہری معنی سلف صالحین کا مذہب ہے 168

▣ صفاتِ باری تعالیٰ اور دیوبندیہ بریلویہ 170
▣ صفات باری تعالیٰ کے بارے امام ابو حنیفہ اور امام ابن تیمیہ کا عقیدہ ایک ہے 175
▣ اللہ کی ذات کو مخلوق پر قیاس کرنے والے دیوبندیہ کا حکم 183
▣ آدم علیہ السلام کی کیا خصوصیت ہے؟ 188
▣ کیا "این اللہ؟" کہنا جائز ہے؟ 191
▣ صفات باری تعالیٰ کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی (پارٹ 1) 200
▣ صفات باری تعالیٰ کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی (پارٹ 2) 206
▣ صفات باری تعالیٰ کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی (پارٹ 3) 210
▣ صفات باری تعالیٰ کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی (پارٹ 4) 213
▣ صفات باری تعالیٰ کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی (پارٹ 5) 216
▣ صفات باری تعالیٰ کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی (پارٹ 6) 223
▣ صفات باری تعالیٰ کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی (پارٹ 7) 228
▣ قرآن مخلوق ہے یا غیر مخلوق 232
▣ علم کلام اور متکلمین کی مذمت، علماء اہل سنت سے 243
▣ متکلمین کا ردو اُبطال 249
▣ عقل پرست، بدعتی فرقے اور اہل سنت 252
▣ قدیم جہمیہ اور عصرِ حاضر کے جہمیہ 258
▣ نزول باری تعالیٰ کے وقت عرش خالی ہوتا ہے؟ جہمیہ دیوبندیہ کے سوال کا جواب 263
▣ صفات باری تعالیٰ کے معاملے میں برحق مسلک 265

▣ سلف صالحین کا مذہب اللہ کے لیے جہت علو ثابت ہے 267
▣ موجود بلا مکاں کا عقیدہ بدعتی فرقے معطلہ کا تھا 274
▣ اصلی حنفیوں کے نزدیک اللہ کی صفات متشابہات نہیں 279
▣ اللہ کی صفات متشابہات نہیں 285
▣ امام ابو حنیفہ اور ان کا بیٹا موجودہ بدعتیوں کے نزدیک مجسمی ہیں 287
▣ دیوبندی اور ملحد کا خدا کے وجود پر مکالمہ 292

❀❀❀

✱ اہل حدیث کو مجسمی کہنا بدعتیوں کی پرانی عادت ہے ✱

اہل حدیث اللہ پاک کی اسماء وصفات پر ایمان رکھتے ہیں جیسے اللہ پاک نے بیان فرمائی ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ اگر اللہ کے استواء، ہاتھ، چہرہ، آنکھیں، ساق کے ماننے سے جسم لازم آتا تو اللہ اور رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم انہیں صراحتاً بیان ہی نہ فرماتے اور اگر بیان فرمادیا تھا تو یہ سمجھا دیتے کہ اس کے حقیقی معنی نہیں لینے بلکہ مجازی معنی یا تاویل کرنی ہے۔

لیکن اللہ پاک نے قرآن میں استواء علی العرش اور اپنے ہاتھوں کا ذکر بار بار کیا ایسے ہی چہرہ، آنکھیں، ساق، قدم، نزول کا ذکر اللہ پاک نے اور رسول پاک نے کیا۔ کیا اللہ کو معلوم نہیں تھا کہ اس سے تجسیم ظاہر ہوتی ہے لیکن پھر بھی اللہ پاک نے نہ رسول پاک نے اس کے معنی بدلنے اور تاویل کرنے کی تعلیم دی، یہ دلیل ہے کہ انہیں حقیقی معنوں میں سمجھا جائے گا اور اللہ کی مثل کوئی چیز نہیں یہ کہہ کر اور کیفیت بیان نہ کر کے تجسیم کی نفی کی جائے گی۔

❀ امام ابوالحسن اشعری متوفی 330ھ اہل سنت و اہل حدیث ایک ہی گروہ قرار دیتے ہوئے ان کا عقیدہ نقل کرتے ہیں:

"اہل سنت واہل حدیث یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالی جسم نہیں ہے اور وہ کسی چیز کے مشابہ نہیں ہے اور وہ عرش کے اوپر ہے جیسا کہ اللہ پاک نے فرمایا:

رحمٰن عرش پر مستوی ہوا،

ہم اللہ کے سامنے اپنی رائے کو مقدم نہیں کرتے بلکہ کہتے ہیں کہ وہ بلا کیف عرش پر استواء کیے ہوئے ہے، اور اللہ تعالی نور ہے جیسا کہ اس نے فرمایا:

اللہ تعالی نور ہے زمین وآسمانوں کا،

اور اس کے لیے چہرہ ثابت ہے جیسا کہ فرمایا:

تیرے رب کا عزت وعظمت والا چہرہ باقی رہے گا،

اوراس کے لیے دو ہاتھ ثابت ہیں، جیسا کہ اللہ پاک نے فرمایا:

آدم علیہ السلام کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا،

اس کے لیے دو آنکھیں بھی ثابت ہیں، جیسا کہ اللہ پاک نے خود فرمایا:

کشتی بناؤ جو ہماری آنکھوں کے سامنے چلتی رہے،

اور قیامت کے دن وہ خود اور فرشتے تشریف لائیں گے، جیسا کہ اللہ پاک نے خود فرمایا:

تیرا رب آئے گا اور فرشتے صف در صف آئیں گے،

اور وہ ہر رات آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے، جیسا کہ حدیث رسول میں بیان ہوا ہے:

اور وہ آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے،

اہل سنت واہل حدیث صرف وہی بات کرتے ہیں جو کتاب اللہ میں پائیں یا رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی احادیث میں پائیں۔"

امام اشعری نے اہل سنت واہل حدیث کا جو عقیدہ لکھا ہے بدعتی فرقے دیوبندیہ و بریلویہ ایسا عقیدہ رکھنے والے کو مجسمیہ کہتے ہیں۔ بدعتیوں کے گندے دماغوں کو اس میں بھی ان صفات کے ماننے سے جسم لازم ہونا نظر آتا ہے، یہ وہ بدعتی ہیں جنہیں اللہ پاک نے گمراہی پر ڈھیل دے رکھی ہے۔

❁ بدعتیوں کی اہل حدیث کے بارے ایسی ہی زبان درازیوں کا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

"(ان بدعتیوں نے) اہل حدیث پر بڑی زبان درازی کی ہے اور ان کا نام مجسمہ ومشبہہ رکھا ہے، (بدعتی) کہتے ہیں کہ یہ لوگ (اہل حدیث) تجسیم کو چھپاتے تھے۔ مجھ (شاہ ولی اللہ) کو خوب صاف ظاہر ہو گیا ہے کہ ان کی زبان درازی محض بے معنی ہے۔ اپنے قول میں ان لوگوں نے درایۃً خطاء کی ہے آئمہ ہدایت کی نسبت ان کا طعن بے جا ہے۔"

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے کلام سے معلوم ہوا کہ بدعتی فرقے جو اہل حدیث پر صفات باری تعالی کے حقیقی معنی لینے پر جو زبان درازی کرتے ہیں اور ان کو مجسمی اور مشبہہ کہتے ہیں اس پر وہ ہر لحاظ سے خطاکار ہیں اور سیدھے

راستے سے ہٹ چکے ہیں اہل حدیث جو ہدایت پر ہیں ان کے بارے ان بدعتیوں کی اس بہتان تراشی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

❁ امام ابن البناء حنبلی رحمہ اللہ متوفی 471ھ فرماتے ہیں:

"مشبہ و مجسمیہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالی کی صفات کو مخلوق کی طرح قرار دیتے ہیں، یہ لوگ کافر ہیں۔

❁ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

مشبہہ فرقے کا قول یہ ہے کہ اللہ تعالی کے ہاتھ ہمارے ہاتھوں کی طرح ہیں اور اس کی آنکھیں ہماری آنکھوں کی طرح ہیں، جو لوگ یہ بات کرتے ہیں انہوں نے اللہ تعالی کو مخلوق سے مشابہ قرار دیا ہے حالانکہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے:

اس کی مثل کوئی چیز نہیں وہ سننے اور دیکھنے والا ہے،

مشبہہ گروہ کی وجہ سے بدعتی ملحدوں نے اہل سنت و اہل حدیث پر اعتراض کرنے کا طریقہ ڈھونڈ لیا ہے اور ان پر تشبیہ اور تجسیم کا الزام لگایا ہے حالانکہ یہ محض جھوٹ اور بہتان ہے، اور دروغ گوئی اور سرکشی ہے۔"


موجودہ دور کے بدعتی دیوبندیہ بریلویہ نے اہل سنت و اہل حدیث پر تجسیم و تشبیہ کے الزامات لگائیں ہیں اور یہ اہل حدیث کو مجسمی کہتے ہیں، امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ الزام لگانے والے لوگ ملحد اور بدعتی ہیں جو جھوٹ بولتے اور بہتان لگاتے ہیں۔

❁ پیر عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

جہمیہ اور انصار یہ اہل سنت کو مشبہہ کہتے ہیں، کیونکہ یہ اللہ تعالی کے لیے علم قدرت اور زندگی جیسی صفات ثابت کرتے ہیں، جبکہ اس ناجی گروہ کا نام اہل حدیث و اہل سنت ہے۔"

ان تفصیلات سے معلوم ہوا کہ اہل حدیث کو مجسمی اور مشبہہ کہنا بدعتیوں کی پرانی عادت ہے جو آج تک بدعتی فرقوں میں چلی آرہی ہے جیسا کہ موجودہ دور کے بدعتی دیوبندیہ اور بریلویہ بھی اہل حدیث کو مجسمی کہتے ہیں۔

اہل حدیث کو ان القابات سے نوازنا ہی ان فرقوں کے بدعتی ہونے کی دلیل ہے جیسا کہ پیر عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کے بیان سے ظاہر ہے۔





حجۃ اللہ البالغۃ اردو ۱۲۳

شنوائی اور بینائی کی صفت بھی گوشت اور آنکھ کی محتاج ہے۔ واللہ اعلم۔ ان خوض کرنے والوں نے اہل حدیث پر بڑی زبان درازی کی ہے اور ان کا نام مجسمہ اور مشبہ رکھا ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ لوگ تجسیم کو چھپاتے تھے اب کو خوب صاف ظاہر ہوگیا ہے کہ ان کی زبان درازی محض بے معنی ہے اپنے قول میں انہوں نے اور اپنے خطا کی ہے آئمہ ہدایت کی نسبت ان کا طعن بے جا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ متشابہات میں دو مقام ہیں ۱۔ یہ کہ خدا تعالیٰ کے لئے یہ صفات کس طرح ثابت ہوتے ہیں۔ [illegible] شنوائی بینائی اور کلام وغیرہ کی حقیقت کیا ہے۔ بادی الرائے میں جو ان الفاظ سے معنے سمجھے جاتے ہیں وہ خدا کی شان کے مناسب نہیں ہیں۔ اس مرتبے کے متعلق آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ ارشاد نہیں فرمایا ہے بلکہ اس میں بحث و گفتگو کرنے سے اپنی امت کو روک دیا ہے۔ اس لئے کسی کی تاب نہیں ہے کہ جس چیز کو آپ نے منع فرمادیا ہے اس کا اقدام کرے اور دوسرا مقام یہ ہے کہ ایسی صفات کون سی ہیں جن کو ہم شرع کی کی اجازت سے خدا کے لئے ثابت کرسکیں اور ایسی کون سی ہیں جن کا اطلاق خدا کے لئے درست نہیں ہے۔ اس کے متعلق حق یہ ہے کہ خدا کی صفات اور اسماء توقیفی ہیں۔ یعنی ہم کو وہ قواعد معلوم ہیں جن کو شرع نے صفات الٰہی کے بیان کرنے کے لئے معیار قرار دیا ہے۔ اس کو ہم کتاب کے شروع میں تحریر کرچکے ہیں لیکن اکثر لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ اگر صفات میں خوض کرنے کی ان کو اجازت دے دی جائے تو وہ خود بھی گمراہ ہو جائیں اور دوں کو بھی گمراہ کردیں۔ اور بہت سی صفات بھی ایسی ہیں کہ ان کے ساتھ خداتعالیٰ کو موصوف کرنا اصل میں جائز ہے۔ لیکن کفار کے بعض فرقوں نے ان کا بے جا استعمال کیا ہے۔ یہ استعمال ان میں شائع تھا۔ اس لئے اس فساد کے دور کرنے کو شرع نے ان صفات کے استعمال سے منع کردیا ہے اور بعض صفات ایسی ہیں کہ اگر ان کو ظاہری معنی میں استعمال کریں تو خلاف مقصود کا وہم پیدا کرتا ہے۔ اس واسطے ان صفات کے استعمال سے بھی احتراز چاہیئے اسی حکمت سے شرع نے اوصاف کو توقیفی قرار دیا ہے۔ اور اپنی رائے سے ان میں خوض کرنے کو ناجائز ٹھیرایا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ ضحک فرحت بشاشی کا استعمال کرنا خدا کی شان میں جائز ہے اور اگر یہ خوف وغیرہ کا استعمال درست نہیں ہے۔ اگرچہ ان دونوں قسموں کا ماخذ قریب قریب ہے اور یہ مسئلہ جیسا کہ ہم نے اس کی تحقیق کر دی عقل اور نقل سے مؤید ہے اس کے آس پاس باطل کو گزر نہیں ہے۔ لوگوں کے اقوال اور مذاہب کے باطل کرنے کا یہ موقع بھی نہیں ہے۔ بلکہ اور موقع میں ان کا ابطال کیا جاتا ہے۔ ہم ان الفاظ متشابہ کی تفسیر اور دوسرے معنے سے بھی کرسکتے ہیں۔ جو بہ نسبت ان علماء کے معنے کے زیادہ قریب الفہم اور مناسب ہوں۔ جو معنے انہوں نے ذکر کئے ہیں وہ ابھی تک بالکل متعین نہیں ہوسکے ہیں۔ دلیل عقلی ان پر ہم کو مجبور نہیں کرتی اور دوسرے معنے کے لحاظ سے کہ ان کو ترجیح اور فضیلت بھی نہیں ہے۔ [illegible] مراد الٰہی کے موافق ہیں ذ ان

المختار في أصول السنة

تأليف

الإمام أبي علي الحسن بن أحمد بن عبد الله بن البنا الحنبلي البغدادي

المتوفى سنة ٤٧١ هـ

تحقيق

عبد الرزاق بن عبد المحسن البدر

٥٦ ـ وقد حدثنا بكتاب العرش لابن أبي شيبة عن ابن الصوّاف، وهو يشتمل على عدة أحاديث في العرش ردًّا على الجهمية[1]، وذكر الآجري في كتاب الشريعة من ذلك شيئًا كثيرًا[2].

فصل

٥٧ ـ وأمّا المشبهة والمجسمة فهم الذين يجعلون صفات الله ـ عز وجل ـ مثل صفات المخلوقين وهم كفار.

قال الإمام أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل ﷺ: « المشبهة تقول بصر كبصري، ويد كيدي، ومن قال هذا فقد شبّه الله تعالى بخلقه ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِۦ شَيْءٌ ۖ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْبَصِيرُ﴾ [الشورى ١١][3] »[4].


بن سعد مرفوعًا، ورواه ابن مردويه، وأبو نعيم في دلائل النبوة، وأبو نصر السجزي في الإبانة، والديلمي عن عمر بن عبسة قال: سألت النبي ﷺ عن قوله تعالى: ﴿وَمَا كُنتَ﴾ ما كان النداء وما كانت الرحمة؟ قال: كتاب كتبه الله قبل أن يخلق خلقه بألفي عام ... وذكره بنحوه.


(١) وهو مطبوع بتحقيق محمد بن حمد الحمود على نسخة خطية واحدة، وهي من رواية أبي الفتح محمد بن أحمد بن أبي الفوارس وهو من شيوخ المؤلف عن أبي علي محمد بن أحمد بن الحسن بن الصوّاف عن مؤلفه محمد بن عثمان بن أبي شيبة، فقول المؤلف هنا: « وقد حدثنا » يعني: ابن أبي الفوارس المتقدم في الإسناد الذي قبله.

(٢) انظر: الشريعة (ص: ٢٩٠ وما بعدها).

(٣) هذه الآية الكريمة تعد أصلاً عظيمًا في تقرير معتقد أهل السنة وإبطال ما سواه، قال شيخ الإسلام ابن تيمية ـ: « فطريقتهم [أي أهل السنة] تتضمن إثبات الأسماء والصفات مع نفي مماثلة المخلوقات إثباتًا بلا تشبيه، وتنزيهًا بلا تعطيل كما قال تعالى: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِۦ شَيْءٌ ۖ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْبَصِيرُ﴾ ففي قوله: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِۦ شَيْءٌ﴾ رد للتشبيه والتمثيل، وقوله: ﴿وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْبَصِيرُ﴾ رد ...

وبهم وجد المبتدع الملحد طريقًا على أهل السنة وأصحاب الحديث فأضاف إليهم التشبيه والتجسيم، وهذا كذب وبهتان، وإفك وطغيان، ما أنزل الله به من سلطان، قد نزّه الله سبحانه كتبه القرآن وآثار الرسول ﷺ، الذين هم سرج العباد، ونور البلاد عن مثل هذه المقالة العوراء، والجهالة العمياء، بل يضح عند العقلاء، ويصح عند العلماء أنها من أباطيل الملحدة حين ضاق بهم المخرج، ولم يضح لهم المنهج، ورأوا ما أبدى الله على ألسنتهم من عوراتهم الشنيعة وجهالاتهم الفظيعة ما خالفوا فيه الكتاب والسنة وإجماع الأمة، أرادوا أن يموّهوا على العوام ويوهموا بزخرف الكلام ما نزّه الله عنه كل





حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بلانے والا ہدایت کی طرف بلائے پھر اس کی اتباع کی جائے تو اسے اتباع کرنے والے کی مثل ثواب ملے گا اور ان کے ثواب سے بھی کچھ کم نہ ہوگا اور جو بلانے والا گمراہی کی طرف بلائے اور اس کی اتباع کی جائے تو اس پر اتباع کرنے والوں جتنا بوجھ ہوگا اور ان کے بوجھ سے بھی کچھ کم نہ ہوگا۔

فرقوں کی تقسیم

تہتر فرقوں کی اصل دس فرقے ہیں۔

۱۔ اہلسنت ۲۔ خوارج ۳۔ شیعہ ۴۔ معتزلہ ۵۔ مرجئہ ۶۔ مشبہ ۷۔ جہمیہ ۸۔ ضراریہ ۹۔ نجاریہ ۱۰۔ کلابیہ۔

اہلسنت ایک جماعت ہے، خوارج پندرہ فرقوں پر مشتمل ہیں، معتزلہ کے چھ فرقے ہیں، مرجئہ بارہ فرقوں میں بٹے ہوئے ہیں، شیعہ کے تیس گروہ ہیں، جہمیہ، نجاریہ، ضراریہ اور کلابیہ ایک ایک گروہ ہیں، مشبہ کے تین فرقے ہیں پس یہ کل تہتر فرقے ہیں۔ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے۔

اہل سنت وجماعت


نجات پانے والی جماعت، اہل سنت وجماعت ہیں اور ان کا مذہب وعقیدہ اس سے پہلے بیان کر دیا گیا ہے ان کو نجات پانے والا گروہ کہا جاتا ہے۔

قدریہ اور معتزلہ اس ناجی جماعت کو مجبرہ کہتے ہیں کیونکہ اس جماعت کا عقیدہ ہے کہ تمام مخلوقات اللہ تعالیٰ کی مشیئت، قدرت، ارادے اور تخلیق سے وجود میں آئی ہے۔ مرجئہ، اہل سنت کو شکاکیہ کے نام سے یاد کرتے ہیں کیونکہ یہ ایمان میں استثناء کرتے ہیں اور ان میں سے ایک کہتا ہے میں ان شاء اللہ مومن ہوں؟ اس کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔

رافضیوں نے اس ناجی جماعت کا نام ناصبیہ رکھا ہے کیونکہ اہلسنت وجماعت قوم کی طرف سے امام کی تقرری کرتے ہیں۔ جہمیہ اور نصاریہ اہل سنت کو مشبہ کہتے ہیں کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے لیے علم، قدرت اور زندگی جیسی صفات ثابت کرتے ہیں۔

۲۸ غنیۃ الطالبین اردو

باطنیہ کے نزدیک اس ناجی جماعت کا نام حشویہ ہے، کیونکہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ اور آثار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر عمل پیرا ہوتے ہیں لیکن اس ناجی گروہ کا نام اصحاب حدیث اور اہل سنت ہے جس طرح ہم نے پہلے بیان کیا ہے۔





اصحاب حدیث یا اہل السنۃ کے عقائد

اہل الحدیث یا اہل السنۃ جن چیزوں کو فکر ونظر کا محور کرتے ہیں وہ یہ ہیں،

اللہ، ملائکہ، اللہ کی بھیجی ہوئی کتابیں، اس کے رسول، اور جو حکم بھی اللہ کی طرف سے آیا، یا جو ذخیرۂ احادیث ثقہ راویوں نے آنحضرت ؐ سے روایت کیا اور امت تک پہنچایا، ان سب کی حقانیت کا یہ اقرار کرتے ہیں اور ان میں سے کسی شے کی بھی یہ تردید نہیں کرتے۔

ان کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ اللہ ایک، فرد (یگانہ) اور صمد (بے نیاز) ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ نہ اس کا کوئی بیٹا ہے نہ جورو۔ محمدؐ اللہ کے رسول اور اس کے بندے ہیں۔ جنت برحق ہے۔ جہنم بھی برحق ہے قیامت آ کے رہے گی۔ اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش پائی نہیں جاتی اور یہ کہ اللہ تعالیٰ قبر والوں سے لوگوں کو اٹھا کھڑا کرے گا۔

ان کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ عرش پر ہے جیسا کہ ارشاد باری ہے

الرحمٰن علی العرش استوی (طہٰ: ۵) رحمٰن عرش پر استواء پذیر ہے۔

اس کے دو ہاتھ بھی ہیں۔ کس طرح کے ہیں؟ یہ نہیں معلوم۔ قرآن میں ہے،

خلقت بیدی (ص ۷۵) جس کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا

بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں۔

اس کی دو آنکھیں بھی ہیں۔ مگر کیفیت نہیں معلوم۔ قرآن میں ہے،

تجری باعیننا (قمر) کشتی جو ہماری آنکھوں کے سامنے رواں تھی

یہی نہیں، اس کا چہرہ بھی ہے۔ قرآن ہی میں ہے،

ویبقیٰ وجہ ربك ذوالجلال والاکرام اور آپ کے پروردگار کا چہرہ باقی رہ جائے گا جو کہ عظمت واحسان والا ہے۔ (رحمٰن: ۲۷)

ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات کے بارہ میں معتزلہ و خوارج کی طرح یہ کہنا کہ یہ اللہ کا غیر ہیں جائز نہیں۔

* دیوبندیہ کے مجسمی *

دیوبندیہ جہمیہ کے نزدیک جو اللہ کے ہاتھ، پیر، آنکھیں، چہرہ وغیرہ مانتا ہے وہ مجسمی ہے، کیونکہ ان جاہل بدعتیوں کے نزدیک اس سے مخلوق سے مشابہت ہوتی ہے،اس وجہ سے یہ پھدو قوم اہل حدیث کو مجسمی کہتی نظر آتی ہے،حالانکہ اہل حدیث اللہ کی صفات کااثبات کرتے ہیں تو مخلوق کے مشابہ ہونے کی نفی بھی ساتھ ہی کرتے ہیں یہ کہہ کر کہ "لیس کمثله شی" اللہ کی مثل کوئی شے نہیں۔اس لیے یہ مشابہت تو تب ہو جب اللہ کی صفات کو مخلوق کی صفات کی طرح کہا جائے جب یہ کہا جائے کہ جیسا اس کی شایان شان ہے ویسے ہی اس کے ہاتھ ہیں تو مخلوق سے مشابہت ہو ہی نہیں سکتی۔

❁ یہی بات دیوبندیہ کے اکابرین میں شامل ان کا شیخ الحدیث والتفسیر استاذ العلماء ادریس کاندھلوی دیوبندی صاحب لکھتے ہیں:

"ورنہ فی الواقع انسان کی صفات اللہ تعالی کی صفات کے ساتھ کسی طرح بھی مشابہ نہیں ہو سکتی، محض اسمی مشارکت ہے اور لفظی مناسبت ہے جو بحث سے خارج ہے۔"

ادریس کاندھلوی دیوبندی صاحب کے بیان سے معلوم ہوا کہ انسان کی صفات کی اللہ کی صفات کے ساتھ کسی طرح بھی مشابہ نہیں ہو سکتی محض صفات کے نام اور الفاظ ایک جیسے ہیں۔کاندھلوی دیوبندی صاحب کہہ رہے ہیں انسان اور اللہ کی صفات کی کسی صورت مشابہت نہیں ہو سکتی جبکہ دیوبندیہ جہمیہ اللہ کے ہاتھ اور دیگر ایسی صفات جو مخلوق میں بھی ہیں ماننے سے مخلوق سے تشبیہ دینے بیٹھ جاتے ہیں اسی لیے یہ ایک پھدو اور گئی گزری قوم ہے جن کو اپنے خالق کی بھی معرفت نہیں۔

دیوبندیہ جہمیہ جو اللہ کی وہ صفات جو مخلوق میں بھی ہیں ان کا اثبات کرنے والوں کو مجسمی کہتے عام نظر آتے ہیں، تو میں نے سوچا ان کے کچھ اکابرین کے منہ ان کو دکھادوں جو یہی صفات اللہ کے لیے مانتے رہے ہیں،اس پر ایک پہلے بھی پوسٹ کی تھی یہ دوسری ہے،دیکھتے ہیں یہ جاہل قوم ان کو بھی مجسمی کہتی ہے یا ہمیشہ کی طرح اکابرین کی عبارات کی تاویلوں کی پٹاری کھول کر بیٹھ جاتی ہے،یہ جملہ یاد رکھیں:

﴿ ایک دیوبندی کی زندگی اپنے اکابرین کی عبارات کی لولی لنگڑی تاویلیں کرتے ہی گزر جاتی ہے۔ ﴾

سادہ زبان میں اپنے اکابرین کے گوبر کو حلوہ بناتے ہی گزر جاتی ہے،اس کے باوجود دیوبندی فوت ہو جاتا ہے اور عبارت وہیں کی وہیں رہتی ہے، پھر اگلی دیوبندی نسل آتی ہے اکابرین دیوبند کی عبارات کی تاویلیں کرنے، بس یہ سلسلہ چل رہاہے اور قیامت تک چلتاہی رہناہے،یہی ایک دیوبندی کی زندگی ہے۔

پہلا مجسمی مولوی دیوبندیہ کا حکیم الامت اشرف علی تھانوی ہے،

❁ تھانوی صاحب فرماتے ہیں:

"بہت سے اہل علم یہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیثیں اپنے ظاہر پر رکھی جائیں یعنی یوں کہا جائے کہ اللہ تعالی کے ہاتھ بھی ہیں اور پیر بھی اور آنکھ اور کان سب چیزیں ہیں، مگر ہم ان کی کیفیات سے آگاہ نہیں ہیں.... سلف صالحین و علماء متقدمین کا یہی مذہب تھا۔"

تھانوی دیوبندی صاحب کے مطابق اللہ کے ہاتھ پیر آنکھ کان اور باقی سب چیزیں بھی مانی جائیں اور یہی سلف صالحین کا مذہب تھا، موجودہ دیوبندیہ جہمیہ کے مطابق اللہ کے ہاتھ پیر آنکھ کان ماننا مجسمی ہونا ہے،اس طرح سارے سلف صالحین ان کے نزدیک مجسمی ہیں تبھی انہوں نے سلف صالحین کا مذہب چھوڑ کر بعد کے بدعتیوں کا مذہب اختیار کیا ہے،

دوسرا مجسمی دیوبندی اکابرین میں شامل مولوی عبدالحمید سواتی ہے،

❁ سواتی صاحب فرماتے ہیں:

"ہمیں یہی اعتقاد رکھنا چاہیے کہ خدائے تعالی کے ہاتھ تو ہیں مگر مخلوق کے ہاتھوں کی طرح نہیں بلکہ جس طرح اس کی شان کے لائق ہیں،

بعض روایات میں آتاہے کہ خدائے تعالی کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں،وہاں بائیں کا بھی کوئی تصور نہیں ہے کیونکہ بایاں ہاتھ کمزوری اور عیب کی علامت ہے ہم اس سے استنجاء کرتے ہیں اور نجاست کو دور کرتے ہیں، لہذا اگر بائیں کی نسبت خدائے تعالی کی طرف کی جائے گی تو اس سے عیب ثابت ہوگا جو کہ خدائے تعالی کی شان کے لائق نہیں،

اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں کے علاوہ بعض دیگر "اعضاء" مثلاً چہرہ، پنڈلی، ردا، آزار اور قدم کا ذکر بھی آتا ہے، بعض روایات میں قدم کو دوزخ میں ڈالنے اور پنڈلی کو کھولنے کا ذکر بھی ملتا ہے، اس سلسلے میں حق مسلک یہ ہے کہ یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں...

فرمایا کہ

میں نے آدم علیہ السلام کو اپنے دونوں ہاتھوں سے تخلیق کیا تو دیگر "اعضاء" کی طرح اللہ کے ہاتھ بھی اس کی صفات میں داخل ہیں۔"

عبدالحمید سواتی دیوبندی نے اللہ کے اعضاء گنوادیے ہیں یہ پھر بھی دیوبندیہ جہمیہ کے نزدیک مجسمی نہیں، اور اہل حدیث ان کے نزدیک مجسمی ہیں جنہوں نے کبھی ان صفات کو اللہ کے اعضاء قرار نہیں دیا۔

سواتی صاحب کہتے ہیں کہ اللہ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں اور بایاں ہاتھ اس لیے نہیں ہے کہ اس سے حقیر کام کیے جاتے ہیں، یعنی سواتی دیوبندی صاحب ہاتھوں کو اللہ کے اعضاء ہی مان رہا ہے جن سے کام کیے جاتے ہیں، پھر اللہ کا قدم کو دوزخ میں ڈالنا اور قیامت کے دن پنڈلی ننگی کرنا سب صفات کا اثبات کر رہے ہیں، یہ دیوبندیہ دھرم پر ایٹم بم کا حملہ کیا ہے عبدالحمید سواتی نے، جس سے دیوبندی دھرم کی عمارت زمین بوس ہو گئی ہے۔

تیسرے مجسمی مولوی دیوبندیہ کے امام اہل سنت سرفراز خان صفدر صاحب ہیں،

❀ سرفراز خان صفدر صاحب فرماتے ہیں:

"قیامت کے دن اللہ کے دائیں ہاتھ میں آسمان ہوں گئے اور بائیں ہاتھ میں زمین ہو گی۔"

نوٹ: (عبدالحمید سواتی دیوبندی کے مطابق اللہ کے لیے بایاں ہاتھ ماننے سے اللہ کے لیے عیب ثابت ہو گا جو کہ اللہ کی شان کے لائق نہیں، جبکہ سرفراز خان صفدر دیوبندی صاحب نے اللہ کا بایاں ہاتھ بھی مان لیا ہے اور فرما رہے ہیں کہ قیامت کے دن زمین اللہ کے بائیں ہاتھ میں ہو گی، اب پتہ نہیں یہ عیب ثابت ہو رہا ہے یا نہیں اللہ کے لیے موجودہ دیوبندیہ جہمیہ کے نزدیک، بہر حال لطیفہ یہ ہے کہ یہ مولوی دائیں بائیں ہاتھ مان کر بھی مجسمی نہیں دیوبندیہ جہمیہ کے نزدیک)

سرفراز خان صفدر دیوبندی صاحب مزید فرماتے ہیں:

اللہ کے دو ہاتھ قرآن سے ثابت ہیں (تو جو اللہ کے ہاتھ نہیں مانتا وہ دیوبندی قرآن کا منکر ہے۔)

سرفراز خان صفدر صاحب فرماتے ہیں:

"(سن لو دیوبندیو بدعتیو!) اللہ کے ہاتھ بھی ہیں، اللہ تعالی دیکھتا بھی ہے، سنتا بھی ہے، بولتا بھی ہے، جیسا اس کی شایان شان ہے۔"

تو یہ تھے بعض دیوبندی مجسمی مولوی، جیسا ان صفات کا اثبات جو مخلوق میں بھی ہیں ان دیوبندی مولویوں نے کیا ہے ایسا تو آج تک کسی اہل حدیث عالم نے بھی نہیں کیا، لیکن یہ اکابرین دیوبند پھر بھی مجسمی نہیں، دیوبندیت منافقت کا دوسرا نام ہے۔

اسی لیے ان کو اللہ کی طرف سے یہ سزا ملی ہے دنیا میں اہل حدیث ہوں یا بریلوی ان دونوں پر جو اعتراض بھی دیوبندی کرتا ہے وہی ان کے اکابرین سے نکل آتا ہے اور دیوبندی اپنے اکابرین کی تاویلیں شروع کر دیتا ہے، بس یہی ایک دیوبندی کی زندگی ہے۔

۱۲۹

کا اپنا ارشاد ہے لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ (الشوریٰ-۱۱) اس کی مثل کوئی چیز نہیں
ہے۔ ہم ہر وقت اس کی تسبیح پڑھتے رہتے ہیں اور سبحان اللہ کہتے ہیں تو اس
کا معنی یہی مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہر عیب، نقص، اور مادیت سے
پاک اور منزہ ہے۔ لہٰذا ہمیں یہ اعتقاد رکھنا چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ہاتھ
تو ہیں مگر مخلوق کے ہاتھوں کی طرح نہیں بلکہ جس طرح اس کی شان کے لائق ہیں
ہم انہیں خیال میں لانے سے قاصر ہیں۔ بعض روایات میں آتا ہے کہ خدا تعالیٰ
کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں۔ وہاں بائیں کا بھی کوئی تصور نہیں ہے کیونکہ بایاں
ہاتھ کمزوری اور عیب کی علامت ہے کہ ہم اس سے استنجا کرتے ہیں
اور نجاست کو دور کرتے ہیں۔ لہٰذا اگر بائیں کی نسبت خدا کی طرف کی جائیگی
تو اس سے عیب ثابت ہوگا جو کہ خدا کی شان کے لائق نہیں۔

اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں کے علاوہ بعض دیگر اعضاء مثلاً چہرہ، پنڈلی
پاؤں اور قدم، کا ذکر بھی آتا ہے۔ بعض روایات میں قدم کا دوزخ میں ڈالنے
اور پنڈلی، انگلیوں کا ذکر بھی آتا ہے۔ بعض میں ... مسلک یہ ہے کہ
یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کی صفات میں ہیں ضروری نہیں کہ اللہ کے ہاتھ ہمارے جیسے
ہوتے ہیں۔ یہودیوں نے کہا اللہ کا ہاتھ بخیل ہو گیا ہے مگر اللہ نے فرمایا بَلْ یَدٰهُ
مَبْسُوْطَتٰنِ یُنْفِقُ كَیْفَ یَشَآءُ (المائدہ-۶۴) بلکہ اللہ کے دونوں
ہاتھ کھلے ہیں، مگر وہ اپنی مرضی سے خرچ کرتا ہے جسے چاہے دیتا ہے اور
جسے چاہے روک لیتا ہے۔ یہاں بھی اللہ کے دونوں ہاتھوں کا ذکر ہے۔ اور
آیت زیر درس میں بھی فرمایا کہ میں نے آدم علیہ السلام کو اپنے دونوں ہاتھوں سے
تخلیق کیا تو دیگر اعضاء کی طرح اللہ کے ہاتھ بھی اس کی صفات میں داخل ہیں اور
ویسے ہی ہیں جیسے اس کی شان کے لائق ہے۔

بعض فرماتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں کے مجازی معنی مراد ہیں یعنی اللہ تعالیٰ
کی قدرت اور قوت کے ہاتھ۔ انسان کی تخلیق میں مادیت اور لطافت دونوں

روزانہ درس قرآن


تفسیر

سُورۃ صٓ ——— (مکمل)
سُورۃ الزّمر ——— (مکمل)
سُورۃ المؤمن ——— (مکمل)
سُورۃ حٰمٓ السّجدۃ ——— (مکمل)
سُورۃ الشّوریٰ ——— (مکمل)
سُورۃ الزّخرف ——— (مکمل)
سُورۃ الدّخان ——— (مکمل)
سُورۃ الجاثیۃ ——— (مکمل)
سُورۃ الاحقاف ——— (مکمل)

افادات

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی دام مجدہم


خطیب جامع مسجد نور گوجرانوالہ پاکستان



ذخیرۃ الجنان | ۳۰۶ | الزمر

کرتا ہے؟ تو کہتے ہیں کہ وہ لے شاہ کرتا ہے، علی ہجویری کرتا ہے، فلاں کرتا ہے۔ او ظالمو! ساری چیزوں کا خالق اللہ تعالیٰ کو مان کر یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں اوروں کے سپرد کرتے ہو تم نے رب تعالیٰ کی قدر ہی نہیں کی جیسا کہ قدر کرنے کا حق تھا۔

حدیث پاک میں آتا ہے کہ جوتے کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو رب تعالیٰ سے مانگو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ اور زمین ساری اس کی مٹھی میں ہوگی يَوْمَ الْقِيَامَةِ قیامت والے دن وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ اور سارے آسمان لپیٹے ہوئے ہوں گے دائیں ہاتھ میں۔ دائیں ہاتھ میں آسمان ہوں گے اور بائیں ہاتھ میں زمین ہوگی۔ جو ہاتھ اس کی شان کے لائق ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے دو ہاتھ قرآن سے ثابت ہیں۔ یہودیوں نے کہا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ جکڑ دیئے گئے ہیں۔ فرمایا غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا "یہودیوں کے ہاتھ جکڑ دیئے اور ان پر لعنت کی گئی ہے اس وجہ سے جو انھوں نے کہا بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ [المائدہ: ۶۴] بلکہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں وہ خرچ کرتا ہے جس طرح چاہے۔" اور سورۃ ص آیت نمبر ۷۵ پارہ ۲۳ میں ہے مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ "اے ابلیس! تجھے کس چیز نے روکا اس بات سے کہ تو سجدہ کرتا جس کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا۔" تو اللہ تعالیٰ کے دو ہاتھ تو قرآن سے ثابت ہیں آگے ہم نہیں جانتے کہ وہ کیسے ہیں؟ کسی شے کے ساتھ تشبیہ بھی نہیں دے سکتے کیونکہ اس کا فرمان ہے کہ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ [شوریٰ: ۱۱] "نہیں ہے اس کے مثل کوئی شے۔" اللہ تعالیٰ کے ہاتھ بھی ہیں، اللہ تعالیٰ دیکھتا بھی ہے، سنتا بھی ہے، بولتا بھی ہے مگر ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ بس یہی کہیں گے جو اس کی شان کے لائق ہیں سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ پاک ہے رب تعالیٰ کی



۱۸۹

اور جو شخص ایک نفل ادا کرتا ہے تو اس کو ایک فرض ادا کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ سو اسی بنا پر بعض امراء کی عادت ہے کہ رمضان شریف میں زکوٰۃ ادا کیا کرتے ہیں۔ تاکہ ثواب زیادہ ہو۔ یہ بہت اچھی بات ہے۔

انتہی التقریر فائدہ: فی شرح ابی الطیب وهذا الحدیث وان ضعفه لکن یؤیده ماثبت من فعله فی الصحیحین عن عائشة قال ما رأیته فی شهر اکثر منه صیاما فی شعبان وفی روایة کان یصوم شعبان کله ولا یعارضه حدیث افضل الصیام بعد رمضان شهر الله المحرم وقد تقدم فی الکتاب فی باب صلوٰة اللیل وهو صحیح رواه مسلم ایضا لجواز ان یکون افضل الصیام بعد رمضان عند الاطلاق صیام المحرم وعند قصد تعظیم رمضان صیام شعبان ۱ه ملخصًا زاده الجامع عفی عنه

قوله ان الصدقة لتطفیٔ غضب الرب وتدفع میتة السوء قال الجامع شبه الصدقة بالماء والغضب بالنار ثم اثبت تاثیر الماء فی النار للصدقة فی اطفاء الغضب ووجه التشبیه بین الماء وبین الصدقة قدمر عنقریب فی اواخر کتاب الصلوٰة واماوجه التشبیه بین النار وبین الغضب فهو اشتراک الحرارة بینهما فان النار سبب وجودها الحرارة الظاهرة وسبب وجود الغضب هو الحرارة الباطنة الکائنة فی الانسان وفی شرح ابی الطیب قوله وتدفع میتة السوء بکسر المیم الحالة التی یکون علیها الانسان من الموت والسوء بفتح السین وبضم ۱ه

وفی قوت المغتذی قال العراقی الظاهر ان المراد بها ما استعاذ منه النبی صلی الله علیه وسلم الهدم والتردی والغرق والحرق وان یتخبطه الشیطن عند الموت وان یقتل فی سبیل الله مدبرا ۱ه وفی شرح ابی الطیب قوله مهره بضم المیم ولد الفرس ۱ه

قوله وتصدیق ذلک فی کتاب وهو الذی یقبل التوبة عن عباده ویاخذ الصدقٰت قال العراقی فی هذا تخلیط من بعض الرواة ألم یعلموا ان الله هو یقبل التوبة الایة وقدرویناه فی کتاب الزکوٰة لیوسف القاضی علی الصواب کذا فی قوت المغتذی هذا کله من قوله ان الصدقة الی ههنا من زیادات الجامع قوله وقد قال غیر واحد الخ

مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بہت سے اہل علم یہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیثیں اپنے ظاہر پر رکھی جائیں یعنی یوں کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ بھی ہیں اور پیر بھی اور آنکھ اور کان سب چیزیں ہیں مگر ہم ان کی کیفیات سے آگاہ نہیں ہیں جیسا وہ خدا ہے بے مثل ہے اور جیسا اس کی ذات کا کما حقہ ادراک نہیں ہو سکتا ایسے ہی اس کے صفات کا ادراک بھی محال ہے اور سلف صالحین و علماء حقہ میں کا یہی مذہب تھا اور جہمیہ جو ایک فرقہ اسلامیہ ہے وہ ان سب امور میں تاویل کرتے ہیں۔ مثلاً ید اللہ فوق ایدیھم میں ید سے مراد قوت کہتے ہیں۔

✱ سارے فوت شدہ دیوبندی اکابر مجسمی تھے ✱

میں نے دیوبندیہ بدعتیہ کے اکابرین کو مجسمیہ کی جیل میں قید کیا ہوا ہے تو دیوبندیہ کے لیے اعلان ہے کہ ہمت ہے تو آکر اپنے اکابر مجھ سے چھڑالو۔ انہی دیوبندیہ کے بھگوانوں میں ایک سعید احمد پالن پوری دیوبندی ہے۔

❁ پالن پوری دیوبندی "استواء علی العرش کا مسئلہ " کے عنوان کے تحت کہتا ہے:

"قرآن کریم میں سات جگہ ہے "الرحمٰن علی العرش استوی "نہایت مہربان ہستی (ذات) عرش نشیں (عرش پر بیٹھا) ہوئی.... غرض اللہ تعالی عرش نشیں ہوئے۔"

پالن پوری دیوبندی نے استواء علی العرش کے معنی یہ بیان کیے ہیں کہ اللہ بذاتہ عرش پر بیٹھا، ہستی کا معنی ذات ہے اور نشیں ہونے کا معنی بیٹھنا، پالن پوری دیوبندی آگے خود ہی اس کی وضاحت کرتا ہے جیسا کہ آگے آپ دیکھیں گے.....

❁ پالن پوری دیوبندی استواء علی العرش میں سلف کا مذہب بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"سلف میں امام مالک، سفیان ثوری اور ایک روایت میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ قرآن میں جو استواء علی العرش آیا ہے اس کا مطلب کیا ہے؟

سب نے ایک ہی جواب دیا کہ

استواء معلوم، والکیف مجھول ،والإیمان به واجب، والسؤال عنه بدعة:

لغت میں استواء کے جو معنی ہیں وہ معلوم ہیں، جو بھی عربی جانتا ہے وہ اس کے معنی سمجھتا ہے، وہ معنی ہیں:

سیدھا ہونا، جم کر بیٹھنا،

اور اللہ تعالی پر بیٹھنے کی کیفیت کیا ہے، وہ ہمیں معلوم نہیں، اور اللہ کے عرش پر بیٹھنے کی جو کیفیت ہے اس پر ہم ایمان لاتے ہیں،

غرض ان حضرات (سلف صالحین) نے کہا کہ

عرش پر جم کر بیٹھنا اللہ کی صفت ہے اور اللہ کی صفات غیب ہیں،

اور یہ جو تم پوچھ رہے ہو کہ اللہ کے عرش پر جم کر بیٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟ یہ سوال بدعت ہے، کیونکہ یہ آیتیں آج نہیں اتریں، اور کسی صحابی نے حضور سے نہیں پوچھا پھر تم کیوں پوچھتے ہو؟ سب نے یہی جواب دیا، اور یہی اصل سلفیت ہے۔"

سعید احمد پالن پوری دیوبندی کا واضح بیان آپ کے سامنے ہے، موجودہ دیوبندی جہلاء کے نزدیک کئی وجوہات کی بناپر یہ کھلی تجسیم ہے.....

- پہلی وجہ، کیونکہ پالن پوری دیوبندی نے سلف صالحین کا مذہب استواء کا معنی معلوم قرار دیا ہے جم کر بیٹھنا،

جبکہ موجودہ بدعتی دیوبندیہ کے نزدیک استواء کا معنی معلوم نہیں، وہ تفویض کے قائل ہیں،

نیز موجودہ بدعتیوں کے نزدیک امام مالک اور سلف سے یہ قول ثابت بھی نہیں۔

- دوسری وجہ، پالن پوری دیوبندی نے استواء کا لغوی معنی جم کر بیٹھنا لینا سلف کا مذہب قرار دیا ہے،

جبکہ موجودہ بدعتی دیوبندیہ کے نزدیک صفات باری تعالی کے لغوی معنی لینا مجسمی ہونا ہے، اس لیے یہ ہاتھ کا لغوی معنی کلائی سے نیچے کا حصہ لینا اللہ کے اعضاء ثابت کرنا قرار دیتے ہیں، لیکن پالن پوری دیوبندی کے نزدیک سلف صالحین کا مذہب صفات باری تعالی کے لغوی معنی مراد لینا ہی ہے۔

- تیسری وجہ، پالن پوری دیوبندی نے استواء کا معنی، جم کر بیٹھنا کیا،

اس سے موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کے نزدیک اللہ کا جسم ثابت ہو گیا کیونکہ جم کر وہی بیٹھتا ہے جو جسم رکھتا ہو۔

- چوتھی وجہ، پالن پوری دیوبندی نے یہی صفات باری تعالی کے لغوی معنی اصل سلفیت قرار دی ہے،

جبکہ موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کے نزدیک یہ اصل مجسمیت ہے، ان جاہل بدعتیو کے نزدیک تفویض مطلق اصل سلفیت ہے،

پالن پوری دیوبندیت کے تابوت میں کیل ٹھونک گیا ہے جو ان دیوبندیہ سے نکلنا نہیں، آگے چلیے!

سلف کا عقیدہ بیان کرنے کے بعد آگے پالن پوری دیوبندی خود کو یہی اصل سلفی قرار دیتے ہوئے اپنا اور علماء دیوبند کا عقیدہ بیان کرتا ہے،

❀ پالن پوری دیوبندی کہتا ہے:

پہلی بات: سب سے پہلا سلفی میں ہوں... میں مانتا ہوں قرآن میں ہے:

امنتم من فی السماء-

پس میں مانتا ہوں اللہ تعالی آسمان میں ہیں، چنانچہ ہم جب بھی کہتے ہیں کہ اللہ تعالی نے یہ فرمایا، تو ہم انگلی اوپر کی (جہت کی) طرف کرتے ہیں، زمین کی طرف نہیں کرتے، مگر اللہ کے آسمان میں ہونے کی کیفیت کیا ہے یہ میں نہیں جانتا،

اسی طرح اللہ عرش نشیں ہے، اللہ کے عرش پر ہونے کو بھی مانتا ہوں، اللہ کے عرش پر بیٹھنے کو بھی مانتا ہوں،

لیکن کوئی پوچھے کہ اس کی کیفیت کیا ہے؟ تو میں یہ بات نہیں جانتا،

اسی طرح اللہ کا چہرہ بھی ہے، ہاتھ بھی ہے، پنڈلی بھی ہے، میں سب باتیں مانتا ہوں،

میرا مذہب تنزیہ مع التفویض ہے، تنزیہ کا مطلب ہے کہ اللہ کی مخلوق کی مشابہت سے پاکی بیان کرنا، پس کہیں گے اللہ کا ہاتھ ہمارے ہاتھ جیسا نہیں، اللہ کا چہرہ ہمارے چہرے جیسا نہیں،

اور تفویض کا مطلب ہے، صفات کی کیفیت کو اللہ کے حوالہ کرنا، یہ کہنا کہ اللہ تعالی ہی اپنی صفات کو بہتر جانتے ہیں، یہی اصل سلفیت ہے، اور علماء دیوبند اسی کے قائل ہیں۔"

جی جناب، تو یہ ہے فرقہ مجسمیہ دیوبندیہ!!

پالن پوری دیوبندی نے تنزیہ کا معنی یہ کیا ہے کہ صفات باری تعالی کو مخلوق سے مشابہت نہ دی جائے، جبکہ موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کے نزدیک تنزیہ کا مطلب یہ کہ صفات کا لغوی اور ظاہری معنی نہ لیا جائے اور یہ کہا جائے کہ اس کا معنی اللہ کو ہی معلوم ہے۔

پالن پوری دیوبندی کے مطابق، تفویض یہ ہے کہ صفات کی کیفیت کو اللہ کے سپرد کیا جائے، جبکہ موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کے نزدیک تفویض یہ ہے کہ صفات کے معنی اور کیفیت دونوں کو اللہ کے سپرد کیا جائے۔

پالن پوری دیوبندی اللہ کا عرش پر بیٹھنا، اللہ کے ہاتھ، چہرہ، پنڈلی سب کچھ مانتا ہے اور اسے ہی دیوبندی علماء کا مذہب قرار دیتا ہے، جبکہ موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کے نزدیک اللہ کو عرش پر بیٹھا ماننا، اللہ کے ہاتھ، چہرہ، پنڈلی ماننا اللہ کے اعضاء ماننا ہے اور یہ فرقہ مجسمیہ کا کام ہے۔

❀ چنانچہ موجودہ بدعتی دیوبندی مولوی اعجاز اشرفی لکھتا ہے:

"فرقہ مجسمہ اللہ تعالی کو جسم گمان کرتا ہے اور استواء کے معنی بیٹھنے کے کرتا ہے۔"

توثابت ہوا تمام سلف صالحین اور دیوبندی اکابرین اور سعید احمد پالن پوری یعنی سارے فوت شدہ دیوبندی اکابر فرقہ مجسمہ سے تھے،

آخر میں دیوبندیہ بدعتیہ کے لیے ضروری اعلان!


میں نے تمہارے اکابرین مجسمیہ کی جیل میں قید کر کے رکھے ہیں ہمت ہے تو آکر انہیں چھڑالو!


علمی خطبات ۱۴۰ اصلی سلفی اور آج کے سلفی

استواء علی العرش میں سلف کا مذہب

سلف میں امام مالک، سفیان ثوری اور ایک روایت میں ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ قرآن میں جو استواء علی العرش آیا ہے اس کا مطلب کیا ہے؟ سب نے ایک ہی جواب دیا کہ الاستواء معلوم، والکیف مجھول، والایمان به واجب، والسؤال عنه بدعة۔ لغت میں استواء کے جو معنی ہیں وہ معلوم ہیں، جو بھی عربی جانتا ہے وہ اس کے معنی سمجھتا ہے، وہ معنی ہیں: سیدھا ہونا، جم کر بیٹھنا۔ اور اللہ کے عرش پر بیٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟ وہ ہمیں معلوم نہیں۔ اور اللہ کے عرش پر بیٹھنے کی جو بھی کیفیت ہے اس پر ہم ایمان لاتے ہیں۔ ایمانیات میں سب سے پہلے ایمان بالغیب ہے، قرآن کریم کی دوسری سورت میں ہے ﴿الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ اور غیب کیا ہے؟ جو بھی چیز حواس خمسہ ظاہرہ کے دائرے میں نہیں آتی وہ غیب ہے، ایسی چیزیں کیا ہیں؟ جنت ہے، جنت کی نعمتیں ہیں، جہنم ہے جہنم کا عذاب ہے، فرشتے ہیں، اللہ ہیں، اللہ کی صفات ہیں، یہ سب حواس خمسہ ظاہرہ کے دائرے میں نہیں آتے، پس یہ سب غیب ہیں، اور ان پر ایمان لانا واجب ہے، کس بنیاد پر؟ اللہ کے رسول جو سچی خبر دینے والے ہیں ان کی خبر پر اعتماد کر کے جنت بھی مانتی ہے، اس کی نعمتیں بھی مانتی ہیں، جہنم بھی مانتی ہے، فرشتے بھی مانتے ہیں، اللہ کی جو صفات قرآن وحدیث میں آئی ہیں وہ سب مانتی ہیں۔ غرض: ان حضرات نے کہا کہ عرش الٰہی پر جم کر بیٹھنا یا اللہ کی صفت ہے اور اللہ کی صفات غیب ہیں، لہٰذا اس کو پوری طرح سمجھے بغیر ماننا ضروری ہے، جیسے جنت کو پوری طرح سمجھے بغیر ماننا ضروری ہے، جہنم کو بغیر سمجھے ماننا ضروری ہے، تھوڑا بہت تو سمجھیں گے مگر مکمل نہیں سمجھیں گے، ایسے ہی اللہ کی صفات کو تھوڑا بہت تو سمجھیں گے مگر پوری کیفیت نہیں سمجھ سکتے، اس لئے پوری کیفیت سمجھے بغیر ماننا ضروری ہے۔ اور یہ جو تم پوچھ رہے ہو کہ اللہ کے عرش پر جم کر بیٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟ یہ سوال بدعت ہے، کیونکہ یہ آیتیں آج نہیں اتریں، اور کسی صحابی نے حضور سے نہیں پوچھا، پھر تم کیوں پوچھتے ہو؟ سب نے یہی جواب دیا ہے، اور یہی اصل سلفیت ہے۔

لیکن جب حنابلہ میں غلو پیدا ہوا، اور مسلمانوں کے لئے یہ سمجھنا مشکل ہو گیا کہ کاغذ



اور وہ خود کو اشعری کہتے اور لکھتے تھے۔

پھر جب انھوں نے دیکھا کہ اب سلفی بنے بغیر چارہ نہیں، یہ لبادہ اوڑھے بغیر ریال ہاتھ نہیں آسکتے تو انھوں نے اشعریت کا لبادہ اتار پھینکا اور سلفی بن گئے اور سعودیہ والے بے چارے دھوکہ میں آگئے، وہ سمجھے کہ یہ بھی ہمارے جیسے سلفی ہیں، حالانکہ وہ نقلی سلفی ہیں۔

غرض مسئلہ میں یہ سمجھا رہا تھا کہ اہل حق کون ہیں؟ جو عقائد میں تین میں سے ایک ہو، اور فقہ میں چار میں سے ایک ہو، وہی مکمل طور پر اہل حق ہیں، اور اگر ایک طرف سے اہل حق میں سے ہو، اور دوسری طرف سے اہل باطل میں سے تو وہ کریلا نیم چڑھا ہے، اور اگر دونوں طرف سے اہل باطل میں سے ہو تو اس سے اللہ کی پناہ!

خلاصہ کلام:

اب آخر میں دو باتیں سنو!

پہلی بات: سب سے پہلا سلفی میں ہوں، لیکن میں اشعری بھی ہوں، اور ماتریدی بھی، تینوں کس طرح جمع ہو سکتے ہیں؟ اس طرح کہ اللہ کی تمام صفات کو جو قرآن و حدیث میں آئی ہیں، میں مانتا ہوں، قرآن میں ہے: ﴿أَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ﴾: پس میں مانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آسمان میں ہیں، چنانچہ ہم جب بھی کہتے ہیں: اللہ نے یہ فرمایا تو ہم انگلی اوپر کی طرف کرتے ہیں، زمین کی طرف نہیں کرتے، مگر اللہ کے آسمان میں ہونے کی کیفیت کیا ہے؟ یہ میں نہیں جانتا، اسی طرح اللہ تعالیٰ عرش نشیں ہیں، اللہ کا عرش بھی مانتا ہوں، اللہ کے عرش پر بیٹھنے کو بھی مانتا ہوں لیکن کوئی پوچھے کہ اس کی کیفیت کیا ہے؟ تو میں یہ بات نہیں جانتا، اسی طرح اللہ کا چہرہ بھی ہے، ہاتھ بھی ہے، پنڈلی بھی ہے، میں یہ سب باتیں مانتا ہوں، مگر کوئی پوچھے کہ وہ کیسے ہیں؟ تو میں یہ بات نہیں جانتا۔

پس میرا مذہب تنزیہ مع التفویض ہے: تنزیہ کا مطلب ہے: اللہ کی مخلوق کی مشابہت سے پاکی بیان کرنا، پس کہیں گے: اللہ کا ہاتھ ہمارے ہاتھ جیسا نہیں، اللہ کا چہرہ ہمارے چہرے جیسا نہیں، اور تفویض کا مطلب ہے: صفات کی کیفیت کو اللہ کے حوالہ کرنا۔ یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ ہی اپنی صفات کو بہتر جانتے ہیں۔ یہی اصل سلفیت ہے اور علمائے دیوبند اسی کے قائل ہیں۔

(گمراہی) کی بات کہی ہے، پس اس کو باہر نکالو، چنانچہ آپ بخاریٰ سے بھی نکالے گئے، حالانکہ امام بخاری کی بات صد فیصد صحیح تھی، اور یہ بات امام بخاریؒ سے سو سال پہلے امام ابو حنیفہؒ اپنی کتاب الفقہ الاکبر میں لکھ چکے تھے کہ کلامنا بالقرآن مخلوق اور امام بخاریؒ حدیث میں امام احمدؒ کے شاگرد تھے اور امام احمدؒ نے قرآن کے بارے میں جو کہا تھا کہ وہ مخلوق نہیں ہے، قدیم ہے، اس کا مطلب امام بخاری بہتر جانتے تھے بمقابلہ بعد کے لوگوں کے، اور امام احمد امام اعظم کے شاگردوں کے شاگرد ہیں، پس امام اعظم کی بات امام احمد کے سامنے تھی، اور امام بخاری اپنے استاذ کا مذہب صحیح سمجھ رہے تھے، مگر حنابلہ میں اتنا غلو ہو گیا تھا کہ امام بخاری کا یہ قول ان کو ہضم نہیں ہوا۔

استواء علی العرش کا مسئلہ:

پھر زمانہ آگے بڑھا تو اللہ کی ایک دوسری صفت زیر بحث آئی، قرآن کریم میں سات جگہ ہے: ﴿الرَّحْمَنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَى﴾: نہایت مہربان ہستی عرش نشیں ہوئی، ان سات جگہوں میں سے ایک جگہ سورۂ یونس کے پہلے رکوع میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ، يُدَبِّرُ الْأَمْرَ﴾: اللہ وہ ہستی ہیں جنھوں نے آسمان و زمین کو چھ دنوں میں یعنی چھ دوروں میں پیدا کیا۔ دن: دنیا کا بارہ گھنٹے کا دن نہیں تھا، کیونکہ اس وقت سورج نہیں تھا، بلکہ یہ اللہ کے یہاں کا دن ہے، اس لئے میں نے لفظ دور استعمال کیا، ایک دور کتنے دن کا ہوتا ہے؟ معلوم نہیں، اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں! غرض اللہ تعالیٰ عرش نشیں ہوئے، وہ پوری کائنات کا انتظام کر رہے ہیں۔ اس آیت سے رد کرتا ہے ان ہندوؤں اور مشرکوں پر جنھوں نے اللہ کی حکومت کے شعبے بنائے ہیں: بارش کا خدا یہ ہے، دولت کا خدا یہ ہے، صحت کا خدا یہ ہے، مشرکین مکہ نے بھی یہی کر رکھا تھا، وہ کہتے تھے: بادشاہ اکیلا حکومت نہیں چلا سکتا، پھر اللہ اتنی بڑی کائنات کا انتظام کیسے کر سکتے ہیں؟ اللہ نے بھی الگ الگ شعبے قائم کر کے الگ الگ خداؤں کو سونپ دیئے ہیں۔ قرآن جگہ جگہ اس کی تردید کرتا ہے، کہتا ہے: اللہ نے آسمانوں اور زمین کو چھ دوروں میں بنایا، پھر کوئی انتظام کسی کو نہیں سونپا، وہ خود عرش نشیں ہیں اور وہی معاملات کا انتظام کر رہے ہیں۔



144 استواء علی العرش


اس نے عرش پر استواء فرمایا۔ اور سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا۔ ہر چیز ایک معین میع
تک کے لیے رواں دواں ہے۔ وہی تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔ وہی ان نشانیوں
کھول کھول کر بیان کرتا ہے، تاکہ اس بات کا یقین کرلو کہ (ایک دن) تمہیں اپ
پروردگار سے جاملنا ہے۔

تشریح پھر وہ اپنی قدرت اور قہر سے اور تدبیر و تصرف سے عرش عظیم پر قائم ہوا جو قیام اس کی
شان کے لائق ہے۔

عرش پر قائم ہونے سے اس کی جلوہ افروزی مراد ہے جس کی حقیقت سوائے اللہ تعالی
کے کسی کو معلوم نہیں۔ اور اللہ تعالی کا عرش پر قائم اور جلوہ فرما ہونا آسمانوں کے بنا
کرنے سے کہیں زیادہ بلند اور برتر ہے۔ اس لیے لفظ "ثُمَّ" ان دونوں میں تفاضل
اور تفاوت کے بیان کرنے کے لیے لایا گیا کہ "اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ" "رفع
السَّمٰوٰت" سے زیادہ اعلی اور ارفع ہے کیونکہ عرش عظیم تجلیات خداوندی اور احکا
الہیہ کا مصدر اور مرکز ہے۔ تمام عالم کی تدبیر اور تصرف کے احکام عرش عظیم ہی سے
نازل ہوتے ہیں۔

عرش پر قائم ہونے کے یہ معنی نہیں کہ اللہ تعالی بادشاہ کی طرح تخت پر برابر بیٹھا ہوا ہے
کیونکہ یہ صفت تو جسم کی ہے، جو وضع اور ہیئت کے ساتھ موصوف ہو اور اللہ تعالی اس
سے پاک اور منزہ ہے۔

فرقہ مجسمہ اللہ تعالی کو جسم گمان کرتا ہے اور استواء کے معنی بیٹھنے کے کرتا ہے۔ اہل
السنت والجماعت یہ کہتے ہیں کہ "اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ" کے معنی یہ ہیں کہ اللہ
تعالی عرش پر قائم ہوا جو اس کی شان عظمت و جلال اور اس کی شان قدوسیت کے
شایان ہے اور ہم اس کے "اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ" پر ایمان لاتے ہیں جو اس کی
شان کے لائق ہے اور اس کی تنزیہ و تقدیس پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ اس لیے ہم یہ
عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالی مکان اور جہت سے، تمکن اور استقرار سے، اتصال اور
انفعال سے، سب سے پاک ہے۔ مکان اور جہت سب اسی کی مخلوق ہے۔ وہ خدا
قدوس مکان اور زمان کے پیدا کرنے سے پہلے جس شان پر تھا اسی شان پر زمان اور



✱ اللہ کے سارے اعضاء ماننے والے دیوبندی مجسمی مولوی ✱

اللہ کے اعضاء ماننا اللہ کا جسم ماننا ہے اور جو اللہ کا جسم مانتا ہے وہ مجسمی ہے جو کہ اہل سنت کے نزدیک بدعتی اور گمراہ فرقہ ہے، بعض دیوبندی مولوی بھی اللہ کے اعضاء ماننے والے مجسمی تھے، دیوبندیہ پر اتمام حجت ہے یہ پوسٹ اللہ پاک کے فضل و کرم سے، جو کوئی دیوبندی مولوی اس پوسٹ کا جواب دے دے میں اس کا مذہب قبول کرلوں گا،

❀ مولوی اعجاز اشرفی دیوبندی لکھتا ہے:

"بعض لوگ (دیوبندی مولوی) تجسیم کی لفظاً اور معناً تو نفی کرتے ہیں لیکن وہ اس کے باوجود بعض تشبیہ سے محفوظ نہیں ہیں کیونکہ ان (دیوبندی مولویوں) کے گمان میں یہ تشبیہ نہیں ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔"

اعجاز اشرفی دیوبندی کے بیان سے معلوم ہوا کہ بعض دیوبندی مولوی اللہ کے لیے تجسیم و تشبیہ کی زبانی کلامی نفی تو کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی وہ مجسمہ اور مشبہہ ہیں، تو یہی دیوبندی مولوی آپ کو دکھارہا ہوں جو زبانی کلامی اللہ کے لیے تجسیم و تشبیہ کی نفی کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی مجسمی ہیں۔

اللہ کے سارے اعضاء ماننے والے دیوبندی مولوی

سب سے پہلے دیوبندیہ کے اکابر عبدالحمید سواتی دیوبندی صاحب کو دیکھتے ہیں......

❀ عبدالحمید سواتی دیوبندی اللہ کے سارے اعضاء مانتے ہوئے فرماتے ہیں:

"خداتعالی کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں وہاں بائیں کا بھی کوئی تصور نہیں، کیونکہ بایاں ہاتھ کمزوری اور عیب کی علامت ہے ہم اس سے استنجاء کرتے ہیں اور نجاست کو دور کرتے ہیں، لہذا اگر بائیں کی نسبت خدا کی طرف کی جائے گی تو اس سے عیب ثابت ہوگا جو کہ خدا کی شان کے لائق نہیں،

(سواتی دیوبندی صاحب کے نزدیک اللہ کا بایاں ہاتھ اس لیے نہیں کہ ہم اس سے استنجاء اور نجاست دور کرتے ہیں، یعنی سواتی دیوبندی کے نزدیک اللہ کے ہاتھ ہمارے ہاتھوں کی طرح ہیں)

مزید سواتی دیوبندی صاحب فرماتے ہیں:

"اللہ کے ہاتھوں کے علاوہ بعض دیگر اعضاء مثلاً چہرہ، پنڈلی، ردا، ازار، اور قدم کا ذکر بھی آتا ہے، بعض روایات میں قدم کو دوزخ میں ڈالنے اور پنڈلی کو کھولنے کا ذکر بھی ملتا ہے، تو اس سلسلے میں صحیح مسلک یہ ہے کہ یہ تمام چیزیں اللہ تعالی کی صفات ہیں...

آیت زیر درس میں بھی فرمایا کہ [میں نے آدم علیہ السلام کو اپنے دونوں ہاتھوں سے تخلیق کیا] تو دیگر اعضاء کی طرح اللہ کے ہاتھ بھی اس کی صفات میں داخل ہیں۔"

سواتی دیوبندی صاحب واضح الفاظ میں اللہ کے ہاتھ، چہرہ، پنڈلی، ردا یعنی چادر، آزار یعنی تہہ بند، اور قدم کو اللہ کے اعضاء قرار دے رہے ہیں،

ہاتھ، کلائی سے نیچے کا حصہ جس میں انگلیاں شامل ہیں،

چہرہ، ماتھے سے ٹھوری تک کا حصہ،

پنڈلی، گھٹنے سے ٹخنے کے درمیان کا حصہ،

قدم، جس کے اوپر پنڈلی ہوتی ہے،

ازار، تہہ بند،

ردا یعنی چادر،

یہ سارے اعضاء عبد الحمید سواتی دیوبندی اللہ کے لیے ثابت کر رہا ہے اور دیوبندی کہتے ہیں یہ مجسمی نہیں، پھر قدم کو دوزخ میں ڈالنا اور پنڈلی کھولنا بھی مان رہا ہے جو کہ موجودہ دیوبندیہ کے نزدیک مجسمیہ کی علامت ہے۔

دوسرا اللہ کے سارے اعضاء ماننے والا مجسمی دیوبندی مولوی......

❁ دیوبندیہ کے حکیم الامت اشرف علی تھانوی صاحب سلف صالحین کا مذہب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"یوں کہا جائے گا کہ اللہ تعالی کے ہاتھ بھی ہیں، پیر بھی اور آنکھ اور کان سب چیزیں ہیں، مگر ہم ان کی کیفیات سے آگاہ نہیں ہیں۔"

اللہ کے ہاتھ، پیر، آنکھ، کان اور سب چیزیں ہیں، ان سب چیزوں سے مراد سارے اعضاء ہیں جو اشرف علی تھانوی دیوبندی صاحب بیان کر رہے ہیں، حیرانی یہ ہے کہ یہ دیوبندیہ کے نزدیک مجسمی نہیں، کیونکہ اپنا حکیم الامت ہے۔

تیسرا اللہ کے سارے اعضاء ماننے والا مجسمی دیوبندی مولوی......

دیوبندیہ کا امام اہل سنت سرفراز خان صفدر، کیسا لطیفہ ہے جسے امام اہل سنت بنایا ہوا ہے وہ مجسمی ہے جو کہ بدعتی ہیں۔ سرفراز خان صفدر دیوبندی کا بیان دیکھنے سے پہلے دیوبندی اکابرین میں شامل ادریس کاندھلوی دیوبندی صاحب کا بیان دیکھیں۔

❁ ادریس کاندھلوی دیوبندی صاحب لکھتے ہیں:

"اور مشبہہ اور مجسمہ کی طرح یہ نہ کہے کہ معاذ اللہ یہ اللہ کے اعضاء اور اجزاء ہیں اور اس طرح نہ کہے کہ اللہ عرش پر بیٹھا ہے تاکہ مشبہہ کی طرح آیات تنزیہ اور تقدیس کا انکار لازم نہ آئے۔"

ادریس کاندھلوی دیوبندی کے مطابق اللہ کے ہاتھ، پنڈلی، چہرہ، پاؤں، آنکھیں، وغیرہ کو اللہ کے اعضاء کہنے والا مجسمی اور مشبہہ ہے، جو کہ اوپر عبدالحمید سواتی دیوبندی کہہ رہا ہے لہذا ادریس کاندھلوی کے مطابق عبدالحمید سواتی مجسمی ہے مزید ثبوت آگے بھی آرہا ہے، اور سرفراز خان صفدر دیوبندی بھی ادریس کاندھلوی کے مطابق مجسمی ہے۔

❁ چنانچہ سرفراز خان صفدر دیوبندی صاحب فرماتے ہیں:

"استوی کا حقیقی معنی بیٹھنا بھی کر سکتے ہیں.... جو بیٹھنا اس کی شان کے لائق ہے اس طرح بیٹھا ہے۔"

عبدالحمید سواتی دیوبندی صاحب فرماتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ ہی کی بادشاہی ہے، عرش پر بیٹھنا صاحب اقتدار ہونے کی علامت ہوتی ہے" ....

ادریس کاندھلوی دیوبندی کے مطابق سرفراز خان صفدر اور عبدالحمید سواتی دونوں مجسمہ اور مشبہہ ہیں کیونکہ یہ کہنا کہ اللہ عرش پر بیٹھا ہے آیات تنزیہ اور تقدیس کا انکار اور مجسمہ اور مشبہہ کی علامت ہے۔

خود ادریس کاندھلوی دیوبندی صاحب اپنے ہی فتوے کے مطابق مجسمہ اور مشبہہ ہیں، چنانچہ دوسری جگہ جناب خود لکھتے ہیں:

"اللہ تعالی نے اپنی صفات کاملہ کا نمونہ انسان میں اسی لیے پیدا کیا کہ ان کو دیکھ کر اللہ تعالی کی صفات کا نشان پا سکیں، اور سمجھیں کہ ہماری یہ صفات کمال خدا کی صفات کمال کا ادنی سا پرتو ہے"....

ادریس کاندھلوی دیوبندی کے مطابق انسان کے ہاتھ، چہرہ، پاؤں، حیات، علم، قدرت وغیرہ وغیرہ جیسی صفات اس لیے ہیں کہ ان کو دیکھ کر اللہ کے ہاتھ، چہرہ، آنکھیں، علم قدرت، حیات کا پتہ لگا سکیں، یہ واضح تشبیہ ہے انسان سے، اور تشبیہ دے کر آگے جناب تشبیہ کی نفی کر رہے ہیں تو یہاں سب سے پہلے دیوبندی مولوی اعجاز اشرفی کا بیان دیکھیں:

❁ "کہ ان مولویوں کا گمان ہے کہ یہ تجسیم و تشبیہ نہیں، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔"

سرفراز خان صفدر دیوبندی صاحب مزید فرماتے ہیں:

"اللہ کے دائیں ہاتھ میں آسمان اور بائیں ہاتھ میں زمین ہو گی، (حالانکہ عبدالحمید سواتی کے مطابق اللہ کا بایاں ہاتھ نہیں اس لیے کہ دیوبندی بائیں ہاتھ سے استنجاء کرتے ہیں، اور سرفراز خان صفدر دیوبندی کہہ رہا ہے کہ اللہ کے بائیں ہاتھ میں زمین ہو گی، ہر دیوبندی مولوی کا اپنا اپنا ہی عقیدہ ہے۔)

سرفراز خان صفدر دیوبندی صاحب مزید فرماتے ہیں:

"(جاہل دیوبندیو!) اللہ کے دو ہاتھ تو قرآن سے ثابت ہیں... اللہ تعالی کے ہاتھ بھی ہیں، اللہ دیکھتا بھی ہے، سنتا بھی ہے، بولتا بھی ہے، مگر ہماری سمجھ میں نہیں آتا بس یہی کہیں گے جو اس کی شان کے لائق ہے۔"

اس کے علاوہ سرفراز خان صفدر دیوبندی، اللہ کی مٹھی، اللہ کے حقیقی نزول، قیامت کے دن مخلوق کے سامنے آنے کا بھی قائل ہے۔ یہ واضح تشبیہ ہے، کیونکہ دیوبندی مولوی کے بھی دو ہاتھ ہیں، دیوبندی مولوی بھی دیکھتا، سنتا اور بولتا ہے، لیکن اس کے باوجود اسے امام اہل سنت بنایا ہوا ہے دیوبندیوں نے جسے ہم نے مجسمی اور مشبہہ ثابت کیا ہے

، کوئی دیوبندی مولوی اپنے اکابرین کو ہم سے چھڑا لے ہم بھی ان تیرے اکابرین کے ساتھ تیرے مذہب میں آ جائیں گے۔

آخر میں دیوبندیہ کا امام اعظم بھی دیکھ لیں وہ موصوف بھی دیوبندیہ کے مطابق مجسمی ہی تھے.....

❁ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"اللہ کا چہرہ بھی ہے اور نفس بھی، جس طرح کے اللہ تعالی نے قرآن میں اپنے لیے چہرہ، نفس اور ہاتھ کا ذکر کیا ہے" ....

❁ دیوبندی مولوی ڈاکٹر عبدالرحیم بلوچ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے بیان کی شرح کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"اللہ تعالی کی وہ صفات جو انسانی جسم کا خاصہ اور لوازم ہیں جیسے ہاتھ، چہرہ اور نفس یا جن کا تعلق بعض انسانی اعضاء سے ہے جیسے غصہ اور خوشی وغیرہ، تو ان صفات کی تاویل اور توجیہ اس طرح کرنا کہ اس سے خود ان الفاظ کا مفہوم ہی لغو اور باطل ہو جائے درست نہیں ہے، ہم ان صفات پر اسی معنی اور مفہوم میں ایمان رکھتے ہیں جو ان الفاظ کو سن کر فوراً ہی ذہن میں آ جاتے ہیں۔"

دیوبندی مولوی عبدالرحیم بلوچ کے مطابق ہاتھ، چہرہ، نفس انسانی جسم کا خاصہ ہیں، لہذا امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ اللہ کا جسم مان رہے ہیں، اور اسی طرح انسانی اعضاء سے جن کا تعلق ہے غصہ اور خوشی وغیرہ تو ان سب کا وہی معنی و مفہوم مانتے ہیں جو ان الفاظ کو سن کر فوراً ذہن میں آ جاتا ہے، یعنی ہاتھ کا لفظ سن کر ذہن میں جو آتا ہے وہی مانا جائے گا، اسی طرح پنڈلی، نفس، چہرہ وغیرہ وغیرہ کا۔

تو یہ تھے اللہ کے سارے اعضاء ماننے والے دیوبندی مجسمی مولوی، لیکن یہ دیوبندیہ کے نزدیک مجسمی نہیں کیونکہ ان کے اکابرین میں سے ہیں تو اگر یہی مجسمی قرار دے دیے تو دیوبندیت تو وڑ گئی،


خلاصہ کلام:

اب تک دیوبندی اکابرین سے جو اللہ کے لیے ثابت ہوا ہے وہ یہ اعضاء ہیں:

دو ہاتھ، مٹھی، چہرہ، نفس، پنڈلی، آنکھیں، کان، قدم، ازار، ردا، بیٹھنا، دیکھنا، سننا، بولنا، آنا، اترنا، حیات، علم، قدرت، غصہ، خوشی، اور سب کچھ،

لطیفہ:

یہ دیوبندیوں کے نزدیک نہ تشبیہ ہے نہ تجسیم۔


استواء علی العرش 326

۱ بعض لوگ تو تجسیم وتشبیہ کی لفظی اور معنوی طور پر صراحت کرتے ہیں۔

۲ بعض لوگ لفظاً تو نفی کرتے ہیں مگر معنوی طور پر نفی نہیں کرتے۔

۳ بعض لوگ لفظی اور معنوی دونوں کی نفی کرتے ہیں، لیکن تجسیم کے لوازم میں مبتلا ہوتے ہیں۔

۴ بعض لوگ تجسیم کی الفاظ ومعناً تو نفی کرتے ہیں، لیکن وہ اس کے باوجود بعض تشبیہ سے محفوظ نہیں ہیں کیونکہ ان کے گمان میں یہ تشبیہ نہیں ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

6 اس میں کوئی شک ہی نہیں ہے کہ یہود، نصاریٰ، مجوسی وغیرہ بہت سی اقوام اسلام کے دنیا میں پھیل جانے پر بہت ہی غیض وغضب میں تھیں اور یہ کہ مسلمانوں نے ان کے ممالک کو فتح کرلیا تھا خصوصاً قرن اول کے مسلمانوں یعنی صحابہ کرام ؓ پر تو یہ بہت ہی ناخوش تھے۔ تو ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے نور کو بجھانے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دی۔ تو انھوں نے دین صحیح میں تحریف کرنے کی بھرپور کوششیں شروع کردیں، جیسا کہ اس سے پہلے سابقہ ادیان میں ایسا ہو چکا تھا۔ لیکن اللہ ﷻ اپنے دین کا محافظ اور اپنے نور کو مکمل کرنے والا ہے۔ یہ لوگ جو دین اسلام میں تحریف کرنا چاہتے تھے، وہ دین اسلام میں گھس گئے اور اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرنے لگے، اور بعض بدعتوں اور خرافات کو پھیلانے میں ہمہ تن مصروف ہوگئے۔ انہی میں سے یہ تجسیم کی بدعت بھی تھی۔

5.3.1:۔ حضرت امام بدرالدین بن جماعۃ الشافعیؒ کی تحقیق

حضرت امام قاضی القضاۃ بدرالدین بن جماعۃؒ (المتوفی ۷۳۳ھ) اپنی کتاب "ایضاح الدلیل" میں مجسمہ فرقوں کے لوگوں کا ذکر کرنے کے اور اہل السنۃ والجماعۃ کا ان پر رد کرنے کی ضرورت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں

فكذلك لم يشكوا أن ما لا يليق بجلال الله تعالى لم يرد في قوله تعالى: "ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ"، "وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ"، ونحوه من الآيات ومن السنة: "ينزل ربنا كل يوم إلى سماء الدنيا"


عقائد اسلام حصہ اول ٦٦

تعالی کے لئے ثابت تسلیم کریں اور اپنی رائے اور قیاس سے اور اپنے کشف اور الہام سے ان کی حقیقت معلوم کرنے کی سعی نہ کریں اور جس طرح یہ صفات متشابہات کتاب وسنت صحیحہ سے ثابت ہوئی ہیں ان کو بے چون وچرا تسلیم کریں اور معتزلہ کی طرح درپے تاویل نہ ہوں تاکہ قدریہ اور معتزلہ کی طرح ان صفات متشابہات کا انکار لازم نہ آئے جو جو کتاب وسنت سے ثابت ہیں اور مشبہہ اور مجسمہ کی طرح یہ نہ کہے کہ معاذ اللہ یہ اللہ کے اعضا اور اجزاء ہیں اور اس طرح نہ کہے کہ اللہ عرش پر بیٹھا ہے تاکہ مشبہہ کی طرح آیات تنزیہ اور تقدیس کا انکار لازم نہ آئے حق تعالی کی جو صفات قرآن اور حدیث سے ثابت ہیں ان پر ایمان لائے اور ان کی حقیقت اللہ کے سپرد کرے اور تنزیہ اور تقدیس کے لئے لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ زبان سے کہے اور دل سے اعتقاد رکھے کہ جس طرح باتفاق عقلاء حق تعالی سمیع اور بصیر ہے اور اس کا سننا اور دیکھنا ہمارے سننے اور دیکھنے کے مشابہ نہیں پس اسی طرح اس کا ہاتھ اور قدم ہمارے ہاتھ اور قدم کے مشابہ نہیں۔ اہل حق کے گروہ نے نہ تو معتزلہ کی طرح ظاہر کی نفی میں اتنا غلو کیا کہ حد تعطیل تک پہنچ جائے اور نہ مشبہہ کی طرح ظاہر پر اس درجہ جمود کیا کہ تشبیہ اور تمثیل میں جا پڑتے بلکہ دم(۱) تعطیل اور تشبیہ اور تمثیل کے فرث(۲) کے درمیان سے ایک لبن(۳) خالص نکال لیا اور خود بھی پیا اور شاربین(۴) کرام کو بھی پلایا۔ تمام سلف صالحین اور ائمہ اربعہ کا یہی عقیدہ ہے۔ چنانچہ فقہ اکبر میں امام اعظم ابوحنیفہ فرماتے ہیں:

فما ذكر الله في القرآن من ذكر الوجه واليد والنفس والعين فهو له صفات ولا يقال ان يده قدرته و نعمته لان فيه ابطال الصفة وهو قول اهل القدر والاعتزال ولكن يده صفته بلا كيف. انتهى

وكذلك يلحق بالكافر من قال إنه يترامى لخلقه يوم القيامة ، وإن نفى عنه التشبيه بالجسم ، فإن أمثال هؤلاء المدعين جمدوا على ظواهر الألفاظ في القرآن الكريم أو الحديث ، وأنكروا عقولهم وتركوها وراء ظهورهم ، فلم يستطيعوا أن يتصرفوا بالظواهر حسبما يقتضيه النظر والدليل وقواعد الإستعارة والمجاز .

•••





اللہ تعالیٰ کا حرکت کرنا — 143 صفات متشابہات اور سلفی عقائد

باب 9

فصل 3:

اللہ تعالیٰ کا حرکت کرنا اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا

اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں ہمیں کچھ علم نہیں دیا گیا۔ جو کچھ قرآن پاک اور احادیث میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں مذکور ہے وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کے بارے میں ہے ذات کے بارے میں نہیں ہے۔ پیچھے ہم بتا چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے وہ افعال جن سے وہ خود متاثر ہوں مثلاً غضبناک ہونا، خوش ہونا اور آنا، اترنا وغیرہ چونکہ وہ حقیر ہوتے ہیں یا حقیر ہونے کی قابلیت رکھتے ہیں اس لیے وہ ظاہری معنی میں اللہ تعالیٰ کی صفت نہیں ہو سکتے کیونکہ اللہ تعالیٰ کامل ہیں اور ان کو مزید کسی صفت کی حاجت نہیں ہے۔ ان صفات کی اصل کو متقدمین اشاعرہ و ماتریدیہ مانتے ہیں اور ان کے حق ہونے کو بھی مانتے ہیں لیکن ان کے معنی مراد کو اللہ کے سپرد کرتے ہیں اور مانتے ہیں کہ ان سے وہی مراد ہے جو اللہ کے شایان شان ہے۔ آنا، جانا، چلنا پھرنا اور دوڑنا ان سب کا حاصل حرکت کرنا ہے۔

اس کے برعکس سلفی حضرات کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرتے ہیں اور منتقل ہوتے ہیں۔ اس کی مندرجہ ذیل مثالیں ہیں:

1- آسمانوں کو درست کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ عرش کے اوپر ہوئے اور بعض کے نزدیک اس پر اپنی ذات سمیت بیٹھ گئے۔

✱ اللہ کی صفات کے بارے رافضی اور دیوبندی عقائد ✱

(پارٹ 2)

❀ شیعہ و دیوبندی عقائد و نظریات میں کیوں مماثلت ہے اس بارے دیوبندیوں کے معتبر عالم عبدالحیٔ لکھنوی حنفی صاحب لکھتے ہیں:

"عقیدہ کے اعتبار سے حنفی مذہب کی کئی شاخیں اور فروع ہیں۔ بہت سارے حنفی شیعہ، معتزلہ اور مرجئہ ہیں۔"

یعنی حنفیت میں دیگر بدعتی فرقوں کی طرح ایک فرقہ شیعہ کا بھی ہے، اس لیے دیوبندی حنفیہ کے اکثر عقائد و نظریات شیعہ جیسے ہیں۔

یہ بات اپنے ذہنوں اور دلوں پر لکھ لیں کہ تمام باطل فرقوں کا معجون بنایا جائے تو دیوبندیت کی صورت آپ کے سامنے ہو گا، یہی وجہ ہے کہ دیوبندی یقین کی دولت سے محروم ہے، یہ اپنے عقائد و نظریات میں متذبذب رہتا ہے۔

اہل بدعت کا رد کرنا بہت ثواب کا کام ہے،

❀ امام اہل سنت احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے کسی نے پوچھا:

"آپ کو نماز اور روزہ اور اعتکاف کرنے والا شخص زیادہ پسند ہے یا اہل بدعت کا رد کرنے والا؟

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا:

جو شخص نماز پڑھے گا، روزہ رکھے گا، اعتکاف کرے گا، تو وہ صرف اپنی ذات کے لیے کرے گا اور جب وہ اہل بدعت کے بارے لوگوں کو آگاہ کرے گا تو اس کا یہ عمل مسلمانوں کے لیے ہو گا لہذا یہ افضل ہو گا۔"

اسی کو مد نظر رکھتے ہوئے ان دو بدعتی فرقوں کے بارے لوگوں کو آگاہ کرتا ہوں ان دونوں نے خود پر جھوٹے لیبل چسپاں کر کے مسلمانوں کو دھوکہ دیا اور گمراہ کیا ایک بدعتی فرقہ اہل سنت والجماعت بنا بیٹھا ہے ان کی عقائد کی

کتاب کا نام دیکھیں: "عقائد علماء اہل سنت دیوبند" جبکہ کتاب کے اندر عقائد و نظریات رافضیوں اور بدعتیوں والے لکھے ہیں۔

اور دوسرا بدعتی یعنی رافضی حب اہل بیت کا ٹھیکیدار بنا ہوا ہے، جیسے یہ رافضی اہل بیت کی ماننے والے ہیں بس ویسے ہی دیوبندی بھی اہل سنت ہیں۔

تو پہلا عقیدہ رافضیوں اور دیوبندیوں کا آپ نے گذشتہ پوسٹ میں دیکھا دونوں کا ایک جیسا، یہ دوسرا عقیدہ ملاحظہ فرمائیں دونوں کی معتبر کتب سے آپ کے سامنے ہے۔

ایک کتاب شیعوں کے معتبر علامہ حلی کی "احسن العقائد" ہے، دوسری دیوبندیوں کے اکابر خلیل احمد سہارنپوری کی "عقائد علماء دیوبند" ہے، دونوں کی عقائد کی کتب ہیں۔

❁ اللہ پاک کے عرش پر استواء کا معنی لکھتے ہوئے شیعہ عالم کہتا ہے:

"مذکورہ بالا دونوں آیتوں میں ید کے معنی اور استواء کے معنی غلبہ کے ہیں۔"

❁ دیوبندی مولوی لکھتا ہے:

"اس قسم کی آیات میں ہمارا مذہب یہ ہے... مثلاً یہ کہ ممکن ہے استواء سے مراد غلبہ ہو اور ہاتھ سے مراد قدرت تو یہ بھی ہمارے نزدیک حق ہے۔"


جب کہ ان دونوں بدعتی فرقوں کے برعکس اہل سنت واہل حدیث کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ پاک عرش پر حقیقتاً مستوی ہے اور استواء کا معنی بلند وارفع ہونا ہے، امام ذہبی رحمہ اللہ نے اس عقیدے پر "کتاب العلو" لکھی ہے۔

❁ امام ذہبی لکھتے ہیں:

سلیمان بن حرب کہتے ہیں کہ میں نے حماد بن زید متوفی 179ھ کو کہتے سنا:

"سلف صالحین اور آئمہ اہل سنت بلکہ صحابہ کرام، اللہ اور اس کے رسول اور تمام ایمان والو کا کہنا یہی ہے کہ اللہ تعالی آسمانوں پر ہے اور اپنے عرش کے اوپر ہے، اور اللہ تعالی اپنے تمام آسمانوں سے اوپر اور بلند ہے، اور وہ دنیا کے آسمان کی طرف اترتا ہے اور ان کا یہ کہنا قرآن وحدیث کے دلائل کی بنیاد پر ہے۔"

سلف صالحین، آئمہ اہل سنت، صحابہ کرام، اللہ پاک اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور تمام مومنوں کا بیانیہ آپ نے دیکھا، اور دیوبندیوں اور رافضیوں کا بھی دیکھ لیا، اب یہ آپ پر ہے کہ کس طرف جانا ہے۔



۸۸

راللہ کے جسم بھی ہو اور جسم نہ بھی ہو) دوسری صورت میں ارتفاع نقیضین لازم آتا ہے (جسم بھی نہ ہو اور غیر جسم بھی نہ ہو) اور اجتماع نقیضین و ارتفاع نقیضین محال ہے۔ تیسری صورت میں نقل کو بھی ترک کرنا پڑے گا کیونکہ نقل کے سمجھنے کا ذریعہ ہمارے پاس صرف عقل ہے۔ اور نقل کے مقابلہ میں عقل کو ترک کر دیا گیا تو ہمارے پاس نقل کو سمجھنے کا کوئی ذریعہ نہ رہے گا جس کی وجہ سے قہراً نقل کو بھی ترک کرنا پڑے گا۔ اور ارتفاع نقیضین لازم آجائے گا۔ فقط چوتھی صورت عمل کے لیے باقی رہ جاتی ہے یعنی حکم عقل کو تسلیم کیا جائے اور نقل کے معنی عقل کے مطابق لیے جائیں۔

مذکورہ بالا دونوں آیتوں میں ید کے معنی قدرت اور استویٰ کے معنی غلبہ کے ہیں۔

یہی تاویل بعینہٖ ہمیں ان آیات میں کرنا ہوگی جن کے ظاہری ترجمہ سے انبیاء علیہم السلام کی عصمت پر دھبہ آتا ہے اس لیے کہ عقل اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو معصوم ہونا چاہیے۔ ورنہ احکام خدا یقینی نہ رہیں گے۔ اور بعض آیات کے ظاہری ترجمہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام سے گناہ سرزد ہوا پس حکم عقل کے مطابق انبیاء کی عصمت کا عقیدہ رکھنا ہوگا اور ان آیات کے معانی عقل کے موافق مراد لیے جائیں گے۔ ان آیات کی تاویل انشاء اللہ بحث نبوت میں مذکور ہوگی۔

الجواب

قولنا فی امثال تلک الایات انا نؤمن بها و لا یقال کیف و نؤمن بالله

جواب

اس قسم کی آیات میں ہمارا مذہب یہ ہے کہ ان پر ایمان لاتے ہیں اور کیفیت سے بحث نہیں

سبحانه وتعالیٰ متعال ومنزه عن صفات المخلوقین وعن سمات النقص والحدوث کما هو رای قد مائنا. واما ما قال المتاخرون من ائمتنا فی تلک الایات یاولونها بتاویلات صحیحة سائغة فی اللغة و الشرع بانه یمکن ان یکون المراد من الاستواء الاستیلاء ومن الید القدرة الی غیر ذلک تقریباً الی افهام القاصرین فحق ایضا عندنا و اما الجهة والمکان فلا نجوز اثباتهما له تعالیٰ ونقول انه تعالیٰ منزه و متعال عنهما و عن جمیع سمات الحدوث.

کرتے، یقیناً جانتے ہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ مخلوق کے اوصاف سے منزہ اور نقص وحدوث کی علامات سے مبرا ہے جیسا کہ ہمارے متقدمین کی رائے ہے اور ہمارے متاخرین اماموں نے ان آیات میں جو صحیح اور لغت شرع کے اعتبار سے جائز تاویلیں فرمائی ہیں تاکہ کم فہم سمجھ لیں مثلاً یہ کہ ممکن ہے استواء سے مراد غلبہ ہو اور ہاتھ سے مراد قدرت، تو یہ بھی ہمارے نزدیک حق ہے۔ البتہ جہت ومکان کا اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت کرنا ہم جائز نہیں سمجھتے اور یوں کہتے ہیں کہ وہ جہت ومکانیت اور جملہ علامات حدوث سے منزہ و عالی ہے۔

السوال الخامس عشر

هل ترون احدا افضل من النبی صلی الله علیه وسلم من الکائنات؟

پندرھواں سوال


کیا تمہاری رائے یہ ہے کہ مخلوق میں سے جناب رسول اللہ ﷺ سے بھی کوئی افضل ہے؟

الجواب

اعتقادنا واعتقاد مشائخنا ان سیدنا و مولانا حبیبنا و شفیعنا محمدا رسول الله صلی الله علیه وسلم افضل الخلائق کافة و خیرهم عندالله تعالیٰ لا یساویه احد بل ولا یدانیه صلی الله علیه وسلم فی القرب من

جواب

ہمارا اور ہمارے مشائخ کا عقیدہ یہ ہے کہ سیدنا ومولانا وحبیبنا وشفیعنا محمد رسول اللہ ﷺ تمام مخلوق سے افضل اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بہتر ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے قرب ومنزلت میں کوئی شخص آپ کے برابر تو کیا، قریب بھی نہیں ہوسکتا۔ آپ ﷺ سردار ہیں جملہ انبیاء



✱ اللہ کی صفات کے بارے رافضی اور دیوبندی عقائد ✱

(پارٹ 3)

رافضی اور دیوبندی دونوں اللہ پاک کے عرش پر مستوی ہونے کے منکر ہیں، ان دونوں کا یہ عقیدہ ہے کہ آسمانوں کے اوپر عرش پر کوئی الہ موجود نہیں، کیونکہ عرش پر ماننے سے ان دونوں کی عقلوں کے مطابق اللہ محدود ہو جاتا ہے، اللہ کا مکاں لازم آتا ہے، اللہ کے لیے جہت لازم آتی ہے، اسے لیے انہوں نے اس کا انکار کر دیا کہ عرش پر اللہ کی ذات موجود ہے۔

دو کتابوں کے سکین آپ کے سامنے ہیں ایک رافضیوں کی کتاب "أصول الشیعہ فی عقائد الشیعہ" ہے دوسری دیوبندیوں کے فقیہ الامت مفتی محمود الحسن گنگوہی کے "فتاوی" ہیں،

❁ رافضی عالم وہابیوں اور رافضیوں کے درمیان فرق بیان کرتے ہوئے پہلا فرق عقیدہ توحید کے عنوان سے یہ لکھتا ہے:

"یہ حضرات (وہابی) خدا کو عرش کے اوپر بتاتے ہیں.... ان کا یہ فاسد عقیدہ ان کی بعض مجہول روایات پر مبنی ہے۔"

❁ دیوبندی مولوی مفتی محمود الحسن گنگوہی لکھتا ہے:

"اسی طرح یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ عرش پر ہے.... کفر ہے، اس سے توبہ واجتناب واجب ہے۔"

جبکہ رب العزت کا قرآن اور رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان ان دونوں بدعتیوں کا صراحتاً رد کرتا ہے:

❁ قرآن میں ہے:

الرحمٰن علی العرش استوی -

"رحمٰن عرش پر مستوی ہے۔"

❁ رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

فهو عنده فوق العرش.

"اللہ پاک نے ﴿عرش کے اوپر﴾ اپنے پاس ایک کتاب لکھ رکھی ہے۔"


❁ دوسری حدیث میں ہے:

مكتوب عنده فوق العرش.

"اللہ پاک نے ایک کتاب لکھی... جو اس کے پاس ﴿عرش کے اوپر﴾ ہے۔"

[صحیح بخاری]

سلف صالحین کا مذہب بھی یہی ہے جیسا کہ گزشتہ متعدد پوسٹوں میں آپ نے ملاحظہ فرمالیا ہے، اب یہ آپ پر ہے کہ رافضیوں اور بدعتیوں والا عقیدہ رکھنا ہے یا قرآن و حدیث اور سلف صالحین والا !






۴۱۵

ذیل میں صرف بنیادی اور اہم صرف چودہ عدد اختلافات کا اور وہ بھی اجمالی طور پر تذکرہ کرتے ہیں۔ تاکہ قارئین کرام پر چہاردہ معصومین کے ماننے اور نہ ماننے والوں کے درمیان جو نمایاں فرق ہیں وہ واضح و عیاں ہو جائیں۔

پہلا فرق عقیدۂ توحید

ارباب بصیرت جانتے ہیں کہ دین کا سنگ بنیاد عقیدۂ توحید ہے کما قال رسول اللہ ص اول الدین معرفۃ الجبار (اصول کافی الانوار) ہم خدا وند عالم کو جسم و جسمانیات و مکان و مکانیات سے منزہ و مبرا، ذات و صفات میں واحد و لاشریک، عدیم المثل و بے نظیر تسلیم کرتے ہیں۔ اور مخلوق والی تمام صفات نقص و عیب سے اس کے دامن ربوبیت کو پاک و صاف سمجھتے ہیں۔ مگر وہابیہ کی توحید کچھ اور ہی قسم کی ہے۔ یہ حضرات خدا کو عرش کے اوپر بٹھاتے ہیں۔ چنانچہ شیخ محمد بن عبد الوہاب نجدی کی کتاب التوحید مطبوعہ حجاز ص ۱۲۳ پر لکھا ہے۔ ان اللہ فوق العرش "خدا عرش کے اوپر ہے۔" ان کا یہ فاسد عقیدہ ان کی ان بعض مجہول روایات پر مبنی ہے۔ جن میں وارد ہے کہ ان اللہ فوق عرشہ وعرشہ فوق سمٰوٰتہ وارضہ مثل القبۃ وانہ لیئط بہ اطیط الرحل بالراکب یعنی خدا عرش پر ہے اور عرش آسمانوں کے اوپر ہے۔ اور زمین مثل گنبد کے معلوم ہوتی ہے۔ عرش خدا کے (بیٹھنے) سے یوں چرچراتا ہے۔ جیسے (نئی) زین سوار کے بیٹھنے سے چرچراتی ہے (کنز العمال ج ۱ ص ۵۴ طبع حیدر آباد دکن) یہ حضرات خدا کے لئے ہاتھ پاؤں وغیرہ اعضاء و جوارح بھی ثابت کرتے ہیں۔ چنانچہ محمد ابن عبد الوہاب نے اپنی کتاب التوحید میں اس سلسلہ کی بعض روایات نقل کرنے کے بعد ان سے جو نتائج اخذ کئے ہیں۔ ان میں سے پانچواں امر یوں لکھا ہے الخامسۃ التصریح بذکر الیدین وان السمٰوٰت فی الید الیمنی والارضین فی الید الاخری (یعنی) پانچواں امر یہ ان روایات میں اس بات کی تصریح موجود ہے کہ خدا کے دونوں ہاتھ ہیں۔ آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں ہے اور زمین بائیں ہاتھ میں۔ نیز یہ حضرات اس کے لئے چلنا پھرنا، چڑھنا اترنا اور ہنسنا وغیرہ بھی تجویز کرتے ہیں۔ چنانچہ اس فرقہ کے عالم عظیم الشان جناب مولوی وحید الزمان مترجم صحاح ستہ اپنی کتاب انوار اللغۃ طبع بنگلور میں رقمطراز ہیں "اس کا مکان عرش معلیٰ پر ہے۔ اور اس کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے۔ وہ جہت فوق میں ہے جہاں چاہے وہاں جا سکتا ہے۔ اوپر چڑھتا ہے اور نیچے اترتا ہے۔ کلام کرتا ہے ہنستا ہے تعجب کرتا ہے" الغرض یہ فرقہ توحید توحید کی گردان تو بہت کرتا ہے۔ مگر ان کی توحید بقول شیخ احمد غزالی شیطان سے لی ہے (معاذ اللہ ہم بموجب نقل کفر کفر نباشد شیخ موصوف کا فتویٰ نقل کرتے ہیں۔ من لم یتعلم التوحید من ابلیس فھو زندیق۔ یعنی جو شخص ابلیس سے توحید حاصل نہیں کرتا وہ زندیق ہے (شرح نہج البلاغہ حدیدی ج ۱ ص ۵ طبع بیروت) مگر ہماری توحید سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام سے ماخوذ ہے۔ و شتان ما بینہما۔ اسی طرح یہ حضرات عدالت باری تعالیٰ کے بھی قائل نہیں۔ بلکہ خیر و شر من اللہ تعالیٰ کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ جو ہمارے نزدیک بالکل باطل ہے۔ اور ہم لا جبر ولا تفویض بل امر بین الامرین کے قائل ہیں۔ تفصیل کے لئے احسن الفوائد کی طرف رجوع کیا جائے۔





فتاویٰ محمودیہ جلد اول ۔۔۔ ۳۳۶ ۔۔۔ ما یتعلق باللہ تعالیٰ وصفاتہ

الجواب حامداً و مصلیاً:

خداوند کریم کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ ہر شئے میں حلول کئے ہوئے ہے، کفر ہے(۱) اس طرح یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ عرش پر یا کسی اور مکان میں ہے جس طرح کہ بادشاہ ایوان میں ہے یہ بھی کفر ہے، ان دونوں عقیدوں سے توبہ اور اجتناب واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی مکان میں محدود نہیں، وہ مکان سے منزہ و بالاتر ہے۔

"و (یکفر) بإثبات المکان للہ تعالیٰ، فإن قال: اللہ في السماء، فإن قصد به حکایة ما جاء في ظاهر الأخبار، لا یکفر، و إن أراد به المکان کفر، وإن لم تکن له نیة، یکفر عند أکثر هم، و عليه الفتوی اهـ" مجمع: ۲/۶۹۸(۲) "یکفر بإثبات المکان للہ تعالیٰ، فلو قال از خدا هیچ مکان خالی نیست یکفر" عالمگیری: ۲/۲۵۹(۳)۔

"ولا یتمکن في مکان اهـ" شرح عقائد، ص: ۳۹(۴)۔

البتہ عرش پر اس کا خاص تسلط اور استیلاء ہے، اس کی کیفیت کو وہی خوب جانتا ہے اور اپنے علم کے

---

(۱) "و لیس حالاً و لا محلاً". (شرح الفقہ الأکبر للملا علي القاري، ص: ۳۰، قدیمی)

"و أما قوله: (عنده) فقال ابن بطال: "عند" في اللغة للمکان، واللہ منزہ عن الحلول في المواضع، لأن الحلول عرض یفنی، و هو حادث، والحادث لا یلیق باللہ". (فتح الباري، کتاب التوحید، باب قول اللہ تعالیٰ: ﴿و یحذرکم اللہ نفسه﴾: ۱۳/۴۷۵، قدیمی)

"إن المعقول من حلول الشيء في غیره کون هذا الحال تبعاً لذلک المحل في أمر من الأمور، وواجب الوجود لذاته یمتنع أن یکون تبعاً لغیره فوجب أن یمتنع علیه الحلول". (أصول الدین للرازي، ص: ۳۳، مکتبة الکلیات الأزهریة)

(۲) (مجمع الأنهر، کتاب السیر، باب المرتد: ۱/۶۹۰، دار إحیاء التراث العربي بیروت)

(و کذا في الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع في أحکام المرتدین: ۲/۲۵۹، رشیدیه)

(و کذا في البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۲، ۲۰۳، رشیدیه)

(۳) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع في أحکام المرتدین: ۲/۲۵۹، رشیدیه)

(و کذا في مجمع الأنهر، کتاب السیر، باب المرتد: ۱/۶۹۱، دار إحیاء التراث العربي بیروت)

(۴) (شرح العقائد النسفیة للتفتازاني، ص: ۳۰، قدیمی)

"و لا متمکن في مکان لا علو و لا سفل و لا غیرهما". (شرح الفقه الأکبر للقاري، ص: ۳۶، قدیمی)

✱ اللہ کی صفات کے بارے رافضی اور دیوبندی عقائد ✱

(پارٹ 4)

یہاں ہم رافضیوں اور دیوبندیوں کا اصول پیش کر رہے ہیں صفات باری تعالی کے معاملے میں، جس اصول کے ترازو پر انہوں نے اللہ پاک کی صفات کو تولا ہے۔

دو کتابوں کے سکین آپ کے سامنے ہیں، ایک رافضیوں کی کتاب "احسن الفوائد فی شرح العقائد" ہے، دوسری دیوبندی بریلوی مدارس میں پڑھائی جانے والی ان کے عقائد کی بنیادی کتاب "شرح العقائد" ہے تفتازانی ماتریدی کی۔

پہلے رافضیوں کا اصول دیکھیں پھر ہو بہو وہی اصول تفتازانی کی کتاب میں دیکھیں، اس کے بعد اس اصول کو وضع کرنے کی دونوں کی ایک جیسی وجوہات دیکھیں، یہ اس کی واضح دلیل ہے کہ اللہ کی صفات کے بارے ماترید یہ نے اصول رافضیوں سے لیے ہیں، تو جو رافضیوں کی پیروی میں عقائد بناتا رہا اس کے گمراہ ہونے میں کیا شک رہا۔

❀ رافضی لکھتے ہیں:

"ایک عقلائی مسلمہ قاعدہ کا بیان"

"یعنی ہم آیات قرآنیہ کو ان کے ظاہری معنی پر ہی محمول کرتے ہیں ہاں جب وہ کسی عقلی دلیل سے متصادم ہوں تو پھر ان کی تاویل کرتے ہیں، جیسا کہ آیت مبارکہ "ید اللہ" میں ید کی تاویل لازم ہے۔"

رافضی کہتے ہیں کہ جن آیات میں اللہ کے ہاتھ کا ذکر ہے ان کی تاویل لازم ہے کیونکہ یہ ہماری عقلوں کے خلاف ہے،

(رافضی اس کی وجوہات بیان کرتے ہیں کہ یہ اصول کیوں تراشا گیا ہے)

"اس فرقہ باطلہ (ظاہری معنی لینے والوں) کے نظریات فاسدہ جنگل کی آگ کی طرح کم عقل و علم سادہ لوح مسلمانوں میں پھیلنا شروع ہو گئے، جس کی وجہ یہ تھی کہ قرآن کریم میں کچھ آیات متشابہات اس قسم کی تھیں جن سے ایک ظاہر بین شخص کو اس قسم کا توہم ہو سکتا تھا، کیونکہ عوام الناس بلکہ اکثر خواص بھی قرآنی آیات و متشابہات کی

صحیح تاویل اور ان کے حقیقی مفہوم سمجھنے سے قاصر ہیں، اس لیے جہاں انہوں نے ایسے الفاظ دیکھے، اسے ان کے ظاہر اور لغوی معنی پر حمل کر کے خدا کے لیے جسم اور اعضاء کے قائل ہو گئے۔"

❁ یہی سب کچھ تفتازانی ماتریدی کہتا ہے:

"دلائل نقلیہ کا جواب: یہ ہے کہ یہ بات علی الاطلاق (رافضیوں ماتریدیوں) میں مسلمہ ہے کہ جن نصوص کے ظاہری الفاظ کسی ایسے معنی پر دلالت کر رہے ہوں جو خلاف عقل ہوں تو ان نصوص کے ظاہری معنی مراد نہیں ہوں گے، لہذا ان نصوص میں مذکورہ دو طریقے اختیار کیے جائیں گے...

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہم ان نصوص میں تاویلات صحیحیہ کرتے ہیں جیسا کہ متاخرین کا مذہب ہے،

(آگے وجہ بیان کرتے ہیں کہ یہ کام کیوں کرتے ہیں)


کیونکہ ان کے دور میں فتنے پھیلنا شروع ہو گئے تھے پس ان گمراہ فرقوں نے ظاہری نصوص سے استدلات شروع کر دیے اور ضعیف الاعتقاد مسلمانوں کے عقائد کو خراب کرنا شروع کر دیا تو متاخرین نے ان نصوص میں تاویلات کو ضروری سمجھا تا کہ مخالفین کے استدلات کے جوابات بھی ہو سکیں اور کمزور مسلمانوں کو راہ راست پر لایا جاسکے۔"

یہ ہیں مسلمانوں کو راہ راست پر لانے والے رافضیوں کے اصولوں کی پیروی کر کے۔ ان دونوں عقل پرست بدعتیوں کی اصل مشرکین مکہ ہیں،

انہوں نے مسلمانوں پر عقلی دلیل کو مقدم کر کے اعتراض کیا تھا کہ:

"یہ مسلمان اپنا مارا ہوا جانور کھاتے ہیں جبکہ اللہ کا مارا ہوا حرام قرار دیتے ہیں۔"

ان عقل پرست بدعتیوں کو چاہیے کہ مردار بھی کھا لیا کریں کیونکہ عقل کا حکم تو یہی ہے کہ اللہ کا مارا ہوا جانور بالاولی حلال ہو۔



و فی القرآن و جآء ربك و الملك صفا صفا یعنی و جاء امر ربك و فی القرآن كلا انهم عن ربهم لمحجوبون یعنی عن ثوابه و فی القرآن

کہ اس کی قدرت میں ہوں گے و جاء ربك و الملك صفات صفا (سورۃ الفجر) تمہارا پروردگار آئے گا اور فرشتے صف بصف حاضر ہوں گے یہاں خدا کے آنے سے مراد امر خداوندی کے ہیں یعنی تمہارے پروردگار کا حکم آئے گا۔ کلا انهم عن ربهم لمحجوبون (مطففین:۱۵) یعنی وہ لوگ یقینا اپنے پروردگار سے محجوب رہیں گے۔ مطلب یہ کہ خداوند کریم ان کو اپنے ثواب سے محروم کردے گا

محکم کہیں، کہیں متشابہ ترا کلام — یارب عجیب راز یہ قرآں میں بھر دیا
اب تک مفسّروں کا اُلجھنا دلیل ہے — دُنیا کو اہلِ بیتؑ کا محتاج کر دیا

اور چونکہ رسولؐ و آل رسول علیہ وعلیہم السلام نے ان آیات مبارکہ کے وہی معانی بتلائے ہیں جو متن رسالہ میں مذکور ہیں۔ لہذا انہیں ہی تسلیم کرنا پڑے گا اور یہ ماننا پڑے گا کہ خداوند عالم کا منشاء وہی ہے جو اس ترجمان وحی خانوادہ نے بیان کر دیا ہے۔ ان معانی کے علاوہ جو شخص من گھڑت معنی تراشے گا وہ بوجہ تفسیر بالرائے ہونے کے سراسر ضلالت و گمراہی ہوگی۔ قال رسول اللہ ﷺ: "من فسر القرآن برأیه فلیتبوأ مقعده من النار"۔ جو شخص قرآن کی تفسیر و تاویل اپنی ذاتی رائے سے کرے وہ اپنی جگہ جہنم میں مہیا کرے۔ (حق الیقین الفریقین)

ایک عقلائی مُسلمہ قاعدہ کا بیان

ایک مُسلمہ قاعدہ و قانون ہے کہ جب کوئی مطلب براہین عقلیہ اور دلائل شرعیہ سے محقق و مبرہن ہو جائے اور پھر کوئی نقلی دلیل اس کے بظاہر مخالف معلوم ہو تو وہ اگر خبر واحد ہو تو اسے مسترد کر دیا جاتا ہے اور اگر کوئی قرآنی آیت یا متواتر روایت ہو تو اس کی کوئی ایسی تاویل کرنا واجب ہوتی ہے کہ اس کا مفہوم دلائل عقلیہ اور آیاتِ محکمات سے ثابت شدہ مطلب سے متصادم و مخالف نہ ہونے پائے۔ چنانچہ محقق شیخ بہائی اپنے رسالہ "اعتقادات الامامیہ" میں اسی قاعدہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "و نحمل آیات القرآن علی ظاهرها الا اقام الدلیل علی خلافه کقوله تعالیٰ: ید الله فوق ایدیهم" الخ۔ یعنی ہم آیات قرآنیہ کو ان کے ظاہری معانی پر ہی محمول کرتے ہیں۔ ہاں جب وہ کسی عقلی دلیل سے متصادم ہوں تو پھر ان کی تاویل کرتے ہیں۔ جیسا کہ آیت مبارکہ "ید اللہ" میں لفظ "ید" کی تاویل لازم ہے۔

فرقۂ مجسمہ کو جواب

﴿عبارت﴾: وَالْجَوَابُ اَنَّ ذٰلِكَ وَهْمٌ مَحْضٌ وَحُكْمٌ عَلَى غَيْرِ الْمَحْسُوْسِ بِاَحْكَامِ الْمَحْسُوْسِ وَالْاَدِلَّةُ الْقَطْعِيَّةُ قَائِمَةٌ عَلَى التَّنْزِيْهَاتِ فَيَجِبُ اَنْ يُفَوَّضَ عِلْمُ النُّصُوْصِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى مَاهُوَ دَأْبُ السَّلَفِ اِيْثَارًا لِلطَّرِيْقِ الْاَسْلَمِ اَوْ يُؤَوَّلَ بِتَاْوِيْلَاتٍ صَحِيْحَةٍ عَلٰى مَا اخْتَارَهُ الْمُتَاَخِّرُوْنَ دَفْعًا لِمَطَاعِنِ الْجَاهِلِيْنَ وَجَذْبًا لِضَبْعِ الْقَاصِرِيْنَ سُلُوْكًا لِلسَّبِيْلِ الْاَحْكَمِ

﴿ترجمہ﴾: اور جواب یہ ہے کہ یہ محض وہم ہے اور محسوس پر غیر محسوس کا حکم لگانا ہے حالانکہ دلائل قطعیہ تنزیہات پر قائم ہیں پس واجب ہے نصوص کا علم اللہ کی طرف سپرد کیا جائے اس طریقہ پر جو سلف کا طریقہ ہے محفوظ راستے کو ترجیح دیتے ہوئے یا ان نصوص کی صحیح تاویل کی جائیگی اس طریقہ پر کہ جس کو متاخرین نے پسند کیا ہے جہلاء کے اعتراضات کو ختم کرنے کے لئے اور کمزور مسلمانوں کے بازوؤں کو تھامنے کے لئے مضبوط راستہ پر چلنے کی غرض سے۔

﴿تشریح﴾:


وَالْجَوَابُ اَنَّ الخ: سے غرض شارح علیہ الرحمہ فریق مخالف کی دلیل عقلی ونقلی کا جواب دینا ہے۔

دلیل عقلی کا جواب: دو موجودین کا اس طور پر فرض کرنا کہ ان کے درمیان اتصال ہوگا یا انفصال ہوگا یہ سب توہمات ہیں ان کی کوئی حقیقت نہیں، یہ غیر محسوس (ذات باری تعالیٰ) پر محسوس (عالم) کا حکم لگانا ہے جو کرنا جائز ہے کیونکہ قیاس الغائب علی الشاہد کے قبیل سے ہے اور قیاس الغائب علی الشاہد ناجائز و باطل ہے۔

دلائل نقلیہ کا جواب: یہ ہے کہ یہ بات علی الاتفاق مسلمہ ہے کہ جن نصوص کے ظاہری الفاظ کسی ایسے معنی پر دلالت کر رہے ہوں جو خلاف عقل ہوں تو ان نصوص کے ظاہری معنی مراد نہیں ہونگے، لہٰذا ان نصوص میں مذکورہ دو طریقے اختیار کئے جائیں گے۔

1: ان نصوص کے علم کو ہم اللہ کے حوالے کرتے ہیں جیسا کہ متشابہات کے بارے میں متقدمین کا مذہب ہے یعنی ہم مانتے ہیں کہ ان آیات ونصوص میں ذات باری تعالیٰ کے لئے ید، جسم، صورت وغیرہ ثابت ہو رہی ہیں، لیکن ان کی کیفیت ہمیں معلوم نہیں، مگر اتنی بات بالکل مسلمہ ہے کہ ان کی شکل وصورت ہماری شکل وصورت جیسی نہیں ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ لیس کمثلہ شیء اور یہ طریقہ سلامتی والا طریقہ ہے اسی وجہ سے اس طریقہ کو اسلم کہا گیا ہے۔

2: دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہم ان نصوص میں تاویلات صحیحہ کرتے ہیں جیسا کہ متاخرین کا مذہب ہے چونکہ ان کے دور میں گمراہ فرقے اور فتنے پھیلنا شروع ہو گئے تھے، پس ان گمراہ کن فرقوں نے ظاہری نصوص سے استدلالات شروع کر دیئے اور ضعیف الاعتقاد مسلمانوں کے عقائد کو خراب کرنا شروع کر دیا تو متاخرین نے ان نصوص میں تاویلات کو ضروری سمجھا تاکہ مخالفین کے استدلالات کے جوابات بھی ہو سکیں اور کمزور مسلمانوں کو راہ راست پر لایا جا سکے۔ متاخرین نے ان نصوص میں جو تا



والے لوگ بیان کرتے ہیں۔(بحارالانوار جلد ۲)

خلاصہ یہ کہ: "من شبہ اللہ بخلقہ فھو مشرک" جو شخص خدا کو اس کی مخلوق کے ساتھ تشبیہ دے وہ مشرک ہے۔(عیون اخبار الرضا)

بہرحال اس فرقہ باطلہ کے نظریات فاسدہ جنگل کی آگ کی طرح کم عقل و علم سادہ لوح مسلمانوں میں پھیلنے شروع ہو گئے۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ قرآن مجید میں کچھ آیات متشابہات اس قسم کی تھیں جن سے ایک ظاہر بین شخص کو اس قسم کا توہم ہو سکتا تھا کیونکہ عوام الناس بلکہ اکثر خواص بھی قرآنی آیات و متشابہات کی صحیح تاویل اور ان کے حقیقی مفہوم سمجھنے سے قاصر ہیں، اور نہ ہی سب لوگ

ومنہ قولہ تعالٰی واذکر عبدنا داؤد ذوالاید یعنی ذوالقوۃ و فی القران یا ابلیس ما منعک ان تسجد لما خلقت بیدی یعنی بقدرتی و قوتی و فی القران

ارشاد فرماتا ہے: و السماء بنینٰھا باید (ذاریات: ۴۷) ہم نے آسمان کو اید سے بنایا۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی قوت اور طاقت سے بنایا، نہ کہ ہاتھوں سے بنایا، اس امر کی تائید ایک اور آیت سے بھی ہوتی ہے: واذکر عبدنا داؤد ذالاید (ص: ۱۷) یعنی یاد کر ہمارے داؤد کو جو اید والا تھا۔ مراد یہ ہے کہ وہ صاحب ہمت تھا ابلیس کا ذکر کرتے ہوئے ایک اور مقام پر قرآن مجید میں خداوند عالم ابلیس کو مخاطب کر کے ارشاد فرماتا ہے: یا ابلیس ما منعک ان تسجد لما خلقت بیدی (ص: ۷۵) اے ابلیس تونے اس کو سجدہ کیوں نہیں کیا

حقیقی و مجازی معنوں میں امتیاز کر کے ان کے موارد استعمال کو سمجھ سکتے ہیں۔ اس لیے انھوں نے جہاں اس قسم کے الفاظ دیکھے انھیں ان کے ظاہری اور لغوی معنوں پر حمل کر کے خدا کے لیے جسم و اعضاء کے قائل ہو گئے اور اس طرح اپنی توحید خراب کر کے آخرت بھی برباد کر بیٹھے۔ من حیث لا یشعرون ۔ چونکہ آیات متشابہات کا ذکر آگیا ہے ان کے بارہ میں چند ضروری امور کا ذکر ناگزیر ہے۔ یہ حقیقت ہر قسم کے شک و شبہ سے بلند اور تمام مکاتیب فکر کے مسلمانوں کے نزدیک مسلّم ہے کہ قرآن مجید میں کچھ آیاتِ محکمات ہیں اور کچھ متشابہات ہیں۔ جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے: مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ (سورۃ آلِ عمران: ۷)

✱ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب ✱

(پارٹ 1)

اللہ پاک کی اسماء وصفات میں ہر بدعتی کا اپنا اپنا ہی عقیدہ ہے، ان جاہلوں نے عقل کو معیار بنایا تو عقیدے کی تباہی پھیر دی اور بدعتی بن گئے پھر جہالت پر جہالت یہ ہے کہ خود کو اہل سنت سمجھتے ہیں، ان جاہلوں میں ایک مولوی الیاس گھمن حیاتی ہے، یہ اتنا عالم نہیں تھا کہ اللہ پاک کے اسماء وصفات کے موضوع پر کلام کرتا لیکن جب کلام کیا تو جہالت کھل کر سامنے آگئی اور اس کا علمی لیول واضح ہو گیا۔

❁ الیاس گھمن حیاتی دیوبندی لکھتا ہے:

"معیت علمیہ لازم ہے معیت ذاتیہ کو، جہاں ذات وہاں علم.... اثبات علم سے تو معیت ذاتیہ ثابت ہو گی بوجہ تلازم کے۔"

(الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ پاک کا علم جہاں ہے وہاں اس کی ذات بھی ہے۔)

وھو معکم این ما کنتم.

تم جہاں ہو اللہ تمہارے ساتھ ہے،

اس سے علم مراد لینے کا مطلب یہ کیسے ہو گیا کہ وہاں ذات نہیں، بلکہ جہاں علم وہاں ذات ہے۔

❁ حالانکہ اللہ پاک نے قرآن میں فرمایا ہے:

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ -

"اللہ کو علم ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹوں میں ہے۔"

اب الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کے مطابق اللہ پاک ماؤں کے پیٹوں میں ہے نعوذ باللہ، کیونکہ جہاں اللہ کا علم وہاں اس کی ذات۔

❀ عبد الشکور سالمی ماتریدی صاحب کا الیاس گھمن حیاتی دیوبندی پر فتویٰ لگتا ہے:

"پھر ہم کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ ہر مکاں میں ہے تو وہ حیوانات کے مونہوں میں ہے، معاذ اللہ، اور کتوں کے مونہوں میں معاذ اللہ اور عورتوں کی شرمگاہوں میں بھی ہے اور لونڈیوں کی اندام نہانی میں بھی ہے، یہ کفر قبیح ہے، بدترین کفر ہے، نہایت شنیع و غلیظ اور گندی بات ہے۔"

الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کے مطابق اللہ ہر اس جگہ ہے جس کا ذکر عبد الشکور سالمی ماتریدی نے کیا ہے، کیونکہ اللہ کو ان سب کا علم ہے اور الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کے مطابق جہاں اللہ کا علم ہے وہاں اس کی ذات بھی ہے۔

یہ ہے دیوبندیوں کے مناظر اسلام کا مبلغ علم، اپنے ہی ماتریدی سے کافر قرار پا رہا ہے، ایسے جاہل مولویوں نے دیوبندیوں کے عقیدے بنائے ہوئے ہیں اور یہ موجودہ دیوبندی ان کے پیروکار بنے ہوئے ہیں۔



القواعد فی العقائد

از افادات: متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

سرپرست: مرکز اہل السنۃ والجماعۃ 87 جنوبی، لاہور روڈ، سرگودھا
بانی و امیر: عالمی اتحاد اہل السنت والجماعت
چیف ایگزیکٹو: احناف میڈیا سروسز
چیئرمین: احناف ٹرسٹ
www.ahnafmedia.com

ایلیتہ میں لوگوں کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض جہمیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر مکان میں موجود ہے اور جہمیہ نے ان آیات سے استدلال کیا ہے:

(۱) پہلی آیت "وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلٰهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلٰهٌ" (الزخرف ۸۴) اور وہی آسمانوں میں خدا ہے اور وہی زمینوں میں خدا ہے۔

(۲) دوسری آیت "وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْأَرْضِ" (الانعام ۳) اور وہی اللہ ہے آسمان اور زمینوں میں۔

(۳) تیسری آیت "إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ" (النحل ۱۲۸) بے شک

اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ہے جو ڈرتے ہیں اور جو نیک کام کرتے ہیں۔

(۴) چوتھی آیت: "مَا يَكُونُ مِنْ نَجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ" (المجادلہ ۷) جہاں کہیں تین شخصوں کی سرگوشی ہو تو چوتھا وہ موجود ہے اور پانچ کی ہو تو چھٹا وہی ہوتا ہے۔


ان آیتوں کا جواب یہ ہے:

پہلی آیت کا جواب یہ ہے کہ آسمان اور زمین والوں کا ایک الٰہ (معبود ہے)۔

دوسری آیت کا جواب یہ ہے کہ آسمان وزمین اللہ تعالیٰ کی تدبیر ہے۔

تیسری آیت کا جواب یہ ہے کہ یعنی مدد ونصرت اور توفیق کے ساتھ۔

چوتھی آیت کا جواب یہ ہے کہ یعنی اللہ تعالیٰ ان کی گفتگو کو سنتا ہے اور ان کے افعال کو دیکھتا ہے، ہم ان آیتوں کا یہ مطلب لیتے ہیں۔ پھر ہم کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ ہر مکان میں ہے تو معاذ اللہ وہ حیوانات کے مونہوں میں ہے اور کتوں کے منہ میں اور معاذ اللہ عورتوں کی شرم گاہوں میں بھی ہے اور لونڈیوں کی اندام نہانی میں اور یہ کفر قبیح ہے، بدترین کفر ہے، نہایت شنیع وغلیظ اور گندی بات ہے۔



✱ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب ✱

(پارٹ2)

یہ حقیقت واضح کرنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ الیاس گھمن حیاتی کے یہی شوشے ہر عام دیوبندی کی زبان پر بھی موجود ہیں،

اہل حدیث جو اللہ کو عرش پر مانتے ہیں ان پر اعتراض کرتے ہوئے الیاس گھمن حیاتی دیوبندی لکھتا ہے:

❀ "اگر اللہ کو عرش پر مانا جائے تو سوال پیدا ہو گا کہ جب عرش نہیں تھا تو اللہ تعالی کہاں تھے؟

حقیقتاً عرش پر مستوی ہونے کی تین صورتیں ہیں:

(1) اللہ تعالی عرش کے محازات میں ہوں گے،

(2) عرش سے متجاوز ہوں گے،

(3) عرش سے کم ہوں گے،

اگر عرش کے محازات میں مانیں تو عرش چونکہ محدود ہے لہذا اللہ تعالی کا محدود ہونا لازم آئے گا، اور متجاوز مانیں تو اللہ کی تجزی یعنی تقسیم لازم آئے گی اور تجزی جسم کی ہوتی ہے اور جسم حادث ہے جبکہ اللہ تعالی قدیم ہے، اور اگر عرش سے کم مانیں تو عرش یعنی مخلوق کا خالق یعنی اللہ تعالی سے بڑا ہونا لازم آئے گا جبکہ یہ تینوں صورتیں محال اور ناممکن ہیں، اللہ تعالی خالق ہیں جو کہ غیر محدود ہیں، عرش مخلوق ہے جو کہ محدود ہے، اگر اللہ تعالی کو عرش پر مانا جائے تو غیر محدود کا محدود میں سمانا لازم آئے گا جو کہ محال ہے.....الخ"

آپ دیکھیں الیاس گھمن حیاتی کا سارا کلام استواء کی کیفیات پر مبنی ہے یہ سارا کلام اس نے جہمیہ سے چوری کیا ہے، یہ اہل حدیث سے کیفیات کے متعلق پوچھ رہا ہے کہ اگر اللہ کو عرش پر مانیں تو یہ یہ صورت واقع ہو گی، جبکہ اہل حدیث کا عقیدہ استواء علی العرش بلا کیف ہے۔

❁ زکریا کاندھلوی تبلیغی دیوبندی صاحب کے شاگرد عاقل صاحب لکھتے ہیں:

"اور ہمارے سلف صالحین صحابہ کرام اور تابعین وغیرہ اہل علم رضوان اللہ علیہم اجمعین اللہ کا فوق العرش (عرش کے اوپر) ہونا تسلیم کرتے تھے اور عرش پر ہونے کی تشریح اور کیفیت کچھ بیان نہیں کرتے تھے اس کی کیفیت کے بارے میں وہ اپنی جہالت کا اعتراف کرتے ہیں،

کسی شخص نے امام مالک رحمہ اللہ سے اللہ کے عرش کے اوپر ہونے کی تفسیر معلوم کی تھی، پوچھنے والا مبتدعین (بدعتیوں) میں سے ہوگا (جیسا کہ الیاس گھمن اہل حدیث سے تفصیل پوچھ رہا ہے)، امام مالک نے فرمایا، استواء معلوم ہے، کیفیت مجہول ہے اور اس کے بارے سوال کرنا بدعت ہے۔ پھر کہا یہ شخص بدعتی ہے اسے مجلس سے نکلوادیا۔"

الیاس گھمن حیاتی دیوبندی اللہ کے عرش پر ہونے کی نفی کرکے اللہ کو عرش پر ماننے والوپر سوال اٹھا رہا ہے اور پھر عرش پر ہونے کی تفسیر و تشریح کر رہا ہے اور کیفیات بیان کر رہا ہے کہ یہ تین صورتیں (کیفیات) ہو سکتی ہیں اللہ کے عرش پر ہونے کی اور پھر اس کا جواب پوچھ رہا ہے،

عاقل دیوبندی صاحب کے مطابق سلف صالحین، صحابہ کرام اور تابعین اور اہل علم اللہ کو عرش پر مانتے تھے، کیفیات بیان نہیں کرتے تھے عرش پر ہونے کی تفسیر و تشریح پوچھنے والا بدعتیوں میں سے ہے، یعنی الیاس گھمن حیاتی دیوبندی عاقل دیوبندی صاحب کے نزدیک بدعتی ہے۔

❁ امام ذھبی رحمہ اللہ کی کتاب **"الاربعین فی صفات رب العالمین"** کا سکین آپ کے سامنے ہے، امام ذھبی رحمہ اللہ نقل کرتے ہیں:

"امام الاصمعی رحمہ اللہ کے پاس جہم بن صفوان کی بیوی آئی تو ایک شخص نے اس کی بیوی کے سامنے کہا کہ:

اللہ پاک عرش پر ہے،

یہ جملہ سن کر (الیاس گھمن کی پھوپھی) کہنے لگی:


پھر تو اللہ محدود ہو گیا، اور (اللہ) محدود عرش پر ہے۔

امام الاصمعی رحمہ اللہ نے یہ سن کر فرمایا:

اس قول کی وجہ سے یہ عورت کافر ہو گئی ہے۔"

اب آپ دیکھیں جہم بن صفوان کی بیوی نے صرف اتنا پوچھا کہ اللہ اگر عرش پر ہے تو عرش محدود ہے اس طرح اللہ کو عرش پر ماننے سے اللہ بھی محدود ہو گیا، توامام الاصمعی رحمہ اللہ نے فرمایا یہ عورت اس وجہ سے کافرہ ہو گئی ہے، لیکن اس دیوبندی مولوی کی جہالت کا اندازہ لگائیں کیسے کیفیات کے متعلق سوالات اٹھارہا ہے اور یہی کام اس کے پیروکار عام دیوبندی کرتے نظر آئے گے آپ کو۔

اللہ پاک ان کو ہدایت عطا فرمائے، آمین!


القواعد فی العقائد


القواعد فی العقائد

از افادات: متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

سرپرست: مرکز اہل السنۃ والجماعۃ، 87 جنوبی، لاہور روڈ، سرگودھا
بانی، امیر: عالمی اتحاد اہل السنت والجماعت
چیف ایگزیکٹو: احناف میڈیا سروسز
چیئرمین: احناف ٹرسٹ
www.ahnafmedia.com




القواعد فی العقائد 15


الدر المنضود
علی
سنن ابی داود
الجزء السادس
مکتبۃ الشیخ
۳۳۵/۳۔ بہادر آباد۔ کراچی ۵


حدیث الاوعال من حیث السند

فقيل هذا لأحمد بن حنبل ، فقال : هكذا هو عندي[٥٠] .

١١ – وقال عبد الرحمن بن مهدي[٥١] : إن الجهمية أرادوا أن ينفوا أن الله كلّم موسى ، وأن يكون استوى على العرش . أرى أن يُستتابوا ، فإن تابوا وإلا ضُربت أعناقهم[٥٢] .

١٢ – وقال الأَصْمَعِيّ[٥٣] : قدمت امرأة جهم[٥٤] ، فقال رجل عندها : إن الله على عرشه . فقالت : محدودٌ على محدود . فقال الأصمعي : هي كافرة بهذه المقالة[٥٥] .

(٥٠) روى ذلك عنه تلميذه أبو بكر الأثرم . (انظر : فتاوى ابن تيمية ٥/٥٢ . وإثبات صفة العلو لابن قدامة ص ١٠٠) .

(٥١) ابن حسان العنبري ، أبو سعيد البصري . ثقة ثبت حافظ . مات سنة ثمان وتسعين ومائة ، وله ثلاث وستون . (انظر : الكاشف ٢/١٨٧ . والتقريب ٢١٠) .

(٥٢) أخرجه البخاري (في خلق أفعال العباد ص ١٧) . وعبد الله بن أحمد (في السنة ص ١٦) ، والبيهقي (في الأسماء والصفات ٣١٩) . وذكره ابن تيمية (في الحموية ص ٣١) ، والذهبي (في العلو ص ١١٨) ، وابن القيم (في اجتماع الجيوش ص ٨٤) ، وصحّحوه . ومثل قول ابن مهدي قال عدد من الأئمة نقل ابن تيمية ، وغيره أقوالهم . منهم ابن خزيمة الذي قال : « من لم يقل أن الله فوق سماواته على عرشه بائن من خلقه وجب أن يستتاب ، فإن تاب وإلا ضُربت عنقه ، ثم أُلقي على مزبلة لئلا يتأذى بريحه أهل القبلة ولا أهل الذمة » . (انظر : الفتاوى ٥/٥٢ . والسير ١٤/٣٧٤) .

(٥٣) هو عبد الملك بن قُريب بن عبد الملك بن علي بن أصمع ، أبو سعيد الأصمعي – نسبة إلى جده – البصري اللغوي الإخباري . صدوق . مات سنة خمس عشرة ومائتين ، أو في التي بعدها وقد قارب التسعين . (انظر : الأنساب ١/٢٩٣ ، والكاشف ٢/٢١٣ . والتقريب ٢٢٠) .

(٥٤) ابن صفوان . قال الذهبي : أبو محرز السمرقندي الضالّ المبتدع ، رأس الجهمية . هلك في زمان صغار التابعين ، وما علمته روى شيئاً ، ولكنه زرع شراً عظيماً . (انظر : ميزان الاعتدال ١/٤٢٦ . ولسان الميزان ٢/١٤٢) .

(٥٥) ذكره ابن تيمية في الفتاوى (٥/٥٣) ، والحموية (ص ٣٥) . والذهبي في العلوّ (ص ١١٨) .

— ٤١ —

الأربعين

مجالس

في

صفات ربّ العالمين

" الجزء الأول منه

للإمام الحافظ

شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي

المتوفى سنة ٧٤٨ هـ

قدم له وحقق نصوصه وخرج أحاديثه وعلق عليه

عبد القادر بن محمد عطا صوفي

مكتبة العلوم والحكم

المدينة المنورة

✱ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب ✱

(پارٹ 3)

بعض دیوبندی یہ سمجھ رہے ہیں کہ الیاس گھمن حیاتی نے اللہ کے ہر جگہ موجود ہونے کا عقیدہ بیان نہیں کیا دیوبندیہ کا۔ لہذا الیاس گھمن حیاتی دیوبندی اس اعتراض کہ اللہ تعالی کو ہر جگہ مانیں تو بیت الخلاء میں بھی موجود ہے تو یہ اللہ کی بے ادبی ہے، اور اگر بیت الخلاء میں نہ مانیں تو ہر جگہ ہونے کا عقیدہ ٹوٹ گیا،

❀ اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے الیاس گھمن لکھتا ہے:

"بعض چیزوں کو اجمالاً بیان کریں تو مناسب اور ادب ہے تفصیلات بیان کریں تو خلاف ادب ہے، مثلاً

مثال نمبر 1: سسر اپنے داماد کو کہے "میری بیٹی کے حقوق کا خیال رکھنا" تو اجمالاً قول ہونے کی وجہ سے یہ ادب ہے، لیکن اگر وہ تمام حقوق ایک ایک کر کے گنوانا شروع کر دے تو خلاف ادب ہے،

اسی طرح اللہ ہر جگہ ہے یہ اجمالاً کہنا تو مذکورہ قاعدہ کی رو سے درست اور ادب ہے، لیکن تفصیلاً ایک ایک جگہ کا جس میں ناپسندیدہ جگہ بھی شامل ہوں تو یہ بے ادبی ہونے کی وجہ سے غلط ہوگا، لہذا ایسا سوال کرنا ہی غلط اور ناجائز ہے۔"

❀ دوسرے اعتراض کہ اللہ کو ہر جگہ مانیں تو حلول اور اتحاد لازم آئے گا، اس کا جواب دیتے ہوئے الیاس گھمن لکھتا ہے:

"حلول اور اتحاد تب لازم آئے گا جب اللہ کے لیے جسم مانا جائے، جبکہ اللہ تعالی جسم سے پاک ہے،

دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ہر ایک کا وجود باقی رہے "اتحاد" کہلاتا ہے، جیسے آملیٹ اور دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ایک چیز کا وجود ختم ہو جائے "حلول" کہلاتا ہے جیسے شربت۔"

تو یہ ہے دیوبندیوں کا مناظر اسلام یہ اسماء وصفات پر کلام کر رہا ہے آملیت اور شربت کی مثالیں دے کر!

توالیاس گھمن حیاتی دیوبندی کے بیان سے معلوم ہوا کہ اللہ ہر جگہ موجود ہے یہ بالکل درست عقیدہ ہے، البتہ یہ نہیں پوچھنا چاہیے کہ کیابیت الخلاء میں بھی موجود ہے،

بس پوچھنا نہیں چاہیے دیوبندیوں کو اپنے مولویوں سے لیکن ماننا چاہیے کہ بیت الخلاء میں بھی موجود ہے اور گندگی کے ڈھیروں پر بھی،

تو اب وہ دیوبندی اپنا اشکال دور کر لیں جو یہ سمجھ رہے تھے کہ الیاس گھمن نے اللہ کے ہر جگہ موجود ہونے کا عقیدہ پیش نہیں کیا دیوبندیہ کا،

❁ دیوبندیہ کے حکیم الامت اشرف علی تھانوی صاحب اپنی تحقیق پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ہر جگہ ہونے کے اس عقیدہ کی ہی کوئی دلیل نہیں، جب وہ صرف جگہ میں ہونے سے پاک ہے تو کئی جگہوں میں اس کا ہونا تو بہت دور کی بات ہے۔"

❁ پیر عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ان کا یہ دعوی بھی ہے کہ اللہ تعالی عرش وغیر عرش ہر جگہ موجود ہے، قرآن مجید اس کی تردید کرتا ہے:

رحمٰن عرش پر مستوی ہے،

اللہ نے اپنے عرش پر ہونے کا ذکر فرمایا ہے، نہ کہ زمین پر پہاڑوں پر یا حاملہ عورتوں کے پیٹوں پر وغیرہ"

❁ امام ابن جوزی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"جہمیہ فرقے کی بارہ شاخیں ہیں:

تیسری شاخ: ملتزمہ کہتے ہیں کہ اللہ ہر جگہ موجود ہے۔"

تو یہ جہمیہ کا عقیدہ ہے جو دیوبندیہ کا بیان کیا ہے الیاس گھمن حیاتی دیوبندی نے، اور یہ بھی حقیقت ہے کہ دیوبندیوں کی اکثریت کو پتہ ہی نہیں ان کا عقیدہ کیا ہے اللہ پاک کے بارے میں۔


الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کی جہالت دیکھیں کہ کہتا ہے کہ حلول تب لازم آتا ہے جب اللہ کا جسم مانا جائے،

اس جاہل نے دو جسم پتہ نہیں کیسے حلول کرتے دیکھیں ہیں، یہ دیوبندی مولویوں کے حجروں میں ہونے والے "گھناؤنے واقعات" کو ہی حلول سمجھ بیٹھا ہے،

شربت کی مثال بھی اس کی جہالت پر مبنی ہے کیونکہ شربت میں دوسرا وجود ختم نہیں ہوتا اگرچہ نظر نہ آتا ہو،

ایسے جاہل مولوی ہی ہیں جن کے بارے حدیث میں ہے کہ لوگ جاہلوں سے مسائل پوچھیں گے جو خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے،

دیوبندی اس کے پیروکار بنے ہوئے ہیں۔



القواعد فی العقائد

از افادات: متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

سرپرست: مرکز اہل السنۃ والجماعۃ، 87 جنوبی، لاہور روڈ، سرگودھا
بانی وامیر: عالمی اتحاد اہل السنت والجماعت
چیف ایگزیکٹو: احناف میڈیا سروسز
ناشر مین: احناف ٹرسٹ
www.ahnafmedia.com

رمضان نہیں، اگر ہے تو بیت الخلاء میں بابرکت کیسے؟ تو اس کا یہ سوال لغو ہو گا کیونکہ جب رمضان کا جسم نہیں ہے تو ہر جگہ ماننے میں کوئی بے ادبی نہ ہو گی اور یہ ہر جگہ بابرکت ہو گا۔ اسی طرح جب اللہ کا جسم نہیں تو ہر جگہ ماننے میں بے ادبی نہیں۔

اعتراض نمبر 2:

اگر اللہ تعالی کو ہر جگہ مانیں تو اس سے حلول اور اتحاد لازم آئے گا۔

جواب: حلول اور اتحاد جب لازم آئے گا جب اللہ تعالی کے لئے جسم مانا جائے' جبکہ اللہ تعالی جسم سے پاک ہیں۔

فائدہ: دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ہر ایک کا وجود باقی رہے "اتحاد" کہلاتا ہے جیسے آملیٹ اور دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ایک چیز کا وجود ختم ہو جائے "حلول" کہلاتا ہے جیسے شربت۔

غیر مقلدین کے دلائل اور ان کے جوابات:

قرآنی آیات:

1: اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں: ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ. (سورہ حدید 4، سورہ رعد: 2، طہ: 5، سجدہ: 4)

جواب نمبر 1: اس کا معنی "عرش پر اللہ کا غالب ہونا" ہے، جیسا کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا معنی: " اَيْ عَلَا عَلَى الْعَرْشِ" (صحیح بخاری: کتاب التوحید، باب وکان عرشہ علی الماء) نقل کیا ہے اور عربی زبان میں "استوی" بمعنی "غالب ہونا" استعمال ہوتا رہتا ہے۔ ایک شاعر نے بشر بن مروان کی مدح میں یہ شعر کہا تھا:

قَدِ اسْتَوٰى بِشْرٌ عَلَى الْعِرَاقِ
مِنْ غَيْرِ سَيْفٍ وَّ دَمٍ مُّهْرَاقٍ

(کتاب الاسماء والصفات للبیہقی: ج2 ص153)

ترجمہ: بشر بن مروان نے بغیر جنگ اور خونریزی کے عراق پر غلبہ پایا۔

ایک اور شاعر نے کہا:

فَلَمَّا عَلَوْنَا وَ اسْتَوَيْنَا عَلَيْهِمْ
جَعَلْنَاهُمْ مَرْعًى لِنَسْرٍ وَّ طَائِرٍ

(التحقیق علی کتاب الاسماء والصفات للبیہقی: ج2 ص154)


ترجمہ: جب ہم ان پر چڑھ دوڑے اور ان پر غلبہ پایا تو انہیں (ٹکڑے ٹکڑے کر کے) گدھوں اور پرندوں کے کھانے کے لیے چھوڑ دیا۔

اشکال: اگر کوئی کہے کہ عرش کی کیا تخصیص ہے، جب کہ اللہ تو آسمان، زمین اور دیگر مخلوقات پر بھی غالب ہے، تو عرش کو خاص کیوں کیا گیا؟

جواب: عرش کائنات کا مکان آخر ہے تو مکان آخر تک غلبہ بتانے کے لیے عرش کا ذکر کیا۔ جیسے ایک آدمی کے پاس سائیکل، موٹر سائیکل اور کار ہو تو وہ اپنی ملکیت اور مالی رتبہ بتانے کے لیے یہ کہے: "میرے پاس کار ہے" تو اس کا یہ معنی نہیں کہ اس کے پاس سائیکل اور موٹر سائیکل رکھنے کی اہلیت نہیں۔

جواب نمبر 2: اگر استویٰ علی العرش سے اللہ تعالی کا حقیقتاً عرش پر ہونا مراد لیں تو قرآن کریم کی بہت ساری ان آیات کا ان آیات سے تعارض لازم آتا ہے جن میں اللہ تعالی کے فوق العرش ہونے کی بجائے فی السماء یا ہر جگہ ہونے کا ذکر موجود ہے جیسے:

"وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ" (سورہ البقرۃ: 115)



تعالیٰ کا بنایا ہوا ہے لیکن (یہ چیزیں) اللہ تعالیٰ سے الگ اپنا وجود مستقل (الگ) رکھتی ہیں جو وحدت وجود (اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے) اور اللہ تعالیٰ کے ہر جگہ ہونے (کے عقیدے) کے خلاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر جگہ موجود ہے (یعنی وحدت وجود ایک ہونے کا مطلب تو یہ ہے کہ وہ اکیلا ہے اور ہر جگہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہر چیز کے ساتھ ہو تو اس سے ایک نہ ہونا سمجھ میں آتا ہے کہ جب ہر چیز کے ساتھ مستقل الگ ہو تو کئی ہونا لازم آئے گا)۔

تحقیق: ہر جگہ ہونے کے اس عقیدہ ہی کی کوئی دلیل نہیں۔ جب وہ صرف جگہ میں ہونے سے پاک ہے تو کئی جگہوں میں اس کا ہونا تو بہت دور کی بات ہے اگرچہ اس محاورہ میں گنجائش زیادہ ہے کیونکہ اس سے مراد کسی جگہ میں ہونے کی قید کا نہ ہونا ہے اور یہ صرف تعبیر ہے۔ وحدت الوجود (ایک ہونا) کئی کئی وجودوں کے خلاف نہیں ہے۔

خیال: اگر یہ تمام صورت چیزوں کے پیدا ہونے کی یہ ہو سکتی ہے جس طرح ہم خود اپنے جی میں اپنے خیالات و تصورات کو پیدا کرتے ہیں خصوصاً خواب کی صورت میں تو ہمارا ذہن بالکل بیداری کی دنیا کو پیدا کر لیتا ہے یا خود ہی اپنے معلومات و خیالات کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ زیادہ قدرت والی ذات نہ صرف بیداری میں اسی طرح سارا عالم پیدا کر سکتی ہے بلکہ ہمارے خواب سے بڑھ کر یہ قادر ذات اپنے تصور میں آنے والی مخلوقات انسان و حیوان وغیرہ کو ایسا بنا سکتی ہے کہ وہ (مخلوقات) خود کو اپنی اپنی جگہ مستقلاً حس اور عقلی مخلوق پائیں۔ چیزوں کے پیدا کرنے کی یہ صورت نہ صرف عقل کے اعتبار سے زیادہ قابل قبول معلوم ہوتی ہے بلکہ نقل (قرآن و حدیث) کے اعتبار سے بھی بہت سے عقائد و نصوص کی تصحیح آسان اور زیادہ قریب ہو جاتی ہے اس لئے کہ خالق و مخلوق کے اس تعلق کا خلاصہ یہ ہے کہ عالم خود اپنے معلومات یا علمی صورتوں سے ظاہر ہوتا ہے اس میں نہ خالق و مخلوق کا ایک ہونا لازم آتا ہے اس لئے کہ معلوم عالم نہیں ہو سکتا نہ اس طرح غیر ماننا پڑتا ہے کہ خالق کہیں ہو اور مخلوق کہیں۔ نہ اس میں نہ ہونے سے وجود کا لزوم ہوتا ہے یہ صورت جدید فلسفہ اور سائنس کے رجحانات کے بھی زیادہ قریب ہے۔

تحقیق: ان اشکالات کا حل تو صرف اسی صورت کے ساتھ مخصوص نہیں (بلکہ) دوسری صورتوں میں بھی یہ اشکالات حل ہو سکتے ہیں۔ رہا سہولت حل کی آسانی تو یہ سہولت غائب کو موجود پر قیاس کرنے سے ہوتی ہے۔ یہ قیاس ہی بلا دلیل ہے خاص طور پر جبکہ کسی دلیل کے بھی خلاف ہو اور وہ دلیل یہ ہو سکتی ہے کہ تصور کے بعد ان صورتوں کی جگہ کیا ہوگی اللہ تعالیٰ کی ذات یا اس کے علاوہ پہلی صورت میں کئی جگہ حوادث (ختم ہو جانے والی

گناہ نہیں ہے۔

☆ شاخ یازدہم: **فاسطیہ** یہ کہتے ہیں کہ دنیا میں زاہد ہونے سے افضل ہے کہ دنیا تلاش کرنے میں کوشش کرے۔

☆ شاخ دوازدہم: **نظامیہ** جس نے ابراہیم نظام کی پیروی میں یہ کہا کہ جو کوئی اللہ تعالی کو شے کہے تو وہ کافر ہے۔

فائدہ یہ بھی فرقہ اعتقاد معتزلہ پر گمراہ ہے اور یہ ایک بات اس گمراہی پر اور زیادہ بڑھائی ہے۔ اس طرح ان سب فرقوں میں باہم مخالفت ہے اور سب خلاف رسالت ہیں۔

جہمیہ فرقہ میں بھی بارہ شاخیں ہیں۔

☆ شاخ اول: **معطلہ** جو کہتے ہیں کہ جس چیز پر انسان کا وہم پڑے وہ مخلوق ہے اور جو کوئی دعوی کرے کہ اللہ تعالی کا دیدار ممکن ہے تو وہ کافر ہے۔

☆ شاخ دوم: **موصیہ** (مُرَیصیہ) فرقہ گمراہ کہتا ہے کہ اللہ تعالی کی اکثر صفات مخلوق ہیں۔

☆ شاخ سوم: **ملترقہ** کہتے ہیں کہ اللہ تعالی ہر جگہ موجود ہے۔


فائدہ تعجب ہے کہ اسی گمراہ فرقہ کا یہ اعتقاد اکثر عوام اہل السنت میں پھیل گیا اور یہ لوگ بھی کہنے لگے کہ خدا ہر جگہ موجود ہے۔ شاید اس کا سبب یہ طریقہ تھا کہ خدا کو حاضر ناظر جان کر قسم کھا کر گواہی دو تو عوام اپنی بے حسی سے یہ سمجھے کہ خدا حاضر موجود ہے حالانکہ قاضی کا مطلب یہ تھا کہ

تلبیس ابلیس 50

اللہ تعالی عالم و ناظر ہے اور یہی عربی محاورہ ہے یعنی اللہ تعالی تجھ کو دیکھتا اور علیم و خبیر ہے۔ یہ یاد کر کے سچی قسم کھائے گا۔ عوام نے اپنی سمجھ سے حاضر کے یہ معنی لگائے جیسے آپس میں بولا کرتے ہیں۔ لہذا علما پر فرض ہے کہ وعظ میں اللہ تعالی کی وحدانیت و اعتقاد حق کو اول بیان کیا کریں، تاکہ آئندہ ان کی نصیحت سے ایمان والوں کو مفید ہو۔ وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ تَعَالٰی ھُوَ الْمُوَفِّقُ.

☆ شاخ چہارم: **وارصیہ** کہتے ہیں کہ جس نے اللہ تعالی کو پہچانا وہ جہنم میں نہ جائے گا اور جو کوئی جہنم میں گیا وہ کبھی وہاں سے نہیں نکالا جائے گا۔


فائدہ اس فرقہ جاہل کے نفس نے ان کو یہ یقین دلایا کہ تم لوگ اللہ تعالی کے پہچاننے والے ہو اور اس جاہل نے اپنے نفس کا فریب دلیل مان لیا۔



فی الحقیقت وہ اللہ سے قرآن سنتے ہیں حالانکہ یہ قول عقیدہ حلول تک لے جاتا ہے۔ اللہ اس عقیدے سے محفوظ رکھے اس سے یہ بھی لازم آتا ہے کہ اللہ کبھی قرآن میں غلطی کرتا ہے اور کبھی تلفظ میں اور یہ صریح کفر ہے۔

ان کا یہ دعویٰ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ عرش و غیر عرش ہر جگہ موجود ہے۔ قرآن مجید ان کی تردید کرتا ہے [رحمٰن عرش پر مستوی ہے][۲۳۲] اللہ نے اپنے عرش پر مستوی ہونے کا ذکر فرمایا ہے نہ کہ زمین پر پہاڑوں پر یا حاملہ عورتوں کے پیٹوں پر وغیرہ۔

عقائد اور اصول کے متعلق یہ آخری بیان ہے جو بالاختصار پیش کیا گیا ہے در حقیقت ہم نے گمراہ فرقوں کے مذاہب مختلفہ میں سے ہر مذہب کے بطلان کی طرف اشارہ نہیں کیا اس لیے کہ کتاب ضخیم نہ ہو جائے ہم نے صرف ان کے اقوال ذکر کر دیے ہیں تاکہ ان کی شناخت ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان مذاہب باطلہ اور ان کے معتقدین کے شر سے محفوظ فرمائے اور ہمیں دین اسلام سنت اور فرقہ ناجیہ پر اپنی رحمت سے موت عطا فرمائے (آمین)



۲۳۲؎ طٰہٰ-۵

✱ دیوبندی مولوی الیاس گھمن حیاتی کی جہالت کا جواب ✱

(پارٹ4)

الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کی بونگیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس کی جہالت کے نمونوں میں سے ایک اور نمونہ پیش خدمت ہے،

❁ الیاس گھمن حیاتی دیوبندی لکھتا ہے:

"اگر کوئی شخص سوال کرے این اللہ؟ اللہ کہاں ہے؟ تو اس کا جواب یہ دینا چاہیے،

هو موجود بلا مكان،

کہ اللہ تعالی بغیر مکاں کے موجود ہے،

ھو موجود بلا مکاں، یہ تعبیر (دیوبندی) اہل علم حضرات کی ہے اسی طرح طلبہ کو سمجھانے کے لیے "اللہ تعالی بلا مکاں موجود ہے" کہہ دیا جاتا ہے، عوام الناس (عام دیوبندی) چونکہ ان اصطلاحات سے واقف نہیں ہوتے اس لیے اس عقیدے کو عوامی ذہن کے پیش نظر "اللہ تعالی حاظر ناظر ہے" یا "اللہ تعالی ہر جگہ موجود ہے" سے تعبیر کر دیا جاتا ہے۔"

الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کی پہلی جہالت کہ جب کوئی پوچھے کہ اللہ کہاں ہے؟ تو جواب میں کہنا ہے کہ ھو موجود بلا مکاں، یعنی اللہ تعالی بغیر مکاں کے موجود ہے، یہ بے تکا جواب بھی دیوبندیہ کا نیا عقیدہ ہے، موجود بھی ہے مکاں میں اور بلا مکاں بھی ہے، یعنی دیوبندی مولوی کے ساتھ اس کے حجرے میں بھی اللہ موجود ہے لیکن بلا مکاں بھی ہے، پھر تو دیوبندی مولوی کے بارے بھی کہا جا سکتا ہے کہ بلا مکاں ہے، ایک ہی جگہ دو وجود ہیں ایک مکاں میں دوسرا بلا مکاں، یہ جہالت کا کونسا لیول ہے؟

دوسری بات،

❁ رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک لونڈی سے پوچھا:

این اللہ؟ (اللہ کہاں ہے؟)

تو اس نے جواب دیا: آسمانوں میں،

رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: اسے آزاد کر دو یہ مومنہ ہے۔"

یعنی جو رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تعلیم ہے اس میں این اللہ؟ کا جواب فی السماء ہے، لیکن دیوبندی مولوی کی تعلیم میں این اللہ؟ کا جواب موجود بلا مکاں ہے۔

تیسری بات،

الیاس گھمن کہتا ہے کہ عوام الناس کو اصطلاحات کی سمجھ نہیں آتی اس لیے "موجود بلا مکاں" کی بجائے "ہر جگہ موجود ہے" کہہ دیا جاتا ہے،

تمہارے جیسے مولوی ہوں تو عوام آگے ایسی ہی جاہل ہو گی جنہیں بنیادی عقائد کی بھی سمجھ نہیں ہوتی، یعنی عوام کو سمجھ نہیں آتی اس لیے اسے جہمی بنا دیا جائے تو کوئی حرج نہیں، کل کو یہ کہہ سکتا ہے کہ عوام کو "ختم نبوت" کی اصطلاح کی سمجھ نہیں آتی اس لیے یہ کہہ دیا جائے کہ مزید نئے نبی بھی آ سکتے ہیں، عجیب جاہلانہ اور گمراہ کن روش ہے،

چوتھی بات،

موجود بلا مکاں کے عقیدہ کا دیوبندی فہم سے ہٹ کر درست فہم لیں تو اس کا دوسرا مطلب "ہر جگہ موجود ہے" نہیں بنتا بلکہ "عرش کے اوپر ہے" یہ بنتا ہے، الیاس گھمن خود لکھتا ہے:

"عرش کائنات کا مکانِ آخر ہے۔"

یعنی عرش کائنات کا آخری مکان ہے اس کے اوپر مکاں نہیں، تو جب اللہ کو موجود بلا مکاں کہا جائے گا تو اس کا مطلب یہ نہیں ہو گا کہ وہ دیوبندی مولوی کے حجرے میں بھی ہے، بلکہ جب مکاں کی نفی کرنی ہے تو مکاں میں ماننا نہیں پھر عرش کے اوپر ماننے بنا چارہ نہیں کیونکہ عرش کے اوپر مکاں نہیں،

تو موجود بلا مکاں کا درست مطلب یہ ہے کہ اللہ عرش کے اوپر ہے،

جبکہ الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کی جہالت یہ ہے کہ وہ موجود بلا مکاں کا مطلب یہ بیان کرتا ہے کہ

"رسی کا زمین کے نیچے اللہ تعالی کے پاس جانا دلیل ہے کہ ذات باری تعالی صرف عرش پر نہیں جیسا کہ غیر مقلدین کا عقیدہ ہے بلکہ ہر کسی کے ساتھ موجود ہے۔"

یہ جاہل کنفیوز ہے بیچارے کو سمجھ ہی نہیں کیا کہنا ہے کیا ثابت کرنا ہے اور کیا کہہ رہا ہے،

جب یہ جاہل موجود بلا مکاں کہہ رہا ہے تو پھر بذاتہ زمین کے نیچے مکاں میں اور ہر کسی کے ساتھ بذاتہ ماننا، مکاں میں ماننا ہے، پھر بلا مکاں کہاں سے ہو گیا؟

پھر اگر یہ تیری بات مان لی جائے کہ رسی زمین کے نیچے اللہ کے پاس جاتی ہے، تو یہ بھی اس کی دلیل ہے کہ اللہ کی ذات تمہارے ساتھ نہیں ورنہ رسی زمین کے نیچے لٹکانے کی بجائے زمین کے اوپر بھی اللہ کے پاس ہی ہوتی، کیا زمین کے اوپر اللہ کی ذات موجود نہیں؟ یہ تو تم نے خود مان لیا کہ اللہ کی ذات تمہارے ساتھ نہیں،

دوسرا اس نے جو ضعیف روایت (علامہ البانی اور شیخ زبیر علی زئی نے اسے ضعیف قرار دیا ہے) پیش کی ہے اس کا ترجمہ بھی غلط کیا ہے، اصل ترجمہ یہ نہیں کہ "رسی اللہ کے پاس جائے گی" بلکہ یہ ہے کہ "رسی اللہ پر جائے گی"، لیکن اس نے اپنا مطلب نکالنے کے لیے ترجمہ ہی بدل دیا،

کیسی مار ہے ان بدعتیوں پر اللہ کی بلندی مانی نہیں اللہ کے لیے پستی مان لی عرش کے اوپر مانا نہیں زمین کے نیچے مان لیا۔

یہ ہیں تضادات اور بکواسات اور جہالت سے بھرے ہوئے الیاس گھمن حیاتی دیوبندی کے عقائد!

القواعد فی العقائد

از افادات: متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

سرپرست: مرکز اہل السنۃ والجماعۃ، 87 جنوبی، لاہور روڈ، سرگودھا

بانی وامیر: عالمی اتحاد اہل السنت والجماعت

چیف ایگزیکٹو: احناف میڈیا سروسز

چیئرمین: احناف ٹرسٹ

www.ahnafmedia.com

فائدہ: اللہ تعالیٰ موجود بلا مکان ہے

اگر کوئی شخص سوال کرے "أَيْنَ اللهُ؟" (اللہ کہاں ہے؟) تو اس کا جواب یہ دینا چاہیے: "هُوَ مَوْجُوْدٌ بِلَا مَكَانٍ" کہ اللہ تعالیٰ بغیر مکان کے موجود ہیں۔ یہ اہل السنت والجماعت کا موقف و نظریہ ہے جس پر دلائل عقلیہ و نقلیہ موجود ہیں:

فائدہ: "هُوَ مَوْجُوْدٌ بِلَا مَكَانٍ" یہ تعبیر اہل علم حضرات کی ہے، اسی لیے طلبہ کو سمجھانے کے لیے "اللہ تعالیٰ بلا مکان موجود ہے" کہہ دیا جاتا ہے۔ عوام الناس چونکہ ان اصطلاحات سے واقف نہیں ہوتے اس لیے اس عقیدہ کو عوامی ذہن کے پیش نظر "اللہ تعالیٰ حاضر ناظر ہے" یا "اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے" سے تعبیر کر دیا جاتا ہے۔

اہل السنۃ کے دلائل:

آیات قرآنیہ:

1: وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ (سورۃ البقرۃ: 115)

ترجمہ: مشرق و مغرب اللہ تعالیٰ ہی کا ہے، جس طرف پھر جاؤ ادھر اللہ تعالیٰ کا رخ ہے۔

2: وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ (سورۃ البقرۃ: 186)

ترجمہ: جب آپ سے میرے بندے میرے بارے میں پوچھیں تو (کہہ دو کہ) میں تو تمہارے پاس ہی ہوں۔

فائدہ: عرش مجید ہے کیونکہ ہمارے اوپر سات آسمان ہیں، ان پر کرسی ہے، کرسی پر سمندر ہے، سمندر کے اوپر عرش ہے۔

([illegible])

جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

3: يَسْتَخْفُونَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُونَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لَا يَرْضَىٰ مِنَ الْقَوْلِ (النساء: 108)

ترجمہ: وہ شرماتے ہیں لوگوں سے اور نہیں شرماتے اللہ سے حالانکہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ہے جب کہ مشورہ کرتے ہیں رات کو اس بات کا جس سے اللہ راضی نہیں۔

4: إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُجِيبٌ (ھود: 61)

ترجمہ: بے شک میرا رب قریب ہے قبول کرنے والا ہے۔

5: وَإِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوحِي إِلَيَّ رَبِّي إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ (سبا: 50)

ترجمہ: اور اگر میں سیدھے راستے پر ہوں تو یہ بدولت اس قرآن کے ہے جس کو میرا رب میرے پاس بھیج رہا ہے وہ سب کچھ سنتا ہے قریب ہے۔

6: وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُبْصِرُونَ (سورۃ الواقعہ: 85)

ترجمہ: تم سے زیادہ ہم اس کے قریب ہوتے ہیں لیکن تم سمجھتے نہیں۔

7: وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ (سورۃ ق: 16)

ترجمہ: ہم اس کی شہ رگ سے زیادہ اس کے قریب ہیں۔

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی عجیب توجیہ:

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی بڑی عجیب توجیہ فرمائی ہے، فرماتے ہیں:

رمضان نہیں، اگر ہے تو بیت الخلاء میں بابرکت کیسے؟ تو اس کا یہ سوال لغو ہوگا کیونکہ جب رمضان کا جسم نہیں ہے تو ہر جگہ ماننے میں کوئی بے ادبی نہ ہوگی اور یہ ہر جگہ بابرکت ہوگا۔ اسی طرح جب اللہ کا جسم نہیں تو ہر جگہ ماننے میں بے ادبی نہیں۔

اعتراض نمبر 2:

اگر اللہ تعالیٰ کو ہر جگہ مانیں تو اس سے حلول اور اتحاد لازم آئے گا۔

جواب: حلول اور اتحاد تب لازم آئے گا جب اللہ تعالیٰ کے لئے جسم مانا جائے' جبکہ اللہ تعالیٰ جسم سے پاک ہیں۔

فائدہ: دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ہر ایک کا وجود باقی رہے "اتحاد" کہلاتا ہے جیسے آملیٹ اور دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ایک چیز کا وجود ختم ہو جائے "حلول" کہلاتا ہے جیسے شربت۔

غیر مقلدین کے دلائل اور ان کے جوابات:

قرآنی آیات:

1: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ. (سورہ حدید 4، سورہ رعد 2، طٰہٰ 5، سجدہ 4)

جواب نمبر 1: اس کا معنی "عرش پر اللہ کا غالب ہونا" ہے، جیسا کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا معنی: "اَیْ عَلَا عَلَی الْعَرْشِ" (صحیح بخاری: کتاب التوحید، باب وکان عرشہ علی الماء) نقل کیا ہے اور عربی زبان میں "استوی" بمعنی "غالب ہونا" استعمال ہوتا رہتا ہے۔ ایک شاعر نے بشر بن مروان کی مدح میں یہ شعر کہا تھا:

قَدِ اسْتَوٰی بِشْرٌ عَلَی الْعِرَاقِ
مِنْ غَیْرِ سَیْفٍ وَّ دَمٍ مُّهْرَاقِ

(کتاب الاسماء والصفات للبیہقی: ج2 ص153)

ترجمہ: بشر بن مروان نے بغیر جنگ اور خونریزی کے عراق پر غلبہ پایا۔

ایک اور شاعر نے کہا:

فَلَمَّا عَلَوْنَا وَ اسْتَوَیْنَا عَلَیْهِمْ
جَعَلْنَاهُمْ مَرْعٰی لِنَسْرٍ وَّ طَائِرٍ

(التعلیق علی کتاب الاسماء والصفات للبیہقی: ج2 ص154)

ترجمہ: جب ہم ان پر چڑھ دوڑے اور ان پر غلبہ پایا تو انہیں (ٹکڑے ٹکڑے کر کے) گدھوں اور پرندوں کے کھانے کے لیے چھوڑ دیا۔

اشکال: اگر کوئی کہے کہ عرش کی کیا تخصیص ہے، جب کہ اللہ تو آسمان، زمین اور دیگر مخلوقات پر بھی غالب ہے، تو عرش کو خاص کیوں کیا گیا؟

جواب: عرش کائنات کا مکان آخر ہے تو مکان آخر تک غلبہ بتانے کے لیے عرش کا ذکر کیا۔ جیسے ایک آدمی کے پاس سائیکل، موٹر سائیکل اور کار ہو تو وہ اپنی ملکیت اور مالی رتبہ بتانے کے لیے یہ کہے: "میرے پاس کار ہے" تو اس کا یہ معنی نہیں کہ اس کے پاس سائیکل اور موٹر سائیکل رکھنے کی اہلیت نہیں۔

جواب نمبر 2: اگر استوی علی العرش سے اللہ تعالیٰ کا حقیقتاً عرش پر ہونا مراد لیں تو قرآن کریم کی بہت ساری ان آیات کا ان آیات سے تعارض لازم آتا ہے جن میں اللہ تعالیٰ کے فوق العرش ہونے کی بجائے فی السماء یا ہر جگہ ہونے کا ذکر موجود ہے جیسے:

(۲) وللإمام الرازي أوجه في تفسيرها لا يخلو بعضها عن نظر، وذكر عليه الرحمة أنه جرت العادة بأن الناس يتمثلون بهذه الآية عند المتاركة، وذلك لا يجوز لأن القرآن ما أنزل ليتمثل به بل ليهتدي به، وفيه ميل إلى سد باب الاقتباس، والصحيح جوازه الخ. (علامه آلوسي، روح المعاني، سورة الكافرون، تفسير الآيات ۱-۶، ج ۱۶، ص ۲۵۸)


باب الإيمان

فتاویٰ دار العلوم وقف دیوبند جلد (۱) ۱۰۳ ایمانیات سے متعلق مسائل

والجماعت سے خارج گمراہ فرقہ ہے؛ لہٰذا مذکورہ شخص ایمان سے خارج نہیں ہے۔ (۱)

فقط: واللہ اعلم بالصواب
کتبہ: محمد اسعد جلال قاسمی
نائب مفتی دار العلوم وقف دیوبند
(۱۴۳۸/۲/۱۷ھ)

الجواب صحیح:
محمد احسان قاسمی، محمد عمران گنگوہی
مفتیان دار العلوم وقف دیوبند



رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

علمی خطبات

حصہ اول

خطابات

حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ

شیخ الحدیث وصدر المدرسین دارالعلوم دیوبند

مرتب

محمد سعید پالن پوری

استاذ جامعۃ الانور دیو بند

ناشر

مکتبہ حجاز دیوبند

اور وہ خود کو اشعری کہتے اور لکھتے تھے۔

پھر جب انھوں نے دیکھا کہ اب سلفی بنے بغیر چارہ نہیں، یہ لبادہ اوڑھے بغیر ریال ہاتھ نہیں آسکتے تو انھوں نے اشعریت کا لبادہ اتار پھینکا اور سلفی بن گئے اور سعودیہ والے بے چارے دھوکہ میں آگئے، وہ سمجھے کہ یہ بھی ہمارے جیسے سلفی ہیں، حالانکہ وہ نقلی سلفی ہیں۔

غرض مسئلہ میں یہ سمجھا رہا تھا کہ اہل حق کون ہیں؟ جو عقائد میں تین میں سے ایک ہو، اور فقہ میں چار میں سے ایک ہو، وہی مکمل طور پر اہل حق ہیں، اور اگر ایک طرف سے اہل حق میں سے ہو، اور دوسری طرف سے اہل باطل میں سے تو وہ کریلا نیم چڑھا ہے، اور اگر دونوں طرف سے اہل باطل میں سے ہو تو اس سے اللہ کی پناہ!

خلاصہ کلام:

اب آخر میں دو باتیں سنو!

پہلی بات: سب سے پہلا سلفی میں ہوں، لیکن میں اشعری بھی ہوں، اور ماتریدی بھی، تینوں کس طرح جمع ہو سکتے ہیں؟ اس طرح کہ اللہ کی تمام صفات کو جو قرآن وحدیث میں آئی ہیں: میں مانتا ہوں، قرآن میں ہے: ﴿أَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ﴾: پس میں مانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آسمان میں ہیں، چنانچہ ہم جب بھی کہتے ہیں: اللہ نے یہ فرمایا تو ہم انگلی اوپر کی طرف کرتے ہیں، زمین کی طرف نہیں کرتے، مگر اللہ کے آسمان میں ہونے کی کیفیت کیا ہے؟ یہ میں نہیں جانتا، اسی طرح اللہ تعالیٰ عرش نشیں ہیں، اللہ کا عرش بھی مانتا ہوں، اللہ کے عرش پر بیٹھنے کو بھی مانتا ہوں لیکن کوئی پوچھے کہ اس کی کیفیت کیا ہے؟ تو میں یہ بات نہیں جانتا، اسی طرح اللہ کا چہرہ بھی ہے، ہاتھ بھی ہے، پنڈلی بھی ہے، میں یہ سب باتیں مانتا ہوں، مگر کوئی پوچھے کہ وہ کیسے ہیں؟ تو میں یہ بات نہیں جانتا۔

پس میرا مذہب تنزیہ مع التفویض ہے، تنزیہ کا مطلب ہے: اللہ کی مخلوق کی مشابہت سے پاکی بیان کرنا، پس کہیں گے: اللہ کا ہاتھ ہمارے ہاتھ جیسا نہیں، اللہ کا چہرہ ہمارے چہرے جیسا نہیں، اور تفویض کا مطلب ہے: صفات کی کیفیت کو اللہ کے حوالہ کرنا۔ یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ ہی اپنی صفات کو بہتر جانتے ہیں۔ یہی اصل سلفیت ہے اور علمائے دیوبند اسی کے قائل ہیں۔

✱ صفات باری تعالی کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی ✱

(پارٹ 4)

یہ دیوبندی ہم سے کیا بحث و مباحثہ کریں گے اور اہل حدیث کے عقائد پر پتہ نہیں کس منہ سے اعتراض کرتے جبکہ ان کے اپنے مولوی ایک دوسرے کے خلاف ہیں، اور مخالفت بھی عقیدے کے باب میں وہ بھی گمراہی اور بدعت وکفر کے حکم میں،

دو کتابوں کے سکین آپ کے سامنے ہیں ایک دیوبندیوں کے حکیم الامت اشرف علی تھانوی دیوبندی کے فتاوی ہیں، دوسری اعجاز اشرفی دیوبندی کی صفات باری تعالی کے رد پر کتاب ہے،

❁ اعجاز اشرفی دیوبندی عینی حنفی کے حوالے سے لکھتا ہے:

"عرش پر اللہ تعالی کو مستقر بتلانا مجسمہ کا مذہب ہے، جو باطل ہے کیونکہ استقرار اجسام سے ہے، اور اس سے حلول و تناہی لازم آتی ہے، جو اللہ تعالی کے حق میں محال ہے"


اس دیوبندی مولوی کے مطابق عرش پر اللہ کا استقرار ماننا مجسمیہ کا مذہب ہے جو باطل ہے اور اس سے حلول لازم آتا ہے،

❁ اشرف علی تھانوی دیوبندی صاحب لکھتے ہیں:

"اس شبہہ کا جواب اگرچہ سلف کے طریق پر یہ ہے کہ استقرار تو ثابت ہے مگر یہ ضروری نہیں کہ ہمارے استقرار کی طرح ہو جس سے جسم ہونا لازم آئے، بلکہ اس کی کنہ اور ہے جو ہم کو معلوم نہیں، اور یہ جواب صحیح بھی ہے"

دیوبندی مولوی اعجاز اشرفی کے نزدیک عرش پر اللہ کا استقرار مجسمہ کا مذہب ہے، اور جس کی طرف منسوب ہو کر یہ دیوبندی مولوی اشرفی بنا، اس اشرف علی تھانوی دیوبندی کے نزدیک عرش پر اللہ کا استقرار سلف صالحین کا مذہب ہے،

اس طرح موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کے نزدیک سارے سلف صالحین مجسمیہ تھے، اور یہ انہیں مجسمہ ہی مانتے ہیں تبھی تو ان کے عقائد کی بجائے متاخرین متکلمین بدعتیوں کے عقائد اختیار کرتے ہیں، لیکن کھل کر سلف صالحین کو مجسمیہ کہہ نہیں سکتے کیونکہ دیوبندیہ کی ایک بہت بڑی خاصیت منافقت ہے جو ان کے مذہب کا امتیاز ہے اور تقریباً ہر دیوبندی میں مسلکی حیثیت سے موجود ہے۔




165 اللہ تعالیٰ بغیر جہت اور مکان کے موجود ہیں


اخبر عن العرش خاصة بأنه على الماء، ولم يخبر عن نفسه بأنه حال عليه. تعالى الله عن ذلك، لأنه لم يكن له حاجة إليه، وإنما جعله ليتعبد به ملائكته كتعبد خلقه بالبيت الحرام ولم يسمه بيته بمعنى أنه سكنه، وإنما سماه بيته لأنه الخالق له والمالك، وكذلك العرش سماه عرشه لأنه مالكه. والله تعالى ليس لأوليته حد ولا منتهى، وقد كان في أوليته وحده ولا عرش معه.

وقالت المجسمة: معناه استقر وهو فاسد لأن الاستقرار من صفات الأجسام ويلزم منه الحلول والتناهي وهو محال في حق الله تعالى.

(عمدۃ القاری ج۲۵ ص۱۲۷ طبع مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)

ترجمہ: "وكان عرشه على الماء" سے ان لوگوں کا رد ہوتا ہے جو عرش کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ازل سے مانتے ہیں اور انہوں نے بخاری کی روایت "كان الله ولم يكن شئ قبله، وكان عرشه على الماء، ثم خلق السموات والارض الخ" (بخاری رقم ۷۴۱۸) سے استدلال کیا ہے اور یہ مذہب باطل ہے۔ "وكان عرشه على الماء" سے استدلال بھی صحیح نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ عرش پر رہنے والا ہے بلکہ صرف عرش کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ پانی پر ہے۔ اپنے بارے میں اللہ تعالیٰ نے نہیں بتلایا کہ وہ عرش پر ہیں، نہ ان کو اس کی ضرورت ہے۔ عرش کو اللہ تعالیٰ نے اسی طرح فرشتوں کی عبادت گاہ بنایا ہے جس طرح زمین پر بیت اللہ کو عبادت گاہ بنایا ہے۔ اس کو بھی بیت اللہ اس لیے نہیں کہا گیا کہ وہ اس میں ساکن ہے اور جس طرح اللہ تعالیٰ اس کا خالق ہے، اسی طرح عرش کا بھی مالک و خالق ہے (جس طرح بیت اللہ کی نسبت تشریفی ہے، اسی طرح عرش کی نسبت بھی تشریفی ہے)۔ اللہ تعالیٰ کی اولیت کے لیے نہ کوئی حد ہے، نہ نہایت۔ وہ ازل میں اکیلا تھا اس کے ساتھ عرش نہیں تھا۔

آگے لکھا کہ عرش پر اللہ تعالیٰ کو مستقر بتلانا مجسمہ کا مذہب ہے جو باطل ہے کیونکہ استقرار اجسام سے ہے اور اس سے حلول وتناہی لازم آتی ہے، جو اللہ تعالیٰ کے حق





امداد الفتاویٰ جلد ششم — ۳۱ — کتاب العقائد والکلام

کیف یتصل بی او ینفصل عنی یا محمد و عزتک لست بالقریب منہ وصلاً ولا بالبعید عنہ فصلاً ولا بالمطیق لہ حملاً اوحدنی منہ رحمۃ وفضلاً ولو محقی لکان حقاً منہ وعدلاً یا محمد انا محمول قدرتہ ومعمول حکمتہ اھ۔

پھر ان متشابہات کے بعد آگے ان کے دو طریق ہیں۔ ایک طریقہ سلف کا ہے کہ اس کو حقیقی معنی پر محمول فرماتے ہیں اور حقیقی معنی کی کنہ کو مفوض بعلم الٰہی کرتے ہیں۔ اور اس کی کوئی کیفیت متعین نہیں کرتے۔ اور دوسرا طریقہ خلف کا ہے کہ اس میں مناسب تاویل کر لیتے ہیں تاکہ گمراہ فرقے مشبہ و مجسمہ ان کو غلطی میں واقع نہ کر سکیں۔ اس طرح سے کہ دیکھو اللہ تعالیٰ عرش پر مستقر ہیں اور استقرار کے معنی ظاہر ہیں کہ جمنے اور بیٹھنے کے ہیں تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ عرش پر بیٹھا ہے جیسے ہم تخت پر بیٹھتے ہیں تو وہ بھی ہماری طرح جسمانی چیز ہے۔ نعوذ باللہ۔ اس شبہ کا جواب اگرچہ سلف کے طریق پر یہ ہے کہ استقرار تو ثابت ہے مگر یہ ضرور نہیں کہ ہمارے استقرار کی طرح ہو جس سے جسم ہونا لازم آوے۔ بلکہ اس کی کنہ اور ہے جو ہم کو معلوم نہیں۔ اور یہ جواب صحیح بھی ہے لیکن عوام کو یہ سمجھانا مشکل ہے کہ استقرار تو ہے مگر ہماری طرح کا نہیں۔ اسی طرح سے وہ یہ شبہ ڈال سکتے ہیں کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ید یعنی ہاتھ اور حدیث میں وضع قدم یعنی پاؤں رکھنا وارد ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ہاتھ اور پاؤں اعضاء جسمانیہ ہیں تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے اعضاء جسمانیہ ہیں۔ اس کا صحیح جواب بھی سلف کے طریقہ پر یہ ہے کہ ید اور قدم تو ہیں مگر ہماری طرح کے نہیں۔ مگر اس کا سمجھنا بھی عوام کو مشکل ہے ان کا ذہن تو ان مطعومات سے تجسیم اور تشبیہ ہی کی طرف جاتا ہے اور اس عقیدہ تجسیم و تشبیہ سے بچانا واجب تھا اس لئے علماء خلف نے اس کی یہ تدبیر کی کہ ایسی حقائق کی ایسے طریق سے تاویل کر دی کہ نہ قرآن و حدیث متروک ہو اور نہ عقیدہ تجسیم و تشبیہ میں مبتلا ہوں۔ مثلاً استواء علی العرش کو کنایہ تحلیۂ احکام سے کہہ دیا اور ید کے معنی قدرت کے کہہ دیئے وضع قدم کے معنی مقہور کر دینے کے کہہ دیئے۔ اور یہ ضرورت حضرات سلف کو اس لئے پیش نہیں آئی کہ ان کے خواص تو حدیث مذکور فی خاتمۃ الرسالۃ "تفکروا فی آلاء اللہ ولا تفکروا فی اللہ" (۱) پر عمل رکھتے تھے اور خوض نہ کرتے تھے اور اگر کوئی وسوسہ بھی آتا تھا تو اس کو دفع کر دیتے تھے اور عوام اس لئے محفوظ تھے کہ اس زمانہ میں یہ مبتدعین کے مضامین نہ تھے اس لئے ایسے شبہات ان کے کانوں میں نہ پڑتے تھے۔ ان کا ذہن خالی رہتا تھا اور ایسے مطعومات پر ابتداءً عقیدہ

(۱) [illegible]

www.BestUrduBooks.wordpress.com

✱ صفات باری تعالی کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی ✱

(پارٹ 5)

جس دھرم کے پنڈتوں کا عقائد و نظریات میں آپس میں ہی اتفاق نہیں وہ کسی اور پر ان عقائد و نظریات کے حوالے سے کیسے اعتراض کر سکتے ہیں، اور یہی صورت حال ان کی عوام میں ہے کہ جب ان کے مولویوں کا ہی آپس میں اتفاق نہیں تو عوام کا کیسے ممکن ہے، پھر بھی یہ بے شرمو کی طرح اعتراض کرنے سے باز نہیں آتے اور جب آئینہ دکھایا جائے تو کھسیانی بلی بن کر کھمبا نوچنے لگتے ہیں،

دیوبندی دھرم کے پنڈتوں کے متضاد عقائد و نظریات آپ کو دکھا رہا ہوں اسی سلسلے کی یہ پانچویں پوسٹ ہے، پچھلی چار پوسٹوں کے کمنٹس میں دیکھ لیں کسی دیوبندی نے کوئی ڈھنگ کا جواب دیا ہو جس میں اس اپنے مولویوں کی تضاد بیانی کا حل ہو، لیکن کوئی اس قابل دیوبندی ہمارے متھے نہیں لگا،

دیوبندی دھرم کے پنڈتوں کی پانچ کتابوں کے سکین پوسٹ میں ہیں ،استواء علی العرش کا مسئلہ ہے اور دیوبندی مولویوں کا تضاد ہے،

❁ پہلا مولوی اعجاز اشرفی دیوبندی لکھتا ہے:

"فرقہ مجسمہ اللہ تعالی کو جسم گمان کرتا ہے اور استوی کے معنی بیٹھنے کے کرتا ہے"

❁ دوسرا دیوبندی مولوی ادریس کاندھلوی صاحب لکھتے ہیں:

"اس طرح نہ کہے کہ اللہ عرش پر بیٹھا ہے تاکہ مشبہہ کی طرح آیات تنزیہ اور تقدیس کا انکار لازم نہ آئے"

ان دو دیوبندی مولویوں کے نزدیک استوی کا معنی عرش پر بیٹھنا کرنا مجسمہ اور مشبہہ کا کام ہے اور آیات تنزیہ اور تقدیس کا انکار ہے۔

اب وہ دیوبندی مولوی دیکھیں جو استوی علی العرش کا معنی عرش پر بیٹھنا کرتے ہیں اور اسے سلف صالحین کا مذہب بتاتے ہیں،

❁ پہلا دیوبندی مولوی سرفراز خان صفدر صاحب فرماتے ہیں:

"استوی کا حقیقی معنی بیٹھنا بھی کر سکتے ہیں، لیکن وہ کس طرح قائم اور بیٹھا ہے ہم کسی سے اس کو تشبیہ نہیں دے سکتے.... ہاں یہ کہیں گے جو استواء اس کی شان کے لائق ہے جو بیٹھنا اس کی شان کے لائق ہے اس طرح بیٹھا ہے"

سرفراز خان صفدر دیوبندی کے نزدیک استواء کا معنی بیٹھنا کر سکتے ہیں جب کہ اعجاز اشرفی دیوبندی کے نزدیک استوی کا معنی بیٹھنا کرنا فرقہ مجسمہ کا کام ہے،

❁ دوسرا دیوبندی مولوی عبدالحمید سواتی صاحب فرماتے ہیں:

"اللہ تعالی کی ہی بادشاہی ہے عرش پر بیٹھنا صاحب اقتدار ہونے کی علامت ہوتی ہے، استوی کو (اس) حقیقی معنی پر بھی محمول کر سکتے ہیں اور یہی سلف صالحین کا مذہب بتایا عبدالحمید سواتی دیوبندی نے"

❁ تیسرا دیوبندی مولوی سعید احمد پالن پوری استواء علی العرش میں سلف صالحین کا مذہب بتاتے ہوئے فرماتے ہیں:

"سلف میں امام مالک، سفیان ثوری اور ایک روایت میں ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ قرآن میں جو استواء علی العرش آیا ہے اس کا مطلب کیا ہے؟


سب نے ایک ہی جواب دیا کہ:

الاستواء معلوم، والكييف مجهول، والإيمان به واجب، والسؤال عنه بدعة.

لغت میں استواء کے جو معنی ہیں وہ معلوم ہیں، جو بھی عربی جانتا ہے وہ اس کے معنی سمجھتا ہے، وہ معنی ہیں سیدھا ہونا، جم کر بیٹھنا، اور اللہ تعالی کے عرش پر بیٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟ وہ ہمیں معلوم نہیں، اور اللہ کے عرش پر بیٹھنے کی جو بھی کیفیت ہے اس پر ہم ایمان لاتے ہیں.... غرض: ان حضرات نے کہا عرش الہی پر جم کر بیٹھنا اللہ کہ صفت ہے اور اللہ کی صفات غیب ہیں۔"

یہ پالن پوری دیوبندی صاحب استواء علی العرش کا معنی عرش پر جم کر بیٹھنا سلف صالحین کا مذہب بتا رہے ہیں جبکہ اعجاز اشرفی دیوبندی اور ادریس کاندھلوی دیوبندی کے نزدیک یہ فرقہ مجسمہ کا نظریہ ہے جس سے قرآن کی آیات کا انکار لازم آتا ہے،

یہ قرآن کی آیات کا انکار صریح کفر ہے جو کہ ان دیوبندیوں کے نزدیک صحابہ کرام اور سلف صالحین کرتے رہے ہیں، نعوذ باللہ۔



144 استواء علی العرش


اس نے عرش پر استواء فرمایا۔ اور سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا۔ ہر چیز ایک معین میعاد تک کے لیے رواں دواں ہے۔ وہی تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔ وہی ان نشانیوں کو کھول کھول کر بیان کرتا ہے، تا کہ اس بات کا یقین کر لو کہ (ایک دن) تمہیں اپنے پروردگار سے جا ملنا ہے۔

تشریح: پھر وہ اپنی قدرت اور قہر سے اور تدبیر و تصرف سے عرش عظیم پر قائم ہوا جو قیام اس کی شان کے لائق ہے۔

عرش پر قائم ہونے سے اس کی جلوہ افروزی مراد ہے جس کی حقیقت سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو معلوم نہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا عرش پر قائم اور جلوہ فرما ہونا آسمانوں کے پیدا کرنے سے کہیں زیادہ بلند اور برتر ہے۔ اس لیے لفظ "ثُمَّ" ان دونوں میں تفاضل اور تفاوت کے بیان کرنے کے لیے لایا گیا کہ "اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ" "خَلَقَ السَّمٰوٰتِ" سے زیادہ اعلیٰ اور ارفع ہے کیونکہ عرش عظیم تجلیات خداوندی اور احکام الٰہیہ کا مصدر اور مرکز ہے۔ تمام عالم کی تدبیر اور تصرف کے احکام عرش عظیم ہی سے نازل ہوتے ہیں۔

عرش پر قائم ہونے کے یہ معنی نہیں کہ اللہ تعالیٰ بادشاہ کی طرح تخت پر برابر بیٹھا ہوا ہے کیونکہ یہ صفت تو جسم کی ہے، جو وضع اور ہیئت کے ساتھ موصوف ہو اور اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور منزہ ہے۔

فرقۂ مجسمہ اللہ تعالیٰ کو جسم گمان کرتا ہے اور استواء کے معنی بیٹھنے کے کرتا ہے۔ اہل السنت والجماعت یہ کہتے ہیں کہ "اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ" کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ عرش پر قائم ہوا جو اس کی شانِ عظمت و جلال اور اس کی شانِ قدوسیت کے شایان ہے اور ہم اس کے "اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ" پر ایمان لاتے ہیں جو اس کی شان کے لائق ہے اور اس کی تنزیہ و تقدیس پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ اس لیے ہم یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مکان اور جہت سے، تمکن اور استقرار سے، اتصال و انفعال سے، سب سے پاک ہے۔ مکان اور جہت سب اسی کی مخلوق ہے۔ وہ خدائے قدوس مکان اور زمان کے پیدا کرنے سے پہلے جس شان پر تھا اسی شان پر زمان و






ذخیرۃ الجنان | ۹۸ | الاعراف

کے مطابق اکتالیس دن پڑھیں انشاء اللہ نتیجہ ظاہر ہو جائے گا۔ اور رزق کی تنگی کیلئے
یَارحیمُ یَاکریمُ یَارزّاق کا وظیفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہر نام میں اثر ہے اَلَّذِیْ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ چھ دنوں
میں۔ یہ دن تو اس وقت نہیں تھے لہٰذا اتنا وقت مراد ہے کہ چھ دنوں کے وقت میں پیدا کیا۔
پیدا تو وہ ایک لمحے میں کر سکتا تھا مگر یہ اس کی حکمت تھی۔ اس آیت کریمہ کی تفسیر میں
مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ چھ دنوں میں پیدا کرنے کی حکمت یہ ہے کہ اس سے مخلوق کو
سمجھانا مقصود ہے کہ کام دفعتاً نہیں بلکہ تدریجاً آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔ باوجود اس کے کہ
رب تعالیٰ قادر مطلق ہے اس نے بھی چھ دنوں میں پیدا کیا ہے ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی
الْعَرْشِ پھر وہ مستوی ہوا عرش پر۔ مستوی کا ایک معنیٰ تو مجازی ہے کہ پوری کائنات پر اللہ
تعالیٰ کی شاہی ہے۔ عرش کا بیٹھنا صاحب اقتدار ہونے کی علامت ہے۔ اور استوی کا
حقیقی معنیٰ بیٹھنا بھی کر سکتے ہیں لیکن وہ کس طرح قائم اور بیٹھا ہے؟ ہم کسی سے اس کو تشبیہ
نہیں دے سکتے۔ مثلاً میں گدی پر بیٹھا ہوں اور آپ قالینوں پر بیٹھے ہیں، کوئی کرسی پر بیٹھ
جاتا ہے کوئی پلنگ پر اور کوئی چٹائی پر، کوئی زمین پر۔ یہ بیٹھنا تو ہم دیکھتے ہیں اور جانتے
ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے بیٹھنے کو کسی کے ساتھ تشبیہ نہیں دے سکتے۔ ہاں یہ کہیں گے کہ جو استواء
اس کی شان کے لائق ہے، جو بیٹھنا اس کی شان کے لائق ہے اس طرح بیٹھا ہے۔ اس
سے آگے ہمیں اس کی تشریح معلوم نہیں ہے اور کیفیت کا معلوم کرنا ضروری بھی نہیں ہے۔
اسی آیت کی تشریح میں حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ اِستویٰ عَلَی العرش کے متعلق امام
مالکؒ سے پوچھا گیا کہ حضرت یہ بتائیں کہ اللہ تعالیٰ عرش پر کس طرح قائم ہے۔ تو فرمایا

www.besturdubooks.net



روزانہ درسِ قرآن پاک

تفسیر

سورۃ الاعراف

(مکمل)

جلد (۸)

افادات

حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی دامت مجدھم

خطیب جامع مسجد نور گوجرانوالہ

۱۸۶

انجام دینے کی تعلیم دی ہے۔

استوٰی علی العرش

ابتدائے تخلیق کے ضمن میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات سے پہلے پانی کو پیدا کیا۔ سورۃ ہود میں موجود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا فرمایا "وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ" اور اس کا عرش اس وقت پانی پر تھا۔ پانی کی طرح عرش بھی اللہ کی مخلوق ہے، اُس کی صفت نہیں۔ اس کے برخلاف اللہ تعالیٰ کی تجلیات اُس کی صفات ہیں۔ بہرحال فرمایا کہ تمہارا رب وہ ذات ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ پھر وہ عرش پر مستوی ہوا۔ مفسرین کرام عرش پر مستوی ہونے کے دو معنی بیان کرتے ہیں ایک تو مجازی معنیٰ ہے جو متکلمین بیان کرتے ہیں اور اس کا مطلب یہ ہے کہ پوری کائنات میں اللہ تعالیٰ ہی کی بادشاہی ہے۔ عرش پر بیٹھنا صاحبِ اقتدار ہونے کی علامت ہوتی ہے۔ جیسے شاعر کہتا ہے۔

؎ استوٰی بشر علی العراق
من غیر سیف ودم مہراق

بشر تخت پر بیٹھ گیا یعنی اُس کو اقتدار مل گیا مگر نہ تلوار چلی اور نہ خون بہا۔ بہرحال استوٰی علی العرش کے مجازی معنیٰ یہ ہیں کہ تخت پر بیٹھ گیا، اختیارات مل گئے یا بادشاہ وغیرہ بن گیا۔


استوٰی کو حقیقی معنیٰ پر بھی محمول کر سکتے ہیں جیسا کہ امام مالکؒ، امام ابو حنیفہؒ، سفیان ثوریؒ، امام ابن عیینہؒ، امام شافعیؒ اور دیگر آئمہ سلف کا مسلک ہے۔ امام مالک کا قول ہے استوی معلوم والکیف غیر معقول یعنی استوی کا معنیٰ تو معلوم ہے مگر اس کی کیفیت عقل میں نہیں آسکتی یا فرماتے ہیں والکیف مجهول یعنی اس کی کیفیت سمجھ میں نہیں آسکتی کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ کا استوی بھی اسی طرح سمجھا جائے جس طرح کوئی انسان کرسی یا

تعالیٰ کے لئے ثابت تسلیم کریں اور اپنی رائے اور قیاس سے اور اپنے کشف اور الہام سے ان کی حقیقت معلوم کرنے کی سعی نہ کریں اور جس طرح یہ صفات متشابہات کتاب وسنت صحیحہ سے ثابت ہوئی ہیں ان کو بے چون وچرا تسلیم کریں اور معتزلہ کی طرح درپے تاویل نہ ہوں تاکہ قدریہ اور معتزلہ کی طرح ان صفات متشابہات کا انکار لازم نہ آئے جو جو کتاب وسنت سے ثابت ہیں اور مشبہہ اور مجسمہ کی طرح یہ نہ کہے کہ معاذ اللہ یہ اللہ کے اعضا اور اجزاء ہیں اور اس طرح نہ کہے کہ اللہ عرش پر بیٹھا ہے تاکہ مشبہہ کی طرح آیات تنزیہ اور تقدیس کا انکار لازم نہ آئے حق تعالیٰ کی جو صفات قرآن اور حدیث سے ثابت ہیں ان پر ایمان لائے اور ان کی حقیقت اللہ کے سپرد کرے اور تنزیہ اور تقدیس کے لئے لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ زبان سے کہے اور دل سے اعتقاد رکھے کہ جس طرح باتفاق عقلاء حق تعالیٰ سمیع اور بصیر ہے اور اس کا سننا اور دیکھنا ہمارے سننے اور دیکھنے کے مشابہ نہیں پس اسی طرح اس کا ہاتھ اور قدم ہمارے ہاتھ اور قدم کے مشابہ نہیں۔ اہل حق کے گروہ نے نہ تو معتزلہ کی طرح ظاہر کی نفی میں اتنا غلو کیا کہ حد تعطیل تک پہنچ جائے اور نہ مشبہہ کی طرح ظاہر پر اس درجہ جمود کیا کہ تشبیہ اور تمثیل میں جا پڑتے بلکہ دم (۱) تعطیل اور تشبیہ اور تمثیل کے فرث (۲) کے درمیان سے ایک لبن (۳) خالص نکال لیا اور خود بھی پیا اور شاربین (۳) کرام کو بھی پلایا۔ تمام سلف صالحین اور ائمہ اربعہ کا یہی عقیدہ ہے۔ چنانچہ فقہ اکبر میں امام اعظم ابوحنیفہ فرماتے ہیں:

فما ذكر الله في القرآن من ذكر الوجه واليد والنفس والعين فهو له صفات ولا يقال ان يده قدرته و نعمته لان فيه ابطال الصفة وهو قول اهل القدر والاعتزال ولكن يده صفته بلاكيف. انتهى

یعنی قرآن کریم میں جو اللہ تعالیٰ نے وجہ اور ید اور نفس اور عین کا ذکر کیا ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں۔ اور نہ یہ کہنا چاہئے کہ ید سے اللہ کی قدرت یا نعمت مراد ہے اس لئے کہ اس طور سے اللہ کی صفات کو باطل کرنا لازم آتا ہے اور یہ قول معتزلہ کا ہے بلکہ یہ کہنا

(۱) خون۔ (۲) گندگی۔ (۳) دودھ۔ (۳) پینے والے۔






استواء علی العرش میں سلف کا مذہب

سلف میں امام مالک، سفیان ثوری اور ایک روایت میں ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ قرآن میں جو استواء علی العرش آیا ہے اس کا مطلب کیا ہے؟ سب نے ایک ہی جواب دیا کہ الاستواء معلوم، والکیف مجہول، والإیمان به واجب، والسؤال عنه بدعة: لغت میں استواء کے جو معنی ہیں وہ معلوم ہیں، جو بھی عربی جانتا ہے وہ اس کے معنی سمجھتا ہے، وہ معنی ہیں: سیدھا ہونا، جم کر بیٹھنا۔ اور اللہ کے عرش پر بیٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟ وہ ہمیں معلوم نہیں۔ اور اللہ کے عرش پر بیٹھنے کی جو بھی کیفیت ہے اس پر ہم ایمان لاتے ہیں، ایمانیات میں سب سے پہلے ایمان بالغیب ہے، قرآن کریم کی دوسری سورت میں ہے ﴿الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ اور غیب کیا ہے؟ جو بھی چیز حواس خمسہ ظاہرہ کے دائرے میں نہیں آتی وہ غیب ہے، ایسی چیزیں کیا ہیں؟ جنت ہے، جنت کی نعمتیں ہیں، جہنم ہے جہنم کا عذاب ہے، فرشتے ہیں، اللہ ہیں، اللہ کی صفات ہیں، یہ سب حواس خمسہ ظاہرہ کے دائرے میں نہیں آتے، پس یہ سب غیب ہیں، اور ان پر ایمان لانا واجب ہے، کس بنیاد پر؟ اللہ کے رسول جو سچی خبر دینے والے ہیں ان کی خبر پر اعتماد کر کے جنت بھی مانی ہے، اس کی نعمتیں بھی مانی ہیں، جہنم بھی مانی ہے، فرشتے بھی مانتے ہیں، اللہ کی جو صفات قرآن وحدیث میں آئی ہیں وہ سب مانی ہیں۔ غرض: ان حضرات نے کہا کہ عرش الٰہی پر جم کر بیٹھنا یا اللہ کی صفت ہے اور اللہ کی صفات غیب ہیں، لہٰذا اس کو پوری طرح سمجھے بغیر ماننا ضروری ہے، جیسے جنت کو پوری طرح سمجھے بغیر ماننا ضروری ہے، جہنم کو بغیر سمجھے ماننا ضروری ہے، تھوڑا بہت تو سمجھیں گے مگر مکمل نہیں سمجھیں گے، ایسے ہی اللہ کی صفات کو تھوڑا بہت تو سمجھیں گے مگر پوری کیفیت نہیں سمجھ سکتے، اس لئے پوری کیفیت سمجھے بغیر ماننا ضروری ہے۔ اور یہ جو تم پوچھ رہے ہو کہ اللہ کے عرش پر جم کر بیٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟ یہ سوال بدعت ہے، کیونکہ یہ آیتیں آج نہیں اتریں، اور کسی صحابی نے حضور سے نہیں پوچھا، پھر تم کیوں پوچھتے ہو؟ سب نے یہی جواب دیا ہے، اور یہی اصل سلفیت ہے۔

لیکن جب حنابلہ میں غلو پیدا ہوا، اور مسلمانوں کے لئے یہ سمجھنا مشکل ہو گیا کہ کا غذ



رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

علمی خطبات

حصہ اول

خطابات

حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ

شیخ الحدیث وصدر المدرسین دارالعلوم دیوبند

مرتب

محمد سعید پالن پوری

استاذ جامعۃ الانور دیوبند

ناشر

مکتبہ حجاز دیوبند

✱ صفات باری تعالی کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی ✱

(پارٹ 6)

اللہ پاک قیامت کے دن آئے گا یہ سلف صالحین کا مذہب ہے، موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کی عقلوں میں یہ بات نہیں آئی اس لیے انہوں نے اللہ کے قیامت کے دن آنے کا انکار کر دیا، انہوں نے اللہ کی ذات کو عقل سے ماپنا شروع کر دیا،

دو کتابوں کے سکین آپ کے سامنے ہیں ایک موجودہ بدعتی دیوبندی مولوی عبدالواحد کی کتاب ہے جس میں اس نے سلف صالحین کے عقائد کا رد کرنے کی کوشش کی ہے، دوسری کتاب دیوبندیہ کے امام اہل سنت سرفراز خان صفدر دیوبندی کی "ذخیرہ الجنان" ہے۔

❀ عبدالواحد دیوبندی لکھتا ہے:

"مذکورہ بالا باتوں سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالی فرشتوں کے جلو میں میدان محشر میں حساب کتاب کے لیے جلوہ فرما ہوں گے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی جو عرش اور غیر عرش سب سے بڑے ہیں اور جو سلفیوں کے بقول اپنی مخلوق سے مبائن ہیں، وہ اپنی ذات سمیت زمین پر اتر آئیں گے، یہ تو عالم میں حلول ہوا۔"

عبدالواحد دیوبندی کے مطابق اللہ پاک کا قیامت کے دن حساب کتاب کے لیے میدان محشر میں جلوہ فرما ہونا عالم میں حلول ہے،

❀ سرفراز خان صفدر دیوبندی صاحب کہتے ہیں:

"رب تعالی کے آنے کے بارے میں ایک مسلک متقدمین (سلف صالحین) کا ہے، ایک متاخرین کا ہے، تیسری صدی تک کے محدثین اور فقہاء متقدمین کہلاتے ہیں، اور تیسری صدی کے بعد کے محدثین وفقہاء متاخرین کہلاتے ہیں،

متقدمین کہتے ہیں، رب تعالی آئے گا جو اس کی شان کے لائق ہے، اور عدالت کے لیے جلوہ افروز ہو گا، ہمیں حقیقت (کیفیت) کا علم نہیں۔"

اپنا نظریہ بیان کرتے ہوئے سرفراز خان صفدر دیوبندی صاحب کہتے ہیں:

"جیسے قرآن میں ہے اللہ عرش پر مستوی ہے، کیسے ہے ہم کسی کے ساتھ تشبیہ نہیں دے سکتے جیسا اس کی شان کے لائق ہے ویسے عرش پر بیٹھا ہے، اسی طرح (قیامت کے دن) آنا جو اس کی شان کے لائق ہو گا۔"


سرفراز خان صفدر دیوبندی کے مطابق، قیامت کے دن میدان محشر میں اللہ تعالی کا عدالت یعنی حساب و کتاب کے لیے جلوہ افروز ہونا تیسری صدی تک کے تمام سلف صالحین کا مذہب ہے، جبکہ عبدالواحد دیوبندی کے مطابق اس سے حلول لازم آتا ہے، یعنی سلف صالحین حلول کے قائل تھے موجودہ دیوبندیہ بدعتیہ کے نزدیک۔


اس جاہل مولوی کو حلول کا ہی نہیں پتہ کہ حلول کسے کہتے ہیں، اس کے مولوی سے ہی دکھا دیتے ہیں کہ حلول کسے کہتے ہیں،

❀ الیاس گھمن حیاتی دیوبندی لکھتا ہے:

"دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ایک چیز کا وجود ختم ہو جائے "حلول" کہلاتا ہے جیسے شربت۔"

ہے تو یہ الیاس گھمن حیاتی بھی جاہل ہی لیکن جاہلوں کو جاہل کی ہی زبان ٹھیک طرح سے سمجھ آتی ہے، اب اس کا قائل تو کوئی بھی نہیں کہ قیامت کے دن آنے کی وجہ سے مخلوق اور خالق میں سے ایک کا وجود ختم ہو جائے گا اور نہ ہی ایسا ہو گا، تو پھر یہ حلول کیسے ہوا؟






اللہ تعالیٰ کا حرکت کرنا 151 صفات متشابہات اور سلفی عقائد

سلفیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ قیامت کے دن مخلوق میں فیصلہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ بذات خود فرشتوں کے جلو میں میدان حشر میں جلوہ فرما ہوں گے اور فیصلوں کے لیے زمین پر رکھے گئے عرش پر نزول اجلال فرمائیں گے۔

ہم کہتے ہیں

1- سلفیوں نے یہاں بھی ایک بڑی غلطی کی ہے۔ وہ یہ ہے کہ میدان حشر بھی اللہ کی مخلوق اور عالم کا ایک حصہ ہے جب کہ عرش الٰہی تو عالم کی آخری حد و انتہا ہے۔ مذکورہ بالا باتوں سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے جلو میں میدان حشر میں حساب کتاب کے لیے جلوہ فرما ہوں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جو عرش اور غیر عرش سب سے بڑے ہیں اور جو سلفیوں کے بقول اپنی مخلوق سے مبائن ہیں وہ اپنی ذات سمیت زمین پر اتر آئیں گے۔ یہ تو عالم میں حلول ہوا۔

2- پھر زمین پر جو عرش رکھا جائے گا وہ اصل عرش سے تو ظاہر ہے بہت چھوٹا ہوگا کیونکہ سلفیوں کے بقول قیامت کے دن زمین تو اللہ کی مٹھی میں ہوگی۔ تو اللہ تعالیٰ اپنی ذات سمیت اس انتہائی چھوٹے عرش پر جو شاید اصل عرش کے مقابلہ میں ایک ذرہ ہی ہوگا جب نزول اجلال فرمائیں گے تو کیا اس پر بیٹھیں گے اور فیصلے کریں گے۔ اگر اس پر بیٹھیں گے تو عقل سلیم کہتی ہے کہ ایک انتہائی بڑا حجم ایک ذرے پر نہیں سما سکتا۔ اور جو سلفی اس کے قائل ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس وقت اپنے عرش پر بیٹھے ہیں اور عرش کی چار انگل بھی باقی نہیں بچتی تو ان کے نزدیک کیا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس ذرے پر بیٹھیں گے؟



ذخیرة الجنان: عدد ۳۰ | ۲۱۵ | الفجر

زیادہ۔ حلال حرام کی تمیز نہیں کرتے۔ جائز طریقے سے مال آئے تو برا نہیں ہے۔ لیکن حلال حرام کی تمیز کے بغیر آئے گا تو وبال ہے۔ اور آج یہ تمیز بالکل اُٹھ گئی ہے۔ اس مقام پر اللہ تعالیٰ نے چار کوتاہیاں بیان فرمائی ہیں اور یہ اکثر ملکوں اور علاقوں میں پائی جاتی ہیں۔

فرمایا کَلَّآ خبردار! اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا جب زمین کو کوٹ دیا جائے گا کوٹ دیا جانا۔ کوٹ کوٹ کر ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا۔ یہ تمام پہاڑ اُٹھا دیئے جائیں گے، گڑھے پُر کر دیئے جائیں گے لَا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿طٰہٰ: ۱۰۷﴾ "اور نہیں دیکھے گا تو اس میں کوئی کجی اور نہ کوئی ٹیلا۔" زمین میں کوئی اونچ نیچ نہیں رہے گی اور نہ کوئی موڑ ہوگا صَفًّا صَفًّا بالکل ہموار ہوگی۔ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَ الْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا اور آئے گا آپ کا رب اور فرشتے صف بہ صف۔ رب تعالیٰ کے آنے کے بارے میں ایک مسلک متقدمین کا ہے اور ایک متاخرین کا ہے۔ تیسری صدی تک کے محدثین اور فقہاء متقدمین کہلاتے ہیں۔ اور تیسری صدی سے بعد کے جو فقہاء اور محدثین ہیں وہ متاخرین کہلاتے ہیں۔

متقدمین کہتے ہیں کہ رب تعالیٰ آئے گا جو اس کی شان کے لائق ہے۔ اور عدالت کے لیے جلوہ افروز ہوگا۔ ہمیں حقیقت کا علم نہیں ہے۔ مثلاً: قرآن کریم میں ہے اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى "رحمٰن عرش پر مستوی ہے۔" کیسے ہے؟ ہم کسی شے کے ساتھ تشبیہ نہیں دے سکتے کہ میں مصلے پر بیٹھا ہوں آپ حضرات دریوں پر بیٹھے ہیں، کوئی کرسی پر بیٹھتا ہے، ایسا نہیں ہے۔ جیسے اس کی شان کے لائق ہے بیٹھا ہے۔ اسی طرح آنا جو اس کی شان کے لائق ہوگا۔ ہم اس سے زیادہ نہیں جانتے اور نہ سمجھنے کے پابند ہیں۔

رمضان نہیں، اگر ہے تو بیت الخلاء میں بابرکت کیسے؟ تو اس کا یہ سوال لغو ہو گا کیونکہ جب رمضان کا جسم نہیں ہے تو ہر جگہ ماننے میں کوئی بے ادبی نہ ہو گی اور یہ ہر جگہ بابرکت ہو گا۔ اسی طرح جب اللہ کا جسم نہیں تو ہر جگہ ماننے میں بے ادبی نہیں۔

اعتراض نمبر2:

اگر اللہ تعالیٰ کو ہر جگہ مانیں تو اس سے حلول اور اتحاد لازم آئے گا۔

جواب: حلول اور اتحاد تب لازم آئے گا جب اللہ تعالیٰ کے لئے جسم مانا جائے' جبکہ اللہ تعالیٰ جسم سے پاک ہیں۔

فائدہ: دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ہر ایک کا وجود باقی رہے "اتحاد" کہلاتا ہے جیسے آملیٹ اور دو چیزوں کا اس طرح ایک ہونا کہ ایک چیز کا وجود ختم ہو جائے "حلول" کہلاتا ہے جیسے شربت۔

غیر مقلدین کے دلائل اور ان کے جوابات:

قرآنی آیات:

1: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْ

جواب نمبر1: اس کا معنی "عرش پر اللہ کا غالب ہونا"

بخاری: کتاب التوحید، باب وکان عرشہ علی الماء) نقل کیا ہے اور ع

بشر بن مروان کی مدح میں یہ شعر کہا تھا:

قَدِ اسْتَوٰى
مِنْ غَيْرِ

ترجمہ: بشر بن مروان نے بغیر جنگ اور خونریزی کے عراق پر

ایک اور شاعر نے کہا:

فَلَمَّا عَلَوْ
جَعَلْنَاهُمْ

ترجمہ: جب ہم ان پر چڑھ دوڑے اور ان پر غلبہ پالیا تو انہیں (

اشکال: اگر کوئی کہے کہ عرش کی کیا تخصیص ہے، جب کہ ا

جواب: عرش کائنات کا مکان آخر ہے تو مکان آخر تک غلبہ ہو تو وہ اپنی ملکیت اور مالی رتبہ بتانے کے لیے یہ کہے: "میرے ا لمیت نہیں۔

جواب نمبر2: اگر استویٰ علی العرش سے اللہ تعالیٰ کا "

تعارض لازم آتا ہے جن میں اللہ تعالیٰ کے فوق العرش ہونے کی بجائے فی السماء یا ہر جگہ ہونے کا ذکر موجود ہے جیسے:

"وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ" (سورۃ البقرۃ: 115)

القواعد فی العقائد

از افادات: متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

سرپرست: مرکز اہل السنۃ والجماعۃ، 87 جنوبی، لاہور روڈ، سرگودھا
بانی و امیر: عالمی اتحاد اہل السنۃ والجماعۃ
چیف ایگزیکٹو: احناف میڈیا سروسز
ناشر مین: احناف ٹرسٹ
www.ahnafmedia.com

✱ صفات باری تعالی کے مسئلہ میں دیوبندی مولویوں کی آپس میں لڑائی ✱

(پارٹ 7)

دیوبندیہ کے بدعتی مولویوں کے عقائد و نظریات پر تضاد کا سلسلہ جاری ہے، تین کتابوں کے سکین آپ کے سامنے ہیں دو اعجاز اشرفی دیوبندی کی کتابیں ہیں ایک عبدالشکور سالمی ماتریدی کی کتاب ہے،

اللہ پاک بذاتہ مخلوق سے جدا ہے یہ سلف صالحین کا عقیدہ تھا اور یہی اہل حدیث کا عقیدہ ہے ان دونوں باتوں کا اقرار دیوبندی مولویوں سے ملاحظہ فرمائیں اور اس عقیدے کا انکار بھی دیوبندی مولویوں سے ہی ملاحظہ فرمائیں،

❁ اعجاز اشرفی دیوبندی احمد رضا بجنوری دیوبندی کا بیان نقل کرتا ہے کہ احمد رضا بجنوری دیوبندی نے کہا:

"سلف کا عقیدہ تو اتنا تھا کہ اللہ تعالی کا وجود مخلوق سے بائن وجدا ہے باعتبار ذات وصفات کے۔"

احمد رضا بجنوری دیوبندی کے بیان سے معلوم ہوا کہ سلف صالحین کا عقیدہ یہ تھا کہ اللہ بذاتہ مخلوق سے جدا ہے۔

❁ اعجاز اشرفی دیوبندی خود لکھتا ہے:

"ایسا کہنا جائز نہیں کہ اللہ تعالی اپنی مخلوق سے جدا ہیں،

نواب صدیق حسن خان غیر مقلد کہتے ہیں:

کہ ہم یہ مانتے ہیں کہ وہ اپنی ذات کے اعتبار سے بالائے عرش مخلوق سے جدا اور جہاں سے الگ ہے،

تمام غیر مقلدین اسی عقیدے کے قائل ہیں۔"

رضا بجنوری دیوبندی کے مطابق سلف صالحین کا عقیدہ یہ تھا کہ اللہ تعالی بذاتہ مخلوق سے جدا ہے، اور اعجاز اشرفی دیوبندی کے مطابق تمام غیر مقلدین کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالی بذاتہ مخلوق سے جدا ہے،


اور اعجاز اشرفی دیوبندی کے نزدیک دیوبندیہ بدعتیہ کے مطابق ایسا کہنا جائز نہیں کہ اللہ اپنی مخلوق سے جدا ہے۔

❁ عبدالشکور سالمی ماتریدی کہتا ہے:

"اگر ہم کہیں کہ (اللہ) عالم سے مبائن و منفصل ہے تو بیونیت سے مراد قطع اور فصل ہے اور یہ واجب کرے گا تحدید کو اور محدود مقدور ہے اور مقدور صانع نہیں ہوتا، اس لیے ہم نے کہا کہ صانع عالم بلا اینیة و بلا کیف ہے"

عبدالشکور سالمی ماتریدی کے مطابق اللہ کو مخلوق سے جدا ماننا اللہ کو محدود کرنا لازم کرتا ہے،

تو یہ ہے بدعتیوں کے عقیدے اور سلف صالحین و اہل سنت و اہل حدیث کے عقیدے کا فرق و تضاد، اور سب کا اقرار بدعتیوں کی اپنی ہی زبانی۔



28 استواء علی العرش

استعمال کرتے ہوئے استواء علی العرش کو جلوس اور استقرار کے معنی میں لیا ہے۔ انہوں نے تشبیہ کے عقیدہ کو اپناتے ہوئے تنزیہ باری تعالیٰ کے عقیدہ کو ترک کر دیا ہے۔ انہوں نے اس عقیدہ کی مخالفت کی جس پر جناب رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین تھے۔ انہوں نے اجماع امت کے اس عقیدہ کہ اللہ تعالیٰ جلوس و استقرار سے منزہ اور مبرا ہیں، کی مخالفت کی۔ اس عقیدہ کو وہ عوام الناس میں پھیلا رہے ہیں اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ آیت قرآنی ان کی دلیل ہے۔

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی. (سورت طٰہٰ:۵)

ترجمہ وہ بڑی رحمت والا عرش پر استواء فرمائے ہوئے ہے۔

حالانکہ ان کا یہ دعویٰ باطل ہے۔ یہ توحید باری تعالیٰ کے بالکل خلاف ہے۔


حضرت مولانا سید احمد رضا بجنوری فرماتے ہیں:

چند روز قبل ایک قریبی بستی کے کچھ حنفی مسلما
جا کر غیر مقلد بن چکا ہے اور یہاں جب آتا ہے تو ا
نمازیں صحیح نہیں ہوتیں کیونکہ تم امام کے پیچھے سورت فاتح
دیوبند سے فتویٰ منگا لیا ہے کہ غیر مقلد امام کے پیچھے
والوں نے بھی ہماری نماز کو صحیح مان لیا ہے، مگر تمہاری نماز
وہ غیر مقلد صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ آپ
زیادہ صحیح ہے یا نہیں؟ میں نے کہا کہ نماز کا مسئلہ تو پھر
آپ پڑھتے ہیں وہ کہاں ہے؟ اور اس کے بارے میں
کہنے لگے کہ خدا تو عرش پر بیٹھا ہے اور ز
درمیان حائل ہے اور وہیں سے وہ ہم سب کو دیکھتا ہے۔
نہیں چاہیے۔ کیا اس کی مقدس ذات ہر جگہ اور غلیظ و گندی جگہوں پر بھی ہو سکتی ہے؟
میں نے کہا کہ یہی مغالطہ آپ کے بڑوں کو بھی ہوا ہے۔ سلف کا عقیدہ تو اتنا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا وجود مخلوق سے بائن اور جدا ہے باعتبار ذات وصفات کے۔ یہ لوگ یہ سمجھ گئے کہ مخلوق سے

2.7:۔ایسا کہنا جائز نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے جدا ہیں

نواب صدیق حسن خان غیر مقلد کہتے ہیں:
ہم یہ مانتے ہیں کہ وہ اپنی ذات پاک کے اعتبار سے بالائے عرش، مخلوق سے جدا اور جہان سے الگ ہے (مجموعہ رسائل عقیدہ ص ۱۳۳)
تمام غیر مقلدین اسی عقیدہ کے قائل ہیں۔

جواب اس بات پر تنبیہ کرنا ضروری ہے کہ ائمہ کرام کے ان اقوال کی کیا مراد ہے:
۱ بعض کا قول ہے: اللہ تعالیٰ مخلوق سے جدا ہے۔
۲ بعض کا قول ہے: اللہ تعالیٰ مخلوق سے جدا نہیں ہے۔
تو یہ اختلاف حقیقی نہیں ہے، بلکہ ...
تعالیٰ مخلوق سے مشابہ نہیں ہے اور
مخلوق سے جدا نہیں ہے" یہ ہے
کلام: "اللہ تعالیٰ مخلوق سے جدا ...
(جدائی) پر محمول کیا ہے جیسے ابن
ائمہ کرام کی طرف اس قول کو منسو...
سے اپنے آپ کو بچائے رکھنا چا...
حضرت امام نابلسیؒ فرماتے ہیں:




1 وَالْقَدِيمُ سُبْحَانَهُ عَالٍ عَلَى ...
عَنِ الْعَرْشِ، يُرِيدُ بِهِ ...
التَّبَاعُدِ، لِأَنَّ الْمُمَاسَّةَ وَا...
أَوْصَافِ الْأَجْسَامِ، وَاللّٰهُ ...
يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ، فَلَا ...
وَتَعَالَى.
2 وَلَيْسَتِ الْبَيْنُونَةُ بِالْعُزْلَةِ. تَعَالَى اللّٰهُ رَبُّنَا عَنِ الْحُلُولِ وَالْمُمَاسَّةِ عُلُوًّا

تمہید (ابوشکور سالمی) 114 اثباتِ صانع کا بیان

کر سکتے اور اصح یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صانع العالم ہے اور وہ نہ عالم میں ہے اور نہ عالم سے خارج ہے' اس لیے کہ اگر ہم کہیں کہ عالم میں ہے تو عالم سے چھوٹا ہو گا اور اس کا مکان وظرف میں ہونا لازم آئے گا تو یہ کفر ہے اور اگر ہم کہتے ہیں کہ وہ عالم سے خارج ہے' پھر سوال پیدا ہوا کہ متصل بالعالم ہے یا منفصل عن العالم؟ تو اگر پہلی شق پر بات کرتے ہیں اور اس کو متصل بالعالم مانتے ہیں تو وہ جنس عالم سے ہے اور وہ عالم ہوا اور عالم مع اجناس مصنوع ہوا' صانع نہ ہوا۔

اور اگر ہم کہیں کہ عالم سے مبائن و منفصل ہے تو بینونت سے مراد قطع اور فصل ہے اور یہ واجب کرے گا تحدید کو اور محدود مقدور ہے اور مقدور صانع نہیں ہوتا' اس لیے ہم نے کہا کہ صانعِ عالم بلا اینیۃ اور بلا کیفیت ہے۔

چھٹا قول



ماہ

جب تم کسی شئی کی پہچان کرنا چا
کی کیت (تعداد) وکیفیت کو دریافت کر
جل شانہٗ کی معرفت ان معانی کے بغیر
"ما" (کیا) اور "کیف" (کیسے)
(کس لیے) سے مستغنی اور بے نیاز

خدا بے نیاز ہے

دلیل: یہ جو ہم نے کہا کہ وہ "ھل" ما
یہ اس لیے کہ ہر حادث مصنوع ہے اور
ماہیت سے سوال کی احتیاج وہاں ہوتی
باوجود آیات کے بھی معلوم نہ ہو اور اللہ

✱ قرآن مخلوق ہے یا غیر مخلوق ✱

دیوبندیہ بدعتیہ کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ جو ہمارے گھروں میں قرآن موجود ہے یہ مخلوق ہے، تفصیل اس کی اس طرح ہے کہ ان بدعتیوں کے نزدیک اللہ کا کلام حرف وصوت والا نہیں ہو سکتا، یعنی اللہ کا کلام الفاظ اور سنی جانے والی آواز میں نہیں ہو سکتا، اس لیے جو کلام حروف اور آواز والا ہے وہ مخلوق ہے اس لیے مسلمانوں کے گھروں میں موجود قرآن بدعتیوں کے نزدیک مخلوق ہے، اس کے لیے ان بدعتیوں نے کلام نفسی اور کلام لفظی کی اصطلاح ایجاد کیں ہیں، کہ کلام نفسی قدیم ہے اور قرآن لفظی حادث، لہذا حادث کا قیام اللہ کی ذات کے ساتھ ممتنع ہے۔

❁ بدعتیوں کا امام تفتازانی جس کی کتاب "شرح عقائد نسفیہ" دیوبندیہ بریلویہ کے مدارس میں پڑھائی جاتی ہے، وہ لکھتے ہیں:

"ہمارے مشائخ کا کہنا یہ ہے کہ قرآن اللہ کا کلام غیر مخلوق ہے، یہ جملہ کہنا چاہیے اور یہ نہیں کہنا چاہیے کہ 'قرآن غیر مخلوق' ہے تاکہ ذہن میں یہ بات نہ آجائے کہ اصوات و حروف سے تالیف شدہ نظم بھی قدیم ہے جیسا کہ حنابلہ نے جہالت اور عناد کی وجہ سے یہ موقف اختیار کیا ہے۔"

❁ "شرح المقاصد" میں یہی تفتازانی صاحب لکھتے ہیں:

إن معنى المتكلم من قام به الكلام، والمنتظم من الحروف حادث يمتنع قيامه بذات لله تعالىٰ.

"متکلم کا معنی ہے جس کے ساتھ کلام قائم ہو اور جو کلام حروف سے پرو دیا گیا ہو تو وہ حادث ہوتا ہے اور حادث کا اللہ کی ذات کے ساتھ قیام ممتنع ہے"

❁ "شرح عقائدِ نسفیہ" میں لکھتے ہے:

(أزلية) ضرورة امتناع قيام الحوادث بذاته.

"(صفتِ کلام) آزلی ہے اور اس کو ازلی اس ضرورت کے تحت کہا گیا ہے کہ اللہ کی ذات کے ساتھ حوادث کا قیام ممتنع ہے۔"

ان عبارات کا مطلب وہی ہے جس کی تفصیل اوپر بیان کر دی ہے میں نے۔

❀ دوسرا بدعتیوں کا عصر حاضر کا امام جو کہ بہت بڑا کذاب بھی ہے زاہد کوثری مجنون ابی حنیفہ لکھتا ہے:

"اور واقعی یہ ہے کہ لوح محفوظ، زبان جبریل علیہ السلام زبان نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام تلاوت قرآن کرنے والوں کی زبانوں، دلوں اور تختیوں پر قرآن مخلوق حادث ہے جو کہ ضروریات (بدیہی حقیقتوں) کا مسئلہ ہے۔ جو شخص اس کا انکار کرتا ہے تو وہ بدیہات کا منکر اور وہمیات کا قائل ہے، وہ اُس مرتبے سے ساقط ہے کہ اُس سے گفتگو کی جائے۔ قدیم تو وہ معنی ہے جو اللہ سبحانہ کے ساتھ قائم ہے۔"

❀ الیاس گھمن حیاتی دیوبندی لکھتا ہے:

"کلام اللہ تعالی کی وہ صفت ہے جو الفاظ و حروف سے مرکب نہیں بلکہ وہ اللہ تعالی کے ساتھ ازل سے قائم ہے جسے کلام نفسی کہتے ہیں۔"

ان بدعتیوں کا عقیدہ ان کی عقائد کی کتب سے آپ نے ملاحظہ فرمالیا کہ قرآن حروف وصوت کے ساتھ مخلوق ہے اللہ کا کلام نہیں، اس لیے یہ بدعتی اللہ کے موسی علیہ السلام کے ساتھ ہمکلام ہونے کے منکر ہیں ان کا عقیدہ ہے کہ اللہ پاک نے جو موسی علیہ السلام سے کلام کیا وہ حروف اور آواز کے ساتھ نہیں تھا، ان بدعتیوں کے اللہ پاک نے گونگا مانا ہوا ہے۔

اب ان بدعتیوں کا رد ملاحظہ فرمائیں،

پہلا سوال تو ہمارا ان سے یہ ہے کہ قرآن میں موجود الفاظ اگر اللہ کے نہیں تو کس کے ہیں؟

اس مختصر اور سادہ سوال کا کوئی معقول جواب کسی بدعتی کے پاس نہیں،

قرآن کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں جیسا کہ حدیث رسول ہے تو یہ ایک حرف پر دس نیکیاں تبھی ملتی ہیں جب یہ اللہ کا کلام ہے،

❁ قرآن کے الفاظ کو مخلوق کہنے والوں کے بارے میں امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ جو مسئلہ خلق قرآن میں اتھارٹی سمجھے جاتے ہیں ان کا فتوی ہے،

"جو شخص لفظي بالقرآن مخلوق (قرآن کے ساتھ میر الفظ مخلوق ہے) کا دعویٰ کرے تو وہ جہمی ہے۔"

❁ اسی طرح امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے قرآن کے الفاظ کو مخلوق کہنے والو کے بارے فرمایا:

"اس کے پیچھے نماز نہیں پڑھنی چاہیے اور اس کے پاس نہیں بیٹھنا چاہیے، اس سے کلام نہیں کرنا چاہیے اور اسے سلام نہیں کرنا چاہیے۔"

❁ دلائل سے اس کا رد کرتے ہوئے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"اللہ تعالی کا فرمان ہے:

أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ -

"وہی پیدا کرتا ہے اور حکم بھی اسی کا چلتا ہے۔"

[الاعراف، آیت:54]

اس آیت میں اللہ تعالی نے "خلق" اور "امر" کے درمیان فرق کیا ہے،

فرمایا:

فرمانِ باری تعالی:

أَتَى أَمْرُ اللَّهِ...

"اللہ تعالی کا حکم آگیا۔"

[النحل، آیت:1]

لہذا اللہ کا حکم اللہ کا کلام ہے جو کہ قدرت سمیت مخلوق نہیں ہے، تم کتاب اللہ کے حصوں کو ایک دوسرے سے متصادم مت سمجھو۔"

امام احمد بن حنبل فرما رہے ہیں کہ ان آیات کے مطابق اللہ کا حکم الگ ہے جو قرآن میں ہے اور اللہ کی تخلیق یعنی مخلوق الگ ہے، جو کہ اس کی دلیل ہے کہ قرآن مخلوق نہیں۔

❁ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے استاد سفیان بن عیینہ ہلالی رحمہ اللہ نے ان آیات کو اسی مسئلے کی دلیل بنایا ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

"فرمانِ باری تعالی:

أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ -

[الاعراف، آیت:54]

اس آیت میں "خلق" سے مراد اللہ تعالی کی مخلوقات ہیں، اور "امر" سے مراد قرآن کریم ہے۔"

❁ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ہاں! تیرے رب نے موسی علیہ السلام کے ساتھ صوت (سُنی جانے والی آواز) کے ساتھ کلام فرمایا۔"

مزید فرماتے ہیں:

"یہ موسی علیہ السلام کا قصہ پڑھیں، اللہ تعالی نے قرآن مجید میں اپنے ہی بارے میں فرمایا:

وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسَى -

اور اللہ تعالی نے موسی سے کلام کیا۔

تو یہاں پر اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام کے ساتھ محو گفتگو ہونے کا ذکر کیا ہے اور اس میں موسی علیہ السلام کی شان بھی عیاں فرمائی، پھر ساتھ ہی یہ لفظ بھی ذکر کیا:

تَكْلِيْمًا -

جو کہ مفعول مطلق ہے، اور صفت کلام کی تاکید کیلیے لایا گیا، پھر اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام کو مزید فرمایا:

إِنَّنِيْ أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا -

بیشک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود برحق کوئی نہیں ہے۔

لیکن تم اس کا انکار کرتے ہو، چنانچہ اس طرح تو "إِنَّنِيْ" کی یائے متکلم کا مرجع غیر اللہ بنے گا، جس کا معنی یہ ہوگا کہ کوئی مخلوق ربوبیت کا دعوی کررہی ہے؟! لیکن حقیقت میں ایسا کچھ نہیں ہے بلکہ اللہ تعالی ہی پروردگار ہے۔"

❁ امام جوینی رحمہ اللہ متوفی 438ھ اپنی اللہ کے عرش پر استواء کے اثبات پر لکھی کتاب میں فرماتے ہیں:

"اور تحقیق یہ ہے کہ بے شک اللہ تعالی نے حروف کے ساتھ کلام فرمایا جیسا کہ اس کے جلال اور عظمت کے لائق ہے، کیونکہ وہ قادر ہے اور قادر مطلق کو اعضاء اور حلق کے کوے کی حاجت نہیں ہوتی اور اسی طرح اُس (کے کلام) کی سُنی جانے والی آواز ہے جیسا کہ اُس کے لائق ہے اور یہ مقدس آواز حلق اور نرخرے کی محتاج نہیں، اللہ تعالی کا کلام ہے جیسا کہ اُس کے لائق ہے اور اس (کلام) کی آواز ہے جیسا کہ اُس کے لائق ہے۔ ہم اللہ سبحانہ کے کلام سے حرف و صوت کی نفی (انکار) اس وجہ سے نہیں کرتے کہ ہم اعضاء اور حلق کے کوؤں کے محتاج ہیں (بلکہ ان صفات کا اقرار کرتے ہیں) کیونکہ حق تعالی کی جناب (ذات) ان چیزوں کی محتاج نہیں ہے اور یہ وہ بات ہے جس پر شرح صدر ہوتا ہے اور تعسف و تکلف سے (دور رہ کر) انسان کو آرام پہنچتا ہے۔۔۔"

بدعتیوں نے اللہ کے کلام میں حروف اور آواز کا اس لیے انکار کیا کہ اس کے لیے حلق نرخرے کی ضرورت ہے جس سے آواز پیدا ہوتی اور حروف مرکب پاتے ہیں اس لیے اللہ کے لیے حلق اور نرخرہ جیسے اعضاء بھی ماننے پڑے گے اس لیے بدعتیوں نے اللہ کے کلام کے حرف اور آواز کا انکار کردیا، حالانکہ ان جاہلوں کو یہ علم نہیں کہ اللہ اس کا محتاج نہیں یہ تو مخلوق میں بھی وصف پیدا ہوا ہے وہ تو پھر بھی قادر مطلق ہے،

❁ جیسا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

"میں اس پتھر کو جانتا ہوں جو مجھے سلام کرتا تھا۔"

اسی طرح جب یہودیہ عورت نے رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو کھانے میں زہر ملا کر دیا تو اس لقمے سے آواز آئی کے میرے اندر زہر ہے،

اسی طرح قیامت کے دن اللہ لوگو کی زبانیں بند کر دے گا اور ان کے ہاتھ پیر اور گوشت بول کر گواہی دیں گے،

یہ سب بغیر ان اعضاء کے بولے ہیں جن سے حروف اور آواز بنتی ہے،

تو یہ بدعتیوں کی جہالت ہی ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ کے کلام کے حروف اور آواز مانی تو پھر وہ اعضاء بھی ماننے پڑیں گے جن سے آواز اور الفاظ بنتے ہیں۔

❁ امام ابو نصر السجزی رحمہ اللہ متوفی 444ھ اللہ کے کلام کے حروف اور آواز کے منکروں کے رد پر رسالہ لکھا ہے جس کا سکین پوسٹ میں ہے، انہوں نے فرمایا ہے:

"اللہ کے کلام کے حروف اور آواز ہیں یہ سلف صالحین کا مذہب ہے، اور جو اس کی نفی کرتے ہیں وہ بدعتی ہیں۔"

❁ امام السجزی مزید فرماتے ہیں:

"قرآن عربی حروف ہیں۔۔۔ اور اللہ کی صوت (آواز) میں مخلوق سے کوئی تشبیہ نہیں ہے جس طرح کہ اُس کی صفت کلام مخلوق سے مشابہ نہیں ہے۔

"كلام الله حرفٌ وصوتٌ بحكم النص"

اور ہم تو یہ کہتے ہیں کہ اللہ کا کلام حرف اور صورت (آواز) ہے جیسا کہ نص سے ثابت ہے۔"

❁ امام سفیان بن سعید الثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ اللَّهُ الصَّمَدُ کو مخلوق کہنے والا کافر ہے"

قرآن میں مجید میں اللہ تعالی کے جو نام ذکر ہوئے ہیں مثال کے طور پر "اللہ، الرحمٰن، الرحیم، العلیم، الغفور، الکریم۔۔۔" دیگر اسماء بھی اللہ تعالی کے نام ہیں، اور یہ اللہ تعالی کے کلام سے تعلق رکھتے ہیں، کیونکہ اللہ تعالی اپنے یہ نام الفاظ و معانی سمیت خود ہی لکھے ہیں۔

اللہ تعالی نے اپنی ذات کی تسبیح اور اللہ تعالی کے ناموں کی تسبیح میں یکسانیت بھی قرار دی ہے، جیسے کہ فرمایا:

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى -

اپنے بلند و بالا پروردگار کے نام کی تسبیح بیان کریں۔

[الاعلی،آیت:1]

اسی طرح اللہ تعالی کی ذات سے مانگنا یااللہ تعالی کے اسماسے مانگنے کو بھی یکساں قرار دیااور فرمایا:

وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى فَادْعُوهُ بِهَا -

اور اللہ تعالی کے اچھے اچھے نام ہیں ان کے ذریعے اللہ سے مانگو۔

[الاعراف،آیت:180]

اسی طرح اللہ تعالی کی ذات کاذکر کرنا یااللہ تعالی کے اسماء کاذکر کرنا بھی یکساں قرار دیااور فرمایا:

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا -

اپنے رب کے نام کاذکر صبح و شام کریں۔

[الإنسان،آیت:25]

اگر مذکورہ بالا تسبیح، دعااور ذکر کسی مخلوق کیلیے ہوتی تو یہ اللہ کے ساتھ شرک ہوتا۔

اور اگر یہ کہا جائے کہ "قرآن کے الفاظ مخلوق ہیں"

تو اللہ تعالی کے اسمائے گرامی بھی مخلوق کے دائرے میں آئیں گے اور ان سے مانگنے اور تسبیح کرنے والا کافر شمار ہو گا، کیونکہ اس کا مطلب یہ بنتا ہے کہ اللہ تعالی کے اسمائے حسنی کلام الہی کی تخلیق سے پہلے تھے ہی نہیں، اللہ تعالی کے کسی بھی نام کی قسم اٹھانے والا مشرک متصور ہوتا؛ کیونکہ وہ مخلوق کی قسم اٹھا رہا ہے، جبکہ مخلوق اور خالق ایک نہیں ہیں،

❀ رسول پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

"فَيُنَادَى بِصَوْتٍ: إِنّ اللّهَ يَأْمُرُكَ....."

پھر وہ(اللہ)صوت(آواز)سے ندافرمائے گا: بے شک اللہ تجھے حکم دیتا ہے۔۔۔

[صحیح بخاری]

امام بخاری رحمہ اللہ اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں:

"وَفِي هَذَا دَلِيلٌ أَنَّ صَوْتَ اللّهِ لا يشبه أَصْوَاتَ الْخَلْقِ".....

"اور اس میں دلیل ہے کہ اللہ کی آواز (صوت) مخلوق کی آوازوں سے مشابہ نہیں ہے۔"

انہی عقلی و نقلی دلائل پر اکتفا کرتا ہوں اس پر بے شمار دلائل ہیں جنھوں طوالت کے باعث نقل نہیں کیا جا سکتا، ان بدعتیوں کے رد پر عقلی اور نقلی دلائل سے مزین اس کتاب "العقیدۃ السلفیہ فی کلام رب البریہ و کشف اباطیل المبتدعۃ الردیہ" کی طرف رجوع کریں۔


رسالة في إثبات الاستواء والفوقية ٧٨

والحنجرة عملوا في هذا من التخبط كما عملوا فيما تقدم من الصفات.


والتحقيق هو أن الله تعالى قد تكلم بالحروف كما يليق بجلاله وعظمته فإنه قادر والقادر لا يحتاج إلى جوارح، ولا إلى لهوات، وكذلك له صوت كما يليق به، يسمع ولا يفتقر ذلك الصوت المقدس إلى الحلق والحنجرة كلام الله تعالى كما يليق به، وصوته كما يليق به، ولا نفي الحرف ولا[1] الصوت عن كلامه سبحانه لافتقارهما منا إلى الجوارح واللهوات، فإنهما من جناب الحق تعالى لا يفتقران إلى ذلك، وهذا ينشرح الصدر له ويستريح الإنسان به من التعسف والتكلف بقوله هذا عبارة عن ذلك[2].


فإن قيل فهذا الذي يقرأه القارىء هو عين قراءة الله تعالى وعين تكلمه هو، قلنا: لا، بل القارىء يؤدي كلام الله تعالى، والكلام إنما ينسب إلى من قاله مبتدئاً لا إلى من قاله مؤدياً مبلغاً، ولفظ القارىء في غير/ القرآن مخلوق وفي القرآن لا يتميز اللفظ المؤدي عن الكلام المؤدي عنه، ولهذا منع السلف عن قول لفظي بالقرآن[3] مخلوق لأنه لا يتميز كما منعوا عن قول

(١) (لا) ليست في (ط).

(٢) ينتفي شبهة القائلين إن إثبات الكلام يؤدي إلى الجوارح واللهوات، إذا قلنا إن لله كلاماً يليق بذاته؛ لأن المخلوقات يُنطقها الله دون أن تحتاج إلى اللهوات، ولا إلى الصوت الصاعد من الرئة، المعتمد على مقاطع الحروف، قال تعالى: ﴿اليوم نختم على أفواههم وتكلمنا أيديهم وتشهد أرجلهم﴾. [يس: ٦٥]. وقوله تعالى: ﴿وقالوا لجلودهم لما شهدتم علينا قالوا أنطقنا الله الذي أنطق كل شيء﴾. [فصلت: ٢١]. ومن ذلك أيضاً تسبيح جميع ما في الكون حتى الجمادات ﴿وإن من شيء إلا يسبح بحمده ولكن لا تفقهون تسبيحهم﴾. [الإسراء: ٤٤]. وثبت في الأثر تسبيح الطعام بين يدي رسول الله ﷺ، وحنين الجذع مشهور. أقول: إذا كانت هذه المخلوقات لا تحتاج إلى ما ذكروه من شبهة فكيف يحتاج إليها الخالق ـ عز وجل ـ تعالى الله عما يقولون علواً كبيراً.

(٣) راجع (السنة) لعبدالله بن أحمد: ١/ ١٦٣ ـ ١٦٦. و(شرح أصول اعتقاد أهل السنة): =





٦٧

والقرءانُ كلامُ الله تعالى غيرُ مخلوقٍ،

فإن قيل: الأمر والنهي بلا مأمور ولا منهي سفه وعبث، والإخبار في الأزل بطريق المضي كذب محض يجب تنزيه الله تعالى عنه.

قلنا: إن لم يجعل كلامه في الأزل أمراً ونهياً وخبراً فلا إشكال، وإن جعلناه فالأمر في الأزل لإيجاب تحصيل المأمور في علم الآمر، كما إذا قدر الرجل ابناً له فأمره بأن يفعل كذا بعد الوجود.

والإخبار بالنسبة إلى الأزل لا يتصف بشيء من الأزمنة، إذ لا ماضي ولا مستقبل ولا حال بالنسبة إلى الله تعالى؛ لتنزيهه عن الزمان، كما أن علمه أزلي لا يتغير بتغير الأزمان.

ولما صرح بأزلية الكلام حاول التنبيه على أنّ القرآن أيضاً قد يطلق على هذا الكلام النفسي القديم كما يطلق على النظم المتلو الحادث، فقال: (**والقرآن كلام الله تعالى غير مخلوق**) وعقّب القرآن بـ«كلام الله» لما ذكره المشايخ من أنه يقال: «القرآن كلام الله تعالى غير مخلوق»، ولا يقال: «القرآن غير مخلوق»؛ لئلا يسبق إلى الفهم أنّ المؤلف من الأصوات والحروف قديم كما ذهب إليه الحنابلة جهلاً أو عناداً.

وأقام «غير المخلوق» مقام «غير الحادث» تنبيهاً على اتحادهما، وقصداً إلى جري الكلام على وفق الحديث، حيث قال صلى الله عليه وسلم: «**القرآن كلام الله تعالى غير مخلوق، ومن قال: إنه مخلوق فهو كافر بالله العظيم**»[1].

(١) أخرجه ابن عدي في «الكامل» من حديث أبي هريرة – رضي الله عنه –، ورواه ابن الجوزي في «الموضوعات»، ورواه الدَّيْلَمي، قال الصغاني: «هو موضوع»، وقال السخاوي: «هذا الحديث من جميع طرقه باطل»، نقله ابن الدَّيبع في «التمييز».

مسائل

الإمام أحمد بن حنبل

رواية

إسحاق بن إبراهيم بن هانئ النيسابوري

المتوفى ٢٧٥

غادرت بغداد وما فيها
أتقى ولا أفقه ولا أعلم
من: أحمد بن حنبل
الإمام الشافعي

تحقيق

زهير الشاويش

الجزء الثاني

المكتب الإسلامي

قال : يأخذ من طولها ومن تحت حلقه .

ورأيت أبا عبد الله يأخذ من عارضيه ومن تحت حلقه .

١٨٤٩ سمعت أبا عبد الله يقول : ما أزهد أصحابنا ـ يعني المحدثين ـ في الخضاب .

ثم قال : ما أدركت أحداً من أصحابنا ، إلا وهم يخضبون ، إلا سفيان ابن عيينة ، ووكيع ، ومعاذ بن معاذ .

ثم قال : كان جرير بن عبد الحميد ، وحفص بن غياث ، وأبو بكر ابن عياش ، والكوفيون ، كلهم يخضبون .

ثم قال : والبصريون كلهم ، إلا القليل .

باب السنة والرد على أهل الأهواء

١٨٥٠ سمعت أبا عبد الله يقول : من لم يؤمن بالرؤية فهو جهمي ، والجهمي كافر .

١٨٥١ وسئل عمّن يقول : لفظي بالقرآن مخلوق ، أيصلّى خلفه ؟ قال : لا يصلّى خلفه ، ولا يجالس ، ولا يكلم ، ولا يسلّم عليه .

١٨٥٢ وسمعته يقول : الجهمية قوم سوء .

١٨٥٣ وسمعت أبا عبد الله يقول : من زعم أن لفظي بالقرآن مخلوق فهو جهمي [1] .

(١) جهم بن صفوان السمرقندي ، الضال المبتدع ، هلك في زمان صغار التابعين ١٢٨ سنة ، وهو رأس ، الجهمية ، وانظر في تفصيل حالهم كتاب ، الرد على الجهمية ، تأليف الإمام عثمان بن سعيد الدارمي الشافعي ، طبع المكتب الإسلامي .

١٥٢

كتاب السنة

للإمام أبي عبد الرحمن
عبد الله بن إمام أهل السنة أحمد بن محمد بن حنبل الشيباني
٢١٣ - ٢٩٠هـ

تحقيق ودراسة
الدكتور محمد بن سعيد بن سالم القحطاني
جامعة أم القرى - كلية الدعوة وأصول الدين
قسم العقيدة

المجلد الأول

دار ابن القيم

٥٢٨ ـ حدثني مهنا أبو عبد الله السلمي، سمعت يزيد بن هارون يقول ان كان ما يذكر عن بشر المريسي حقا حل سفك دمه(١).

٥٢٩ ـ حدثني مهنا أبو عبد الله السلمي قال: سألت احمد بن حنبل بعد ما أخرج من السجن بسنتين: ما تقول في القرآن؟ فقال: كلام الله غير مخلوق. وقال من روى عني غير هذا القول فهو مبطل(٢)، قلت له أن بعض من ذكر عنك أنك قلت له: هو كلام الله لا مخلوق ولا غير مخلوق ولكن هو كلام الله (فقال احمد أبطل ما قلت هذا، ولكنه هو كلام الله غير مخلوق)(٣).

١/٣٣ ٥٣٠ ـ حدثني أبو عبد الله / قال: سألت حارثاً البقال: ما تقول في القرآن؟ فقال: القرآن كلام الله عز وجل لا أقول غير هذا، فقلت له: إن أبا عبد الله احمد بن حنبل يقول: هو كلام الله غير مخلوق، فقال لي إن أبا عبد الله ثقة عدل.

سئل عما جحدته الجهمية الضلال
من كلام رب العالمين عز وجل

٥٣١ ـ حدثني أبي رحمه الله، سمعت عبد الرحمن بن مهدي يقول: من زعم أن الله عز وجل لم يكلم موسى صلوات الله عليه يستتاب فان تاب والا ضربت عنقه.

٥٣٢ ـ حدثني أبي رحمه الله، نا سريج بن النعمان، نا عبد الله بن نافع قال: كان مالك بن أنس يقول: الايمان قول وعمل، ويقول كلم الله موسى. وقال مالك: الله في السماء وعلمه في كل مكان لا يخلو منه شيء.

٥٣٣ ـ سألت أبي رحمه الله عن قوم يقولون: لما كلم الله عز وجل موسى لم يتكلم بصوت. فقال أبي: بلى إن ربك عز وجل تكلم بصوت، هذه الأحاديث نرويها كما جاءت.

(١) ذكر الدارمي عن يزيد بن هارون قوله: حرضت غير مرة أهل بغداد على قتل المريسي. انظر الرد على الجهمية (ص ١١١).
(٢) في نسخة أوردت العبارة هكذا: فهو كافر مبطل. ا. هـ وفي صحتها نظر.
(٣) من ب.

(٥٣٠) حارث البقال: لم أعثر له على ترجمة.
(٥٣١) تقدم هذا الأثر بسنده ومتنه في (٤٤).
(٥٣٢) تقدم هذا الأثر في (١١)، (٢١٣).

المملكة العربية السعودية
الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة
المجلس العلمي
مركز البحث العلمي وإحياء التراث الإسلامي
٢٦

رسالة السجزي إلى أهل زبيد في الرد على من أنكر الحرف والصوت

تأليف
الشيخ الإمام الحافظ
أبي نصر عبيد الله بن سعيد بن حاتم الوائلي السجزي
(٤٤٤هـ)
تحقيق ودراسة
محمد باكريم باعبد الله

الطبعة الأولى
١٤١٣هـ

وقال عبد الله بن أحمد بن حنبل في كتاب «الرد على الجهمية»(١): سألت أبي فقلت: إن قوما يزعمون أن الله لا يتكلم بصوت فقال أبي: بل إن الله سبحانه يتكلم بصوت وإنما (ينكر)(٢) هذا الجهمية، وإنما يدورون على التعطيل(٣). واحتج بحديث عبد الرحمن بن محمد المحاربي الذي سقناه(٤).

فقول خصومنا: إن أحداً لم يقل إن القرآن(٥) كلام الله حرف وصوت كذب وزور، بل السلف كلهم كانوا قائلين بذلك، وإذا أوردنا فيه المسند وقول الصحابة من غير مخالفة وقعت / بينهم في ذلك صار كالإجماع. (٣٦ ب)

